پڑھ لونگا جو قرآن سے میں سورۂ زمر آج

جو نیکی تجھے کرنی ہو اے نفس تو کرلے
یہ جان لے فردا کی نہیں تجھکو خبر آج

اب قبر میں چکھینگے وہی تلخی بڑی سے
بی رنج جو کھاتے ہیں یہاں قند و شکر آج

کل چین سے سووینگے وہی قبر میں جاکر
جو بہر خدا باندھے ہیں مضبوط کمر آج

جو ظلم میں مصروف ہیں اور حق سے ہیں غافل
موجود ہے اونکے لیئے دنیا میں سقر آج

جو ہو سکے تجھ سے تو ابھی نیکی کو کرلے
بیشک نہیں رکھتا ہے کوئی کل کی خبر آج

کل میوۂ جنت کو وہی کھاوینگے بلاشک
محنت سے کیا کرتے ہیں جو عمر بسر آج

ایکدم بھی خدا سے نہو غافل تو ستمگر
جو حشر کی کانوں میں نہ ہے پہونچی خبر آج

کل صور کی دہشت سے وہ کانپینگے بہت سخت
جو مغروری سے اکڑے ہوئے پھرتے ہیں بشر آج

جاویگی نکل اونکی اکڑ قبر میں جاکر
جو تجھ سے باندھی ہوئی پھرتے ہیں سپر آج

بی رنج و مشقت کے جو اب کھاتی ہیں روزی
محنت کی نہیں اٹھتے ہیں [illegible] آج

اے میرے خدا صدق کو آفت سے بچالو
ہے تجھ سے مناجات یہی وقت سحر آج

زیارت ہو مجھے خواب میں جنت کی اگر آج
رہوے نہ تجھے قبر و قیامت سے خطر آج

محشر میں وہ ہووینگے نشان سبز کے نیچے
ایمان جو لائے ہیں محمد پہ بشر آج

ہے ہول قیامت نہ اونہیں قبر کی دہشت
جو صل علیٰ پڑھتے ہیں احمد پہ بشر آج

جو کمٹ پہ طون آنکھیں بڑی ہے پہ بہنا
دیکھوں جو کہیں خواب میں روضہ کو اگر آج

فردوس میں چکھینگے وہی چاشنی جاکر
جو لذت دنیا پہ نہیں کرتے نظر آج

کل چین سے جنت میں وہی عیش کرینگے
دنیا کی مصیبت کو جو سہتے ہیں بشر آج

عقبیٰ میں اوڑاوینگے وہی چین بلاشک
تنگی سے کیا کرتے ہیں جو عمر بسر آج

کل قبر سے اوٹھینگا وہی چاند سی صورت
دل صدق سے جو شخص پڑھے سورۂ قمر آج

کہیو کہ بہت صدق کا ہے حال پریشان
اے خضر جو ہو روضۂ انور پہ گذر آج ؂

ردیف حرف چ یعنے جیم فارسی

دنیا کے رہنے والونکو ہے صبح شام کوچ
یہہ خاص کوچ ہے نہیں بلکہ عوام کوچ

یہہ دنیا ایک سرا ہے یہان رہنا ہی نہین
آتا ہے رہنے والونکو ہردم پیام کوچ

یہہ ہی جہان اوترے مسافر کے واسطے
گر صبح یان پہ ٹہرا تو ہے وقت شام کوچ

جو نفس کش ہین اور وہ کرتے ہین ذکر حق
رہنا ہی اونکی واسطے بیشک دوام کوچ

ہر سانس ایکدم ہین کرے منزلونکو طے
اسکے لیئے تو رہنا ہے تن ہین مدام کوچ

بدبخت وہ ہے جو کہ جہنم کی رہ چلے
وہ خوش وضع ہی جسکا ہو دار السلام کوچ

کافر جو جاوی دنیا سے کم بختی ہین پڑے
ابرارون کے لیئے ہے یہہ عالی مقام کوچ

ماکے بغیر حکم جو کوئی سفر کرے
اوسکے لیئے خدا نے کیا ہی حرام کوچ

اے صدق ایک فرشتہ پکارے ہے رات دن
عالم کے رہنے والو تمہین ہے مدام کوچ

ردیف حرف ح یعنے حاء حطی

پڑہ دل سے اب تو احمد مختار کی مدح
رب خود کرے ہی سید ابرار کی مدح

جھکتے ہین اوسکے در پہ سبہی شاہ او گدا
کب کر سکیگا اوسکے تو دربار کی مدح

دیکھینگی اور سنینگی سبہی خلق تو وہان
محشر مین ہوگی شافع ابرار کی مدح

ممکن نہین فرشتون سے ہرگز شمار سول
انسان سے کیا ہو احمد مختار کی مدح

خالی نہین ہی کوئی چرند و پرند بہین
کرتے ہین رات دن شہ ابرار کی مدح

بی فائدہ تو صدق نہ پہر تو زمانہ مین
ہر روز ذکر کر شہ ابرار کی مدح ؂

دنیا ہمین بلاوے ہی مکار کی طرح
ابلیس ہمکو دیکہے ہے خونخوار کی طرح

عشق رسول سے ہوئین بیمار کی طرح
خاموش بیٹھا رہتا ہون دیوار کیطرح

عزت سے بیٹھے ہونگے قیامت میں انبیا
ہوگا نہ کوئی شافع ابرار کیطرح

فرقت سے غم سے ہجر سے ای شاہ کائنات
لاغر بدن ہوا ہے میرا خار کی طرح

آئین قدم جو آپ کے ہیں تاج افسری
رکھ لونگا اپنے سر پہ میں دستار کیطرح

کیا عرض عشق سے کروں ای شاہ دوسرا
پھولے ہیں داغ دل میری گلزار کیطرح

ہو شکر کس زبان سے خدائی کریم کا
عالم میں زندہ ہوں گل بی خار کیطرح

عقبے کماکے وہی تو عالم سے لے گئے
دنیا کو جو دیکھے ہیں مردار کی طرح

جو مر گئے ہیں دنیا سے عشق رسول میں
دیکھینگے اپنی قبر وہ گلزار کی طرح

للہ اب بلائیے طیبہ میں یا رسول
فرقت سے روتا ہوں میں دل زار کی طرح

اس خوبی اس صفت کا نہ پیدا ہوا بشر
کیا خوشنما تھا چہرہ گلنار کیطرح

دل کو شاد ہووےگا یارب مدینہ میں
جاؤں میں ہند چھوڑ کے زوار کیطرح

دنیا کے سب بکھیڑوں سے ادریس جو الگ ہے
گوشہ میں بیٹھا رہتا ہوں عیار کیطرح

اے صدق کیا ہی ہووے مزا کیا ہی ہووے لطف
اوڑ جاؤں جو مدینے میں غبار کے طرح

ردیف خاء معجمہ

دیکھوں کس طرح سے رسول خدا کا رخ
دکھلا دے تو خدا شہ ہر دو سرا کا رخ

خورشید سا تھا تابان شہ انبیا کا رخ
آئینہ خدا تھا صفا مصطفےٰ کا رخ

تعریف ہووے کیا تیری حسن و لقا کی اب
روشن قمر سے بڑھ کے ہی تجھ مہ لقا کا رخ

نبیوں پہ منحصر نہیں یہ خوبی و جمال
کل خلق سے ہے زیادہ حبیب خدا کا رخ

اوسیہ تو جانوں آتش دوزخ حرام ہے
رویا میں جسنے دیکھا رسول خدا کا رخ

یوسف کا بھی جمال نہ ایسا تھا دوستو
جیسا کہ حسن میں تھا شہ دوسرا کا رخ

یوسف سے منحصر نہیں دنیا شہا بہت
تھا سب سے زیادہ حسن میں خیر الوریٰ کا رخ

دل کاٹ لیتیں چھریوں سے عورات مصر کی
جو دیکھ لیتیں شافع روز جزا کا رخ

اب گڑگڑا کے یہ ہی تو ہے تجھ سے التجا
دکھلا دی مجھکو میرے خدا مصطفےٰ کا رخ

ہو جاؤن صدقے مین تو دل و جان سے فدا
جو خواب مین مین دیکھون شہ انبیا کا رخ

ہے محمد جسنے پیدا کیے گل انار شوخ
کیا تیری نعت لکھون مین اے مہ نگار شوخ
گر سپیدا تو نہوتا تو پیدا نہوتی خلق
آدم سے لیکے عیسی انبی سیکڑون رسول
حیف اک زلیخا عاشق صادق ہی مصر مین
دن کونسا وہ ہووے کہ پہونچون مدینہ مین
للہ اب بلا لے طیبہ مین یا رسول
پردے سے حجاب کے ذرا صورت کہین دکھا
کیا نیکی تجھ مین ہے جنے کی دوستو
حیرت سے دیکھ لو اسے خوش ہو کے دلکھو
سارے کرشمہ مین یہ اسی مہر نور کے
گل ہی مین غنچہ ہی مین نہین ھی تیرا ظہور
جب غور سے مین دیکھون ہون اس جسم خاک کو
آنکھون کو کھول کے اسے سر جائی دیکھ لو
اب چشم دل سے دیکھو ذرا غور و فکر کر
ان شوخ دلربا کو کیا دیکھتے ہین آپ
ہر رو نکلتا ہے مدح کنان روی پاک کا
وہ مرتبہ ہے آپکا جسکی نہین ھی حد
نبیون مین اور ولیون مین یہ جان لو ضرور
سر تاج مین رسول کے ہیں براق خوش خرام
رہتا ہے دل مین یہی تصور یہی خیال

ہی گنتی بی حساب کیے بی شمار شوخ
رگ رگ مین بھر گیا ھی تو ای گلعذار شوخ
ھی سب نہر سے ہی نور سے یہ سبزہ زار شوخ
اس مرتبہ کو نکلتے تھے صد ہا ہزار شوخ
شیدا ہوئی ہین آپ پہ یان دس ہزار شوخ
نکلے کہین خدا سے یہ دل کا غبار شوخ
تڑپے ہے سینہ مین یہ دل بیقرار شوخ
اس دلکا لیگیا ھی وہ صبر و قرار شوخ
اس شوخ سے ہی تڑپے دل بیقرار شوخ
صحرا مین اوسکے نور سے ہے مرغزار شوخ
گلشن مین جا بجا ہین سبھی لالہ زار شوخ
ہر برگ مین چمکتا ھی تو رنگدار شوخ
لش مین تو ہی میرے ھی ای گلعذار شوخ
عالم مین کھل رہا ھی وہ باغ و بہار شوخ
اس جسم نازنین مین ہین لاکھ صد ہزار شوخ
جا کے بلا مین دیکھیے صد ہا ہزار شوخ
لاریب بی گمان ھی میری جان نثار شوخ
دونون جہان مین آپ ہین ذی اختیار شوخ
محشر مین آپ ہی ہونگے ذی اقتدار شوخ
جاتا تھا تیز برق سے وہ راہوار شوخ
دیکھو ہون چہرہ سینہ مین لیل و نہار شوخ

مدت دراز سے ہین کھڑا انتظار ہون — آتی ہے کس طرف سے نسیم بہار شوخ
ہوکون سا وہ سال کہ دیکھون بہ لقا — رکھتا ہون روز و شب مین ترا انتظار شوخ
ہی حمد اسکو بی حد و بی گنتی بی شمار — پیدا کیئے ہین جسنے یہہ سب گلعذار شوخ
اسری کی رات نبیون اور قدسیونکی ساتھ — کس شان سے جہکتا تہا وہ مہ عذار شوخ

ہے التجا یہہ صدق کی رو رو کے ہر گھڑی
اب خواب مین دکھادے وہ پرور دگار شوخ

زبان سے پڑہون کیا ثنائے محمد — قلم سے لکھون کیا ادائے محمد
ادا مجھہ سے کب ہو کی احمد کی خوبی — قرآن سے ہے ثابت ادائی محمد
ادا دیکھی مردہ تو ہو جاوی زندہ — وہ مرقد سے دیوی صدائے محمد
مین قربان ہو جاؤن اپنے نبی کے — مرا جان و دل ہی فدائے محمد
کرم انکا بی حد ثنا اونکی بی تھا — خدا خود کرے ہے ثنائے محمد
زبان اب کوثر سے دہوؤن بجا ہے — تو اوسوقت بولون ثنائے محمد
فرشتے بہی عاجز ہین اونکی ثنا سے — بشر کیا کرے اب ثنائے محمد
اٹھارہ ہزار عالم آوے نظر تھا — نظر کرتے تھے جب قبائے محمد
فلک پر جو پہونچے تو خاطر ہیبت کی — سنواری تھی جنت برائے محمد
وہ وحدت کے پردے اٹھائے گئے جب — خدا خود ہی بولا ثنائے محمد
اگر ربع مسکون مین ہو بادشاہت — تو بہتر ہے اوس سے گدائے محمد
وہی ڈوبے رہتے ہین وحدت خدا مین — جو رہتے ہین ہر دم فنائے محمد
اگر بخت لیجائے کوچہ نبی مین — ملون آنکھہ سے خاک پائے محمد
سفر ہو نہ دنیا سے تب تک خدایا — نہ دیکھون مین جب تک لقائے محمد
اگر ہووے زیارت تو کیا ہے اچھا — مین امت مین ہون خاکپائے محمد
صدا نکلے میری یہی قبر مین بھی — ہون شاعر مدح خوان ثنائی محمد
جواب نکیرین مرقد مین بولون — تہ پیشکش کر دو ہون گدائی محمد

خدا ایسی محشر میں ہووے یہی رب
ہیں عاشق ہوں بیشک لقائے محمدؐ

سیہ کاروں پہ تھی نظر مہربانی
نہ منسنہ مسنخ ہوتی دعائے محمدؐ

شب و روز رہتی تھی امت پہ شفقت
اب ہو جاویں ہم دل فدائے محمد

کسیکو بھی غصہ سے اف تک کہے تھے
ہیں کیا کیا لکھوں اب ثنائے محمدؐ

چرند و پرند سب محبت تھے کرتے
بشر کیا ملک تھے فدائے محمدؐ

صہیب و بلال سب ہی عاشق تھے انکے
وہ بوبکر تھے جان فدائے محمدؐ

مرے رب تو بخش امت اپنے کرم سے
شب و روز تھی یہہ دعائے محمدؐ

خدا صدق کو اب دکھا دے تو روضہ
مشرف ہو یارب لقائے محمدؐ

خدایا دکھا دے تو روئے محمدؐ
سنگھا دے مجھے ابتو بوئے محمدؐ

پھروں راہ بھٹکتا نہ کوئی خدایا
دکھا دے مجھے راہ سوئے محمدؐ

نہیں رستا پوچھوں کوئی خضر تجھہ سے
تو پہنچا مجھے اب تو کوئے محمدؐ

مدینے کی گلیوں میں چلتے نبی جب
تو مہکتی تھی وہ مشک بوئے محمدؐ

نہیں پوچھنے کی تھی حاجت کسی سے
وہ راہوں میں اڑتی تھی بوئے محمدؐ

جو بچپن میں پڑتی صفائی کی حاجت
ملک کرتے تھے شست و شوئے محمدؐ

خدا کے بھی بندے خوشبو تھے سارے
ولے سب سے بہتر تھی خوئے محمدؐ

جو اولجھاتے تھے دل اویس قرن کا
وہ تھے عشق پیچاں گیسوئے محمدؐ

ادا بھا گئی تھی اویس قرن کو
وہ تھے عشق میں غرق روئے محمدؐ

نہ تھی عطر میں صدق ایسی نزاکت
جو خوشبو تھی وہ مشکبوئے محمدؐ

نعت حبیب کبریا صل علی محمدؐ
ہوئیگی مجھ سے کب ادا صل علی محمد

حلیہ شریف شاہ میں اللہ کب سکیگا کہہ
پیدا ہوئی وہ مہ جبین صل علی محمدؐ

روئے مبارک آپکا خدا نے تھا بنا
حسن ملک تھے سب فدا صل علی محمدؐ

رخسارہ دونون آپکی روشن تہے زیادہ ماہ سے / دیکہے بشر بہی پڑہے صل علی محمد
دندان مبارک سر بسر کہلتی وہین اک نور اگر / شان خدا پڑے نظر صل علی محمد
تہا جسم ایسا نازنین سایہ نہ پڑتا بر زمین / دونون جہان مین تہی امین صل علی محمد
تہین دونون چشم نرگسین صل علی و ... / تہین زلف مشک عنبرین صل علی محمد
زلف رسول دیکہی گر قدرت خدا کی پڑی نظر / تہا نور او سمین جلوہ گر صل علی محمد
موئے مبارک آپکے بیمار کو جو دہوکے دے / فی الفور صحت ہو اوسے صل علی محمد
زیب بدن تہی اک عبا تہی خوشنما و دلربا / کیا کیا لکہون مین اب ثنا صل علی محمد

وہ بادشاہ دو سرا جسپہ نبی تہے کل فدا
دل صدق سے تو پڑہ صدا صل علی محمد

پڑہون کیا مین وصف خصال محمد / فزون ہین جو لکہون کمال محمد
رسل گرچہ پیدا کیے ہین خدا نے / ہوا ہے نہ ہوگا مثال محمد
رسل آئی دنیا مین سب حق کے پیارے / ولے بڑہکے ہے سب سے آل محمد
نہین ایسی سیرت کسی کی تہی لوگو / ولیکن جو تہی وہ خصال محمد
محمد کی عظمت خدا خوب جانے / کوئی جانے کیا ہے کمال محمد
نرکہے کبہی عدن کی وہ تو خواہش / جو رویا مین دیکہے جمال محمد
یقین ہے کہ ہوویگی اوسکو زیارت / جو دن رات رکہے خیال محمد
بشر وہ ہی جنت مین جائیگا بیشک / جو ہے خاک پائے عیال محمد
لرزتے تہے کفار روز وغا مین / جو سنتے تہے شور جلال محمد
بہت دور بہاگے بلا اوس جگہ سے / جہان ذکر ہو قیل و قال محمد
پہنسا ہون گنہ مین کرم کر اسلئے / بحق نبی و بہ آل محمد
خدا کی ہو رحمت اوسی جا پہ نازل / جہان ذکر ہووے کمال محمد
تمامی جہان مین پڑا تہا اندہیرا / ہوا جسگہڑی انتقال محمد
نہ امت گنہگار ہووے کوئی نار مین / یہی ہے خدا سے مقال محمد

دعا صدق کی روز و شب ہے خدایا
اب اسکو دکھا دے جمال محمدؐ

بیان ہو وے نہ کچھ شان محمدؐ — خدا کی شان ہے شان محمدؐ
میری نظروں میں پھرتی ہے وہی شان — جو دیکھی خواب میں شان محمدؐ
یہ کہنا عاشقوں کا ہے فضولی — کہاں میں اور کہاں شان محمدؐ
جو صورت دیکھتے یوسف زلیخا — فدا ہو جاتے وہ جان محمدؐ
نہ دیکھینگے کبھی وہ نار دوزخ — پکڑ لینگے جو دامان محمدؐ
کل عالم کی کرا دیں آپ بخشش — جو شک ہو دیکھو فرقان محمدؐ
نہ ہووی اوس سے پرسش کچھ کسی میں — جو ہووی دل سے قربان محمدؐ
قیامت میں اوسے خطرہ نہ ہوگا — مطیع ہوگا جو فرمان محمدؐ
رکھینگے اوسکے سر پر تاج بیشک — جو کرے حفظ قرآن محمدؐ
یقین ہے وہ تو پہونچیگا جنان میں — سنیگا جو کہ فرقان محمدؐ
زمین حامی وہ تو سارے جز و کل کے — ہے عالم زیر فرمان محمدؐ
وہ سو جان سے فدا ہوتا عزیزو — جو سنتا کوئی الحان محمدؐ
لب جان بخش کیا شیرین سخن تھے — بڑے رخشان تھے دندان محمدؐ
وہ چشم سرگین کیا خوب زیبا — وہ کیا عمدہ تھیں مژگان محمدؐ
محمدؐ سی وہ یکتا تھا وسیمین صورت — وہ تھا چہرہ درخشان محمدؐ
یقین ہے زندہ ہو جاوے وہ مردہ — جو دیکھے روئے تابان محمدؐ
میں آنکھوں سے لگاؤں وانکی مٹی — جو دیکھوں میں گلستان محمدؐ
معطر ہو وے مشام اوسکا معطر — جو دیکھے کوئے بستان محمدؐ
نہ ہوگی اوسکو خواہش باغ جنت — جو کوئی ہوگا دربان محمدؐ
جو تھے قدسی فلک کے رہنے والے — وہ تھے دربان شبستان محمدؐ
تھا بچھونا ایک کمبل ایک چٹائی — بہت تھوڑا تھا سامان محمدؐ
قیامت میں چھوڑا دینگے سبہوں کو — یہان نکلیگا ارمان محمدؐ

مراتب سارے نبیون سے بڑی ہین
نہین خطرہ اوٹھاوے وہ قیامت
عقیدہ ہے یہی علماے جمہور
بلاشک قبر ہوگی اوسکی گلشن

تو جاکے دیکھو قرآنِ محمدؐ
جو تابع ہووے یارانِ محمدؐ ٭
ہین افضل سب سے یاران محمدؐ
جو دشمن ہوگا یارانِ محمدؐ ٭

وہ حبیب حبیب ربِ حق

جو چاہے تو حضوری ہی مین رہنا
پڑہا کر صدق قرآنِ محمدؐ ٭

حبیب حبیب ربِ حق

دنیا کے ذایقے تو سبھی ہین فنا لذیذ
لذت طعام کی تو فقط ہے زبان پر
اوسکو تو اوسکی نہین لذت طعام مین
اوسکو مزا تو کہانے مین ہرگز نہ آئیگا
آگے ہے اوسکے ہیچ تو دنیا کا ذایقہ
لاریب وہ تو جائیگا جنت مین بے حساب
کل نعمتون کے ذایقے تو جہان مین عجیب ہین

قند و شکر سے زیادہ ہے ذکر خدا لذیذ
اس روح کو تو لگتا ہے ذکر خدا لذیذ
جس شخص کو خوش آیا ہے ذکر خدا لذیذ
لگتا ہے جسکو ذکر شہ دوسرا لذیذ
جس روح کو ہے ذکر حبیب خدا لذیذ
جس دل کو ذکر ہوا یا رسول خدا لذیذ
ہے ذکر سب سے زیادہ شہ انبیا لذیذ

کہاتے ہین دنیا دارون کو دنیا کے ذایقے
لگتا ہے صدق مسکین کو ذکر خدا لذیذ

نعت لکہنے کے لیئے جبکہ منگایا کاغذ
نعت لکہنی شہ ابرار کی جب ہو منظور
نام حضرت کا لکہا جائے تو آتا ہے ضرور
واسطے اوسکے بہت نیکی لکہی جاویگی ٭
بشر حافی کا یہی ایک حال ہے سن لو یارو
اوسمین اول ہی سطر مین تہی لکہی بسم اللہ
کیا حقیقت ہو بیان یاروعزیزو اوسکو
حق کو بہایا وہ عمل - اونکو مراتب بخشا

مین نے وہ آنکہونسی اپنی تو لگایا کاغذ
چاہیئے عنبر خالص سے بنایا کاغذ
ہووے وہ مشک کی خوشبو سے بسایا کاغذ
جسنے آنکہون سے گرا پرچہ لگایا کاغذ
پرچہ ایک راہ مین اونکو پڑا پایا کاغذ
اپنی آنکہونسی اونہون نے وہ لگایا کاغذ
عطر ملکے بڑی خوشبو سے بسایا کاغذ
جبکہ آنکہونسی اونہون نے وہ لگایا کاغذ

پھلے میخوار وہین نہتے اور نہتے مستونین پیے — نام ولیو نہین ہوا جب وہ اوٹھایا کاغذ

دفن کروا دو اوسے یا کہ جلا دو بھائی — جو زمین پر سے بڑا تمنے ہو پایا کاغذ

ردی لکھی ہین ہی علما کا دستور رہا — دفن مٹی مین کیا یا کہ جلایا کاغذ

ق

طعن کیون حضرت عثمان پہ کرو ہو شیعو — آپ نے غلطیون قرآن کا منگایا کاغذ

خطرہ مین آکے نہ پڑجا مین مسلمان بھائی — اس سبب آپ نے قرآن کا جلایا کاغذ

تاکہ غلطی نہ رہے اوسمین ذرا بھی مطلق — سب جگہہ ایک سا قرآن کا لکھایا کاغذ

وہی ہین جامع قرآن سمجھ لو یارو — سعی و کوشش سے اونہون نے تو جلایا کاغذ

فکر عقبے کی تجھے **صدق** نہ سوجھی تدبیر
زر نقشت اعمال سے یان کالا کرایا کاغذ

نعت احمد مین کسی نے کوئی لکھا کاغذ — کاتبین اوسکا نہ لکھین گے برا سا کاغذ

تاج لکھی شہ لولاک کی جب ہے زیبا — ہو وے طوبے کا قلم اور سبز اکا کاغذ

روضۂ خیر بشر پر تو ہر ایک ہفتہ مین — نامہ امت کا پڑہا جاتا ہے لکھا کاغذ

ہے یقین مجکو کہ اب روضۂ انور پہ ضرور — شعرون میرے کا پڑہا جاویگا لکھا کاغذ

ق

جو کہ مقبول خدا ہو کے وثیقہ اوسے — نوری ہووی وہ سفید حرفونسے لکھا کا

سیاہی سے ہو گا نہ ترقیم کبھی وہ قرطاس — ید قدرت کا وہ لکھا ہوا ہو گا کاغذ

عرش اعظم سے او دختر فاطمہ زہرا کے لیے — ایک حریری سا لکھا آیا سپیدا کاغذ

روز بازو سے اوسے کھول کے دیکھا کرتین — تھا گنہگارون کی بخشش کا وثیقا کاغذ

کی وصیت کہ کفن مین میری رکھنا اسکو — بیشک ہو ویگا قیامت مین یہ لکھا کاغذ

یافعی سے ہے روایت یہ کتابون مین لکھی — ابن دینار نے ایک لکھا جوان کا کاغذ

اک مکان کے لیے جنت مین ہوئی تہے ضامن — آیا اوسکے لیے محراب مین لکھا کاغذ

لکھنے سے اپنے پشیمان ہوئی تہے مالک — وہ سفید حرفون سے لکھا ہوا اوٹھا کاغذ

اوسمین لکھا تھا سفید حرفونسے نوری ہی یہہ — تمھین لوٹ کے ہوتا ہے روانا کاغذ

دیدیا باغ اوسے ایک محل زیادہ کیا — لے لو تم اپنا وہی لکھا وثیقا کاغذ

نعمت مین لایا ہون ان لفظون کو سوچو یارو
کی تھی درخواست حسن سے کسی کافر نے فقط
یہہ ضمانت دو کبہی ہووی نہین مجکو عذاب
نام اوس مرد کا شمعون ہے کتابون مین لکھا
جب سنا کافر بدکیش سے کلمہ ایسا
لایا ایمان وہ تحریر حسن سے لکھوا
کی وصیت کہ میری قبر مین رکھنا اسکو
پہر حسن بصری ہوئے دل مین پشیمان اپنے
رو رو کہتے تھے کہ شرمندہ بہت ہون حق سے
اپنی ہستی پہ نہین مجکو ذرا بھی قبضہ
اپنی ہستی پہ نہین مجکو تصرف کچھ بھی
اتفاقاً جو کسی رات مین رو کر سوئے
تاج شمعون پہ دیکہا ہو گیا جنت مین مقیم
نار سے بچگیا۔ شمعون پہ ہوا فضل خدا
تو پوچھنے کیا ہو بہلا پیرونکا مجھہ سے احوال
ہووی آسانی سوالون مین فرشتون سے اوسے
قرب قیامت کے اوٹھا لینگے حروف قرآن
روز محشر سے ذرا پہلے تو آدین جبریل

یہہ پیغمبر ہی کا صدقہ ہے جو لوٹا کاغذ
لاؤن ایمان اگر دیدو نوشتا کاغذ
ایسا لکھدو کوئی اب مجکو وثیقا کاغذ
جسنے مانگا وہ حسن سے تہا نوشتا کاغذ
اوسکے کہنے سے حسن بصری نے لکہا کاغذ
بس ہوا مردہ وہی ایکے نوشتا کاغذ
ہوگا حجت میرا اب یہہ ہی نوشتا کاغذ
کیون کیا مین نے ضمانت کا مچلکا کاغذ
کسلیئے مین نے ضمانت کا دیا لکہا کاغذ
کیون لکہا مین نے ضمانت کا تہا پرچا کاغذ
ہائے کیون لکہدیا مین نے وہ وثیقا کاغذ
آگیا قبر سے پہر لوٹ وہ لکہا کاغذ
تہا یا اللہ کو لکھا ہوا اونکا کاغذ
بہشت پہر خط کے وہ نوری تہا نوشتا کاغذ
وقت بیعت کے وہ دین بند سا لکہا کاغذ
اسلیئے رکھتے ہین وہ قبر مین شجرا کاغذ
صرف رہ جائیگا ایک کورا سا سادا کاغذ
کسی قرآن مین نہ رکہین کوئی لکہا کاغذ

سوال شیعہ

ایک بڑا طعن عمر پہ یہہ کرتے ہین شیعہ
روکا فاروق نے لوگونکو منع حد سے کیا
یہہ بڑا ظلم ہے یہ عدل کہان ہے لوگو

کیون پیغمبر کے مرض مین نہین بہیجا کاغذ
فیصلہ ہوتا جو لکھتے نبی سادا کاغذ
کیون بہلا لکہنے نبی کے نہین بہیجا کاغذ

جواب سنی

ہے جواب علما اسکو ذرا غور کرو
روبرو احمد مرسل کے جو جاتا کاغذ

آپ کو لکھنے مین تکلیف مرض سے ہوتی
اسلیے حضرت فاروق نے روکا کاغذ

بولے فاروق کہ حضرت کو بڑی ہے تکلیف
اب قرین اونکے نہ جانے کوئی کورا کاغذ

ہمکو زیبا نہین تکلیف نبی کو دینی
اب مناسب ہے قلم جائے نہ سادا کاغذ

پہر یہی فرمایا کہ قرآن ہمین ہے کافی
اسلیے عاشق والا نے نہ بہیجا کاغذ ۴

قبر مین صدق فرشتے جو کرین تجہسے سوال
نعت احمد کا دکہا دیجو نوشتا کاغذ

طیبہ مین اپنے مجکو بلا لیجیے حضور
روضہ اب اپنا مجکو دکہا دیجیے حضور

لایق نہین ہے آپکی محفل کے یہ حقیر
اپنے کرم سے اسکو بہی جا دیجیے حضور

دربان در سے کہنے بلالو غریب کو
مجلس مین اپنی اسکو بٹہا دیجیے حضور

مضطر ہون بیقرار ہون بیتاب ہون مگر
صورت ذرا اب اپنی دکہا دیجیے حضور

چاہے ہین آپ جسکو بلالین مدینہ مین
اسکو بھی ابتو آپ بلا لیجیے حضور

بیکس ہون مین غریبی سے سرمایہ کچہہ نہین
سامان میرا جلد کرا دیجیے حضور

ایسا نہو مدینہ نہ دیکہون حیات مین
مرنے سے مجکو پہلے بلا لیجیے حضور

غمگین ہون ملول ہون زیادہ ہے اشتیاق
زیارت اب اپنی مجکو کرا دیجیے حضور

گردش سے ہون جہانکی بلاؤن مین مبتلا
دنیا کی سب بلا سے بچا لیجیے حضور

حیران پہرتا رہتا ہون گردش زمانہ سے
حق سے ذرا تو مجکو ملا دیجیے حضور

مشکل کشا ضرور ہین حق کیطرف سے آپ
مشکل میری اب آسان کرا دیجیے حضور

رخ سے اوٹھا نقاب ذرا خاک رکو
للہ اپنا چہرہ دکہا دیجیے حضور

غافل خدا سے رہتا ہون لیل و نہار مین
غفلت کا میری پردہ اوٹھا دیجیے حضور

سویا ہون بیخبر نہین کچہہ ہوش ہے مجہے
غفلت سے ابتو مجکو جگا دیجیے حضور

بیڑا میرا اگا ہون کے گرداب مین پہنسا
اب اسکو جلد پار لگا دیجیے حضور

کرتا ہون التماس یہہ غمگین ہو شتاب
شیطان کے مکر سے تو بچا لیجیے حضور

مایوس صدق ہند میں ناشاد ہے بڑا
للہ اسکو در پہ بلا لیجئے حضور

رونا تو مجھکو آتا ہے کردار دیکھ کر
ہنس پڑتا ہوں خدا کو میں ستار دیکھ کر

میری مدد کو قبر میں میرے رسول ہیں
خدشہ نہیں گناہوں کا انبار دیکھ کر

دنیا میں مجھکو کیوں ہو بھلا رنج اور الم
نام نبی کو اپنا مددگار دیکھ کر

جو ہوں قدم میں اوسکے بڑی عاجزی سے اب
جو آئے ہے مدینہ کا گلزار دیکھ کر

ابکدن گئے صحابہ اعادت کے واسطے
رونے لگے پھر آپ کو بیمار دیکھ کر

خوش ہونگے بشر جو ہیں اعمال وان لئیں
کلمہ کا اپنا پلہ گرانبار دیکھ کر

جنت میں جاکے ہوینگے سب اتنی خوشی
انواع قسم میوے کے اشجار دیکھ کر

روز حساب جنت ماوی میں وہ کہتے ہم
داخل کریگا متقی ابرار دیکھ کر

بے کھٹکے ہوگیا ہوں میں دنیا میں بالضرور
دونوں جہان میں آپ کو مختار دیکھ کر

دنیا میں دل لگاؤ نہ ہرگز عزیزو تم
حضرت نے اسکو چھوڑا ہے مردار دیکھ کر

دن حشر کے جو ہونگے سب جمع امتی
باغ عدن کو جاوینگے دربار دیکھ کر

محشر میں سب یزید کے ساتھی وہ نابکار
پچتاوینگے حسین کو سردار دیکھ کر

پروا نہیں ہے مجھکو گناہوں کی اب ذرا
بے خوف ہوں خدا کو میں غفار دیکھ کر

ہیبت سے تھراتے ہوئے جنگ بدر میں
وان آپ کو تو بھاگے تھے کفار دیکھ کر

دوزخ میں جاکے شور کرینگے جو ظالمین
مالک تو اونکو ماریگا فجار دیکھ کر

لڑنیکو جو کہ نکلے تھے کافر رسول سے
بھاگے وہ بیتحاشا ہیں تلوار دیکھ کر

خطرہ نہیں ہے صدق کو روز حساب سے
بے خوف ہے یہ آپ کو سردار دیکھ کر

مطلع لکھتا ہوں تیری مدح میں مخمور ہو کر
عرض کرتا ہوں میں آداب سے حاضر ہو کر

تیرے اوصاف کا قرآن میں ثناخوان ہی خدا
پھر ثنا مجھ سا بھی کیا کری بدتر ہو کر

کس سے ہو سکتا ہے جو لکھے نعت میں مطلع تیرا
انبیا تیرے ثناخوان ہیں پیمبر ہو کر

تیری توصیف مین قاصر ہے فرشتونکی زبان
نام کو تیری - صداقت ہے جو لیوی بیمار
آنکھہ مین گرد مدینہ کی جو پڑ جائے کہین
ہین مدینہ کی غم دوری مین رہتا ہون پڑا
آرزو رکہتا ہون مدت سے کہ ای رب مجہے
گرد بھی کوچۂ یثرب کی جو آنکھون مین پڑی
غیر ممکن ہے مدینہ کی زمین کی تعریف
جو بشر اہل مدینہ کی کریگا توصیف
کہین ملجائی اگر خضر تو صحرا مین کہون
جو کوئی شخص مدینہ کی زیارت کو گیا
ہے تمنا کہ مدینہ کی زیارت ہو مجھے
آپ کے روضۂ اقدس کی زیارت ہو جائی
ہے وہ کمبخت بخیل اور نصیبہ کا زبون
شفیع عالم کی زیارت جو میسر آئے
اب تو للہ خبر لیجئے بیکس کی ذرا
آپ کے روضۂ مبارک کا جو آتا ہی خیال
کر سکے آئے جو مدینہ کی زیارت شتابا
آرزو میری بھی پوری کبھی یارب ہوگی
رد تو کرتا ہی نہین عاجز و مسکین کی دعا
کسی زوار کو دیکھون جو مدینہ جائے
در دندان کے تصور مین جو روتا ہون کبھی
اب کرا دو رخ زیبا کی زیارت شتابا
جو بشر اہل خرد ہو کے تصور مین رہے

تیری انسان بھی ثنا کرتے ہین کمتر ہو کر
پائے صحبت تیری اکرام سے ابتر ہو کر
لاجرم خاص وہ ہو جائے معنبر ہو کر
ضعف سے صدمہ گذر جاتا ہے دلبر ہو کر
جاؤن یثرب کو مین مداح پیمبر ہو کر
دیدۂ چشم بصارت ہو منور ہو کر
بوئے خوش وان سے چلی آتی ہے عنبر ہو کر
سب گناہ اوسکے تو ہو جائینگے ابتر ہو کر
روضۂ پاک کو لیجل مجھے رہبر ہو کر
زہے قسمت کہ وہ پھر جائے مکرر ہو کر
کہین شعر اپنے سناؤن تیری در پر ہو کر
یہہ ہی کہتا ہون مین اللہ سے مضطر ہو کر
جو مدینہ کو نہ جائے وہ تونگر ہو کر
پھر تو مستی سے گذر جاؤن مین بڑھ ہو کر
یہہ لب سعر کو کرنے لگا بدتر ہو کر
آرزو دل ہی مین رہجاتی ہے اکثر ہو کر
چوم لیتا ہون قدم اوسکے مین کمتر ہو کر
رگڑون سر اپنے کو روضہ کی برابر ہو کر
ارحم اکرم اور اعظم اکبر ہو کر
گریہ کے رہجاتا ہون شرمندہ دبی زر ہو کر
چشم سے اشک نکل آتے ہین گوہر ہو کر
خواب مین جو نظر آئے سراپا نور ہو کر
لوٹ دنیا سے لیا ہے وہ اطہر ہو کر

ہامی دنیا میں ہمنا رہتا ہوں اگر شاہا — ق — استخوان اپنے نہ رہجائیں کھنگر ہو کر
طعنہ دینگے مجھے دیکھکے فصحاء عرب — گھونٹگا اونسے سراسیمہ و ششدر ہو کر
میں ہوں مداح نبی رنج نہیں ہے مجھ کو — نکتہ چینی نہ کریں آپ سخنور ہو کر
جو گواہی ندی حضرت کی رسالت کا بشر — وہی بس جاویگا دنیا سے سنگر ہو کر
دن قیامت کے جو صف باندھے کھڑی ہونگے رسل — تم کھڑی ہوؤگے سب نبیوں میں افسر ہو کر
ساتھ اوس احمد مرسل کے گروہ امت — باغ فردوس میں آجائینگے کوثر ہو کر
پینے طوبے کے جو فردوس میں دیونگے صدا — صدمہ نکلیگا ہر ایک شخص کے دلبر ہو کر
شب معراج میں اوس عرش معلے پہ نبی — دم کے دم آگئے فردوس کے اندر ہو کر
شہ لولاک کا جس راہ سے ہوتا تھا گذر — خوشبو اوس کوچہ سے اوڑتی تھی معطر ہو کر
خواب میں جس جگہ حضرت کی سواری جاتے — خوشبو اوس جا سے اوڑتی ہے معنبر ہو کر
ہجر کی شاق جدائی سے وہ مسجد کا ستون — نالہ کرتا تھا جو آواز سے مضطر ہو کر
باغ فردوس میں یاقوت کے خیمہ میں نبیؐ — ساتھ حسنین کے آئینگے وہ کوثر ہو کر
یا رسول عربی شرم مجھے آتی ہے — ط — رنج دیتی ہے اجل طعنہ دلبر ہو کر

صدق سے تیری رسالت کا جو کرے اقرار
ہے یقین قبر سے اوٹھیگا منور ہو کر

دل مرا رو رو پکارے ہے لے خبر — میرے مولا میرے پیارے لے خبر
آمنہ بی بی کے پیارے لے خبر — عائشہ بی بی کے تارے لے خبر
عشق و الفت میں تمہاری ہوں پڑا — ای نبی آقا ہمارے لے خبر
پھنس گیا ہوں بس ہیں تکلیفیں بڑا — سارے عالم کے ستاری لے خبر
آپ کی فرقت میں سینہ سے میرے — اوٹھتے ہیں آہ و شراری لے خبر
ای میری ہادی میرے رہبر رسول — بیٹھا ہوں تیرے سہاری لے خبر
اب تپ ہجران سے ابتر حال ہے — گر پڑا ہوں غم کے مارے لے خبر
ای میری مالک خدای ذو الجلال — میں پڑا ہوں ایک کنارے لے خبر

اب تیرے در پہ خداوند کریم
صدقہ ہاتوں کو پیارے کے خیر

شفقت نگاہ رکھتے ہو یا شاہ دستگیر
مجھ پہ نگہہ کرم کی ہو یا شاہ دستگیر

بے چینی بہت رہتی ہے عصیان کے سبب
عصیان کے تم علاج ہو یا شاہ دستگیر

پیارے خدا کے آپ ہو عالم کے غوث ہو
محبوب مصطفےٰ کے ہو یا شاہ دستگیر

عالی نسب ہو اور لقب ہے محی الدین
حسنی تمہیں حسینی ہو یا شاہ دستگیر

ہو لاڈلے علیؓ کے ابابکرؓ کے عزیز
تم دودمان بتول ہو یا شاہ دستگیر

عثمانؓ اور عمرؓ کے بلا شک حبیب ہو
آل رسول آپ ہو یا شاہ دستگیر

عالم کے قطب غوث ہو سلطان اولیا
فیض کرم تو آپ ہو یا شاہ دستگیر

آگے تمہارے دنیا کی سب چیز ہیچ ہے
جو کچھ کہ ہو وہ تم ہی ہو یا شاہ دستگیر

ہوں غرق میں گناہ میں کشف ہوتا ہے تمہیں
بحر عطا تو آپ ہو یا شاہ دستگیر

کچھ حصہ معرفت کا عطا مجکو کیجئے
تم شاہ معرفت کے ہو یا شاہ دستگیر

غرقاب ایک کشتی نکالی تھی آپ نے
ولیوں میں برگزیدہ ہو یا شاہ دستگیر

ڈوبی جو ناؤ بڑھیا کی سب آدمی مرے
مردوں کو زندہ کرتے ہو یا شاہ دستگیر

ولیوں کے گردنوں پہ قدم آپکا ہے بس
ولیوں کے آپ شاہ ہو یا شاہ دستگیر

کی عرض ایک زن نے یہ آکر بصد الم
تم پر فدا یہ جان ہو یا شاہ دستگیر

لڑکا مرا ہے مرگیا فریاد کرتی ہوں
امت میں بہترین ہو یا شاہ دستگیر

گریاں ہوئی کہ روح گئی ہے ابھی نکل
افضل ترین خلق ہو یا شاہ دستگیر

حکم خدا ہوا کہ تمہیں اختیار ہے
محبوب تم ہمارے ہو یا شاہ دستگیر

پہونچا یہی خطاب کہ محبوب ہو مرے
غربا نواز تم ہی ہو یا شاہ دستگیر

رتبہ سے غوثیت کے چڑھے آسمان پر
اعزاز کیسا رکھتے ہو یا شاہ دستگیر

روحیں پکڑ کے چھوڑ دیں رتبہ کے زور سے
تم پر خدا کا رحم ہو یا شاہ دستگیر

بولا فرشتہ موت کا انکے حضور میں
قوت سے میری زیادہ ہو یا شاہ دستگیر

اللہ کی طرف سے اُدھر سے آپ کا
تم مرتبہ میں بڑھ کے ہو یا شاہ دستگیر

رتبہ نہوگا ایسا کسی شخص کا کبھی
جیسا کہ رتبہ رکھتے ہو یا شاہ دستگیر

ہم ہیں مرید آپ کے کچھہ حصہ دیجیے
رفعت مآب آپ ہو یا شاہ دستگیر

ہے مرتبہ زیادہ فرشتوں سے آپ کا
تم امتیاز خاص ہو یا شاہ دستگیر

چٹیک لگی ہے روضہ پہ بلوائیے شہا
چاہے جسے بلاتے ہو یا شاہ دستگیر

ظاہر میں آپ فانی ہو پر کچھہ اسمیں شک نہیں ہے
باطن میں آپ زندہ ہو یا شاہ دستگیر

مجبور صدق ہند میں ناچار ہے پڑا
صدق و صفا تو آپ ہو یا شاہ دستگیر

اے عاشقو رسول کے پڑھتے رہو نماز
سب کام اپنے چھوڑ کے پڑھتے رہو نماز

غفلت ذرا بھی اسمیں کرنا نہ تم عزیزو
اللہ کو یہہ بہائی ہے پڑھتے رہو نماز

اسکی حبیب ہے پیاری رسول کی
اب جان و دل سے دوستو پڑھتے رہو نماز

جاوینگے سب بہشت میں فضل کریم سے
پیچم یہ فرض یہہ ہے کہ پڑھتے رہو نماز

قرآن میں پانچ سو جگہہ آیا ہے اسکا ذکر
اب تم نہ چھوڑ دو غافلو پڑھتے رہو نماز

چھوڑ دو گھروں کو اور دوکانوں کو دوستو
اب مسجدوں میں جا کے تو پڑھتے رہو نماز

اللہ اوس سے راضی رسول اوس سے ہونگے خوش
اونکی خوشی کے واسطے پڑھتے رہو نماز

آسانی ہوگی وقت نزع کے ہی جان لو
ایک نور ہوگا قبر میں پڑھتے رہو نماز

ایک شکل نیکے آویگی نوری سی قبر میں
اعمال بد ہٹائیگی پڑھتے رہو نماز

غافل نہو نا اوس سے کبھی یارو دوستو
پل پر سوال ہوویگا پڑھتے رہو نماز

پیش نماز ہوگی قیامت میں پیشتر
حکم خدا کو جان کے پڑھتے رہو نماز

محشر میں پیاس ہوویگی شدت سے الاماں
کوثر کا پانی پاؤگے پڑھتے رہو نماز

دیوے مٹا گناہوں کو باقی نہ رکھے کچھہ
اسکے خواص بہت ہیں پڑھتے رہو نماز

کیا پردہ پوشی کرتی ہے یارو عزیزو یہہ
سب عیبوں کو یہہ ڈھانکے ہے پڑھتے رہو نماز

دارین کی بھلائی ہے اسکے سہارے سے
دار الجنان میں پہونچو گے پڑھتے رہو نماز

آواز اذان سنکے جماعت میں دوستو
عشق خدا میں ڈوب کے پڑھتے رہو نماز

حج و زکوٰۃ روزے سبھی فرض ہیں کیے
خوش ہووے جو خدا تو کرو سجدہ میں جبین
اسکی عبادتوں میں ہے فضیلت بہت بڑی
اک وقت کی نماز قضا کرنا ہے برا
ایک حقبہ وہ تو رہیگا دوزخ کی نار میں
قصداً کا لفظ دیکھو بڑی سخت ہے وعید
بے شک ہے وہ پلید جو پڑھتا نہیں کبھی
پڑھتے نہیں نماز وہ کتے ہیں بن پڑے
ہے کتا بلکہ اچھا وہ خنزیر سے برا
معراج ہے ضرور یہ مومن کے واسطے

پر یہ خدا کی پیاری ہے پڑھتے رہو نماز
اب خوش دلی سے تم بھی تو پڑھتے رہو نماز
حق سے کلام کرنا ہے پڑھتے رہو نماز
سستی نکرنا چاہیے پڑھتے رہو نماز
اک وقت کی جو چھوڑ دیگا پڑھتے رہو نماز
عمداً کبھی نہ چھوڑنا پڑھتے رہو نماز
سب دھندے ہی چھوڑ چھاڑ کے پڑھتے رہو نماز
کیوں سگ بنو ہو دوستو پڑھتے رہو نماز
خوف خدا سے بھائیو پڑھتے رہو نماز
اے عاشقو ضرور ہی پڑھتے رہو نماز

حق جا بجا قرآن میں تاکید کرتا ہے
دل صدق سے ضرور ہی پڑھتے رہو نماز

نام خدا ہے مجکو دل و جان سے عزیز
دنیا میں جنکو ہی ہے محبت رسول کی
ایمان جو کہ لائے ہیں حضرت رسول پر
اس دہر میں تو جان لو انسان کی چشم میں
حق ہے یہی کہ عالم دنیا کے باغ میں

کوئی نہیں ہے قادر سبحان سے عزیز
نام رسول انکو ہے جان سے عزیز
انکو کوئی زیادہ ہے قرآن سے عزیز
لگتا نہیں ہے کوئی گلستان سے عزیز
مجکو نہیں ہے سورۂ رحمن سے عزیز

اے صدق دل لگا نہیں ہرگز تو دہر میں
ہرگز نہیں ہے بہتر تو قرآن سے عزیز

پہونچے ستے جو خالق اکبر کے آس پاس
دل سے صحابہ آپ کے قربان تھے مدام
دل کو نشاد ہو ویگا اب مجھہ غریب کو
تھے اس طرح صحابہ پیغمبر کے روبرو

واں ہو گئے فرشتے پیمبر کے آس پاس
رہتے کمر تھے باندھے پیمبر کے آس پاس
کس روز پھر دن روضہ اطہر کے آس پاس
تارے ہوں جس طرح مہ انور کے آس پاس

ط

شمع کے گرد رہتا ہے پروانہ جس طرح
محشر میں مارے پیاس کے گھبرائیں آدمی
ہو پیاس سے تو خلق بڑی منتشر وہاں
خلقت کا اک ہجوم تو ہووےگا سر بسر
تارے فلک پہ ہوتے ہیں جس طور سے عیاں
جس وقت چاند اونگلی سے دو ٹکڑے کر دیا
جاتے تھے لوٹنے کو مسلمان تو جنگ میں
عثمان جی لگا تھا خدا سے وہ دو دین
سن آہ وزاری الٹ رکھی مسجد رسول میں

تھے اسطرح بلال پیمبر کے آس پاس
ایک خلق ہوگی شافع محشر کے آس پاس
ہو اک ہجوم ساقی کوثر کے آس پاس
ہو دیکھی ایک سبیل تو کوثر کے آس پاس
البوذر ایسے ہووینگے کوثر کے آس پاس
ایک خلق تو کھڑی تھی پیمبر کے آس پاس
بابکر رہتے تھے شہ رہبر کے آس پاس
انکھیں لگی تھیں روتی ہی منبر کے آس پاس
روتے صحابہ تھے کھڑے منبر کے آس پاس

ای صدق کر دعا تو خدا سے بروز حشر
رکھے تجھے کرم سے پیمبر کے آس پاس

ای غافلو نماز کو پڑھتے رہو ہمیش
ایذا کسی طرح سے نہ ہرگز کسی کو دو
خاطر سے اپنے نفس کی توڑو نہ حد شرع
خانہ خدا میں جا کے نہ بیچ کرو ذرا
دنیا کی بات کرنے سے ہے خوف اژدہا
گردن پھلانگ صف میں نہ بڑھ جاؤ دوستو
گردن کا پل تو باندھینگے محشر میں جان لو
آگے سے تم نہ جاؤ جو پڑھتا نماز ہو
باتیں کرو نمازوں کو پڑھ کر خدا سے فنا
لیجائیگی نماز یہہ جنت میں کھینچ کر
فضل خدا سے جائینگے انسان بہشت میں
غافل نہ ہونا اس سے کبھی یارو دوستو

ق

بدکام بد شغل سے ہی بچتے رہو ہمیش
خوف خدا سے غافلو ڈرتے رہو ہمیش
پس پیروی رسول کی کرتے رہو ہمیش
آداب مسجدوں کا بھی کرتے رہو ہمیش
خاموش مسجدوں میں تو بیٹھے رہو ہمیش
آداب سے تو پاؤں کو دھرتے رہو ہمیش
پیچھے ہی چپکے آن کے بیٹھے رہو ہمیش
پیچھے سے بس نمازی کے چلتے رہو ہمیش
بعد از نماز ذکر بھی کرتے رہو ہمیش
کاموں کو چھوڑ چھاڑ کے پڑھتے رہو ہمیش
حکم خدا کو جان کے پڑھتے رہو ہمیش
سب کام بند کر کے تو پڑھتے رہو ہمیش

نعمت بڑی ہے جان لو صحت و زندگی
شکر خدا بہی دونون کا کرتے رہو ہمیش
میلاد کے کرانیکا بیشک ثواب ہے
مولود تم گہرون مین تو کرتے رہو ہمیش
بیٹہو خموش کچھہ نکرو شور و غل ذرا
مولود مین درود ونکو پڑہتے رہو ہمیش
بیہدہ عمر ضایع قصہ کہانی مین مت کرو
میلاد و وعظ و پند ہی سنتے رہو ہمیش

بیہودہ کردہون کو کرتے ہو اب ضایع ہفتہ مین
قرآن صدق دل سے تو پڑہتے رہو ہمیش

نبیونمین برگزیدہ تو بس مصطفے ہین خاص
حق کے رسول اور وہ بندے خدا ہین خاص
نام انکا لینے سے کبہی کوئی بلا نہ آوے
دونون جہان مین وہی تو دافع بلا ہین خاص
آدم تو ہو بحال نہ عیسی کو ہے سفال
شافع تمام خلق کے خیر الوری ہین خاص
خطرہ نہیں ہے انکو قیامت سے کچھ ذرا
جو امت رسول ہین بندہ خدا ہین خاص
آدم ہی پیارے موسی ہی پیارے خدا کے ہین
محبوب حق کے شافع روز جزا ہین خاص
دنیا کے سارے رنج مین مخلص یہ ہولوں ہین
بیشک ہماری حامی شہ دوسرا ہین خاص
دنیا کے سب حسینو نمین یوسف حسین تھے
یکتائے خلق حسن مین بس مصطفے ہین خاص
مشہور ہے جہان مین ایوب کا تو صبر
صبر و رضا مین جانون شہ دوسرا ہین خاص
برسی تہین زرکی ٹیہریان من سلوی اور کو
اس ہفتہ مین امت خیر الوری ہین خاص
مشہور ہین جہان مین براہیم تو خلیل ع
لیکن شفیع خلق حبیب خدا ہین خاص
معراج موسی کو فقط کوہ طور تہی
عرش بریں پہ پہونچے رسول خدا ہین خاص
آواز خوش تو بہت تہی داؤد کی بڑی
لیکن لحان خوش مین شہ انبیا ہین خاص
جتنے نبی خدا کے ہین سارے عزیز ہین
لیکن رسول حق تو حبیب خدا ہین خاص
بس خلق مین شجاع ہین عزو وفا ہین
نبیونمین سب سے زیادہ شہ دوسرا ہین خاص
یونس کے مرتبہ کا تو قرآن ہے گواہ
قرآن جنپہ اترا وہ پیارے خدا ہین خاص
شکر و رضا یہہ دونون عجب اک مقام ہین
شکر و رضا مین صاحب حمد و لوا ہین خاص
وہ پیشوای خلق ہین افضلترین ہین
ابرارون مین ولیون مین وہ مقتدا ہین خاص
عیسی نبی کو جان او مردے جلاتے تھے
اس درجہ مین غلام شہ اصفیا ہین خاص

اے صدق ہمکو گور کی دہشت سے غم نہیں
مونس ہمارے قبر مین شمس الضحے ہین خاص

دنیا سے کچھہ غرض نہ دلا خلق سے غرض
یہہ نفس منزلون کو تو کرتا ہے دم مین طے
باغ و محل سے اسکو مکانات سے نہ کام
پی شغل سیر نار ہتا ہے کیون رات دن مدام
آب و ہوا کو اور چرند و پرند کو
یہہ جانون دوستو کہ سبھی خلق کو ضرر

اب رکہہ غرض تو سید ابرار سے غرض
اسکو نہ بحث سے ہے نہ تکرار سے غرض
پہولون سے کچہہ غرض ہے نہ اشجار سے غرض
رکہہ ہی دلا تو ہر گہڑی اذکار سے غرض
کوہ و حجر کو ہے نہ ابرار سے غرض
محشر مین ہوگی احمد مختار سے غرض

اے صدق تجکو ہو نہ غرض اور کسی سے کچھہ
جو ہو غرض تو سرور ابرار سے غرض

اللہ کا نام حق ہے فنا اور سب غلط
دنیا مین جانون دوستو یار و عزیز و تم
جو کچھہ کرو وہ جان کے بہر اللہ کرو
بدعت اسی کا نام ہے تہوڑی کہ بہت ہو
شادی غمی مین کرتے ہو جو کچھہ کہ باتین تم
دنیا کے ناچ و رنگ سے ہوتے ہو شادمان
حرص و ہوا و کذب یہی نام دنیا ہے
مال و منال جاہ و حشم ثروت و نعم
اللہ اور رسول کا لے ہے جو کوئی نام

جو ہین پہنسے دنیا کے بیشک ہین یہ سب غلط
ہو وے کسی جو خالی بلا شک وہ سب غلط
دنیا کی جو نمود ہو بالکل ہو سب غلط
حضرت نے جو کہا ہی نہین وہ ہے سب غلط
کچہہ اصل انکی ہے نہین یہہ باتین سب غلط
یہہ فہم اور یہہ ذوق تمہارا ہے سب غلط
آلودہ اسمین رہنا سراسر ہے سب غلط
انکی طمع مین پڑنا تو بیجا ہے سب غلط
بیشک صحیح تو یہی ہے باقی ہے سب غلط

اب حرص کو تو چھوڑ دے ساتھہ اپنے کچھہ لے
یہہ صدق دنیا ہیچ ہے بیشک ہے سب غلط

کیا خوب ہوگا سرور پیر دو سرا کا خط
مہر اپنی کرکے اور لکہا نے وہ اور سے
جیسے کہ دیکھا ہوگا شہ انبیا کا خط
شاہون کو جا بجا کرتا رسول خدا کا خط

ملک اوسکا زیادہ ہوگیا اور پائی آخرت | جسنے کہ سر پہ رکھا حبیب خدا کا خط
وہ ہوگیا تباہ نہ نام و نشان رہا | جس شاہ نے کہ پھاڑا رسول خدا کا خط
آنکھوں سے وہ لگاتا تھا تعظیم کرتا تھا | جاتا تھا جسکے نام رسول خدا کا خط
بندے وہ کیسے ہونگے خدائی کریم کے | جنکے کہ پاس جاتا حبیب خدا کا خط
وہ کیسا ہوگا ملک وہ ہوگا کیسا شہر | جاتا تھا جس جگہہ وہ صل علی کا خط
دلکو سرور ہوتا ہے اوس ذکر کرنے سے | کیا خوشنما وہ ہوگا خلیل خدا کا خط
ظاہر مین جبکہ پڑھ نہ سکے محض امی تھے | رکھہ اپنی انگلی پڑھتے تھے شاہ دوسرا کا خط
ہیبت سے عرق آتا بہت خوف ہوتا تھا | جب پاس آتا آپ کے رب العلی کا خط

پھر صدق اشتیاق مین کہتا ہے شوق مین
یارب وہ کیسا ہوگا بھلا مصطفیٰ کا خط

ہان عشق مین رسول کے جسنے اوٹھایا خط | دنیا کا جسنے خاک مین جاون ملایا حظ
آسان ہوگی اوسکو تو جانکنی موت بھی | جسکو کہ حق نے عشق نبی کا چکھایا حظ
چھوٹینگے اوس سے دنیا کے سارے مزے ضرور | ہے جسنے اپنی سینے مین حق کا بٹھایا خط
چکھیگا وہ ہی ذائقہ اس عشق کا ضرور | اس نفس پر فریب سے جسنے چھوڑایا حظ
پہونچیگا وہ مدینہ مین جاون بیالیقین | جسکو کہ جانے روضہ کا دلمین سمایا حظ
انسان ہر ایک قسم کے عالم مین آئی ہین | بہتر وہی ہے جسنے کہ اپنا مٹایا حظ
افضل وہی ہے نیک وہی صالح ہے وہی | دنیا کا جس بشر نے کہ دل سے بھلایا حظ
پاویگا وہ نجات قیامت کے ہول سے | دنیائے دون سے جسنے کہ اپنا اوٹھایا حظ
چمکیگی اوسپہ روشنی حق کی تو بیگمان | جس شخص نے کہ خاک مین اپنا ملایا حظ
ہوگا عبور اوسکا تو پل پر سے مثل برق | حرص و ہوا کا جسنے کہ اپنے مٹایا حظ
کیا کچھہ بیان ہووے جناب بلال کا | نسبت رسول سے جو اونہوں نے اوٹھایا حظ

پھرتا ہے صدق واہی تباہی تو کیون بھلا
ذکر نبی کا دلمین جو تیرے سمایا حظ

غیر از خدا کے دل کا لگانا بھی ہے منع
اور بے وضو قرآن کا چھونا بھی ہے منع

جو کار خیر کرنا ہو اب اوسکو جلد کر
بس سستی کار خیر مین کرنا بھی ہے منع

جو ہو کوئی گناہ تو فی الفور توبہ کر
توبہ مین تجکو دیر لگانا بھی ہے منع

بیٹھو جو دوستو کسی محفل مین تم ذرا
بے ذکر وان خموش تو رہنا بھی ہے منع

ہر وقت چاہیے تو طہارت تمہین مدام
بے غسل ایک لحظہ کے رہنا بھی ہے منع

جب اوے نام احمد مرسل کا دوستو
پڑھنا درود چپ کا تو رہنا بھی ہے منع

بیخوف ہو کے سبکو ستاتا ہے تو غبی
ایک چیونٹی کے دل کا دکھانا بھی ہے منع

مدجھانے سے بچائیو اس نفس کو ضرور
بستر کی جگہ مین اسکا لیجانا بھی ہے منع

بیخوف ہو خدا سے تو پیتا ہے اب شراب
ایک گھونٹ تو شراب کا پینا بھی ہے منع

کہتا سنکار نہین ہے اور بخیل ہے تو
سود و بیاج کا تجھے کھانا بھی ہے منع

مان باپ کا ادب نہین مانے ہے تو ذرا
سب مذہبون مین اونکا ستانا بھی ہے منع

مال یتیم کھاتا ہے بے فکر ہو کے تو
ظلم و ستم کا اونپہ تو کرنا بھی ہے منع

دلکو لگا کے دنیا مین رہتے ہو دوستو
بے یاد حق کے رات کو سونا بھی ہے منع

لڑنے مین اپنی عمر کو کرتے ہو تم بسر
گالی گلوچ و فحش کا بکنا بھی ہے منع

اے صدق کار دنیا مین بہر الہ کر
بے کار اس جہان مین رہنا بھی ہے منع

جسکو خدا کی راہ مین ہوتا نہین دریغ
اوسکو تو جان دینے مین آتا نہین دریغ

بیشک سچی وہی ہے محبت خدا وہی
جسکو کہ حق کی راہ مین زر سے نہین دریغ

سوتے تھے مصطفے کی جگہ ایکدن علے
سمجھے تھے جان دینے مین مجکو نہین دریغ

حق کی رضا مین جو کہ کمر باندھے بیٹھے ہین
اونکو کسی سے کام مین آتا نہین دریغ

مجلس مین جسکے آنے کا حکم رسول ہو
دربان کو اوسکے روک سے ہرگز نہین دریغ

جنت مین جسکے جانیکا ارشاد ہو رسول
رضوان کو اوسکے جانے مین آوے نہین دریغ

اللہ جسکو دیوے خوشی یا کسی کو غم
ولیون کو اس سے ہووے کبھی بھی نہین دریغ

اے صدق وہ تو بہو پہنچینگے جنت مین بی حساب
جن کو خدا کی راہ مین آتا نہیں دریغ ❖

رات دن ہے جو کوئی عشق خدا مین مصروف — ہے حقیقت مین وہ جنت کی فضا مین مصروف
رنج و ریاضت تو ذرا دیکہو شہ ہر دو سرا — تہے خدا سے بی است وہ دعا مین مصروف
ای خداوند جہان تجہہ سے پناہ ہے درکار — رہتا ہے نفس بڑا حرص و ہوا مین مصروف
نفس کمبخت بڑا بد ہے شریر و بدذات — رات دن کہانے مین ہے اور غذا مین مصروف
نفس امارہ کو جو زیر کرے رہوی ہے — وہ نہ رہیگا کبہی دوزخ کی سزا مین مصروف
چاہیئے اوسکو درود و نبی کو کثرت یارو — عصیان سے رہتا ہے جو شخص بلا مین مصروف
ہے یہہ امید کہ بیشک ہو دعا اوسکی قبول — رہوے جو بندہ خدا تجہہ دعا مین مصروف
توبہ کرنا اوسے ہر وقت ہی لازم یارو — جو رہا ہووے کوئی رنج و عنا مین مصروف
وہ جہنم مین پڑے اور رہے اوسکو عذاب — جو کہ ہے ظلم و ستم اور دغا مین مصروف
ای خدا تجہہ سے یہی کرتا ہون ہر دم فریاد — تو بچا مجکو کہ ہون جرم و خطا مین مصروف
ہے شب و روز دعا تجہہ سے یہی تو میری — رکہہ خدا مجکو تو تو نعت و ثنا مین مصروف
وہ تو ایک پل ہی مین پل پر سے گذر جاویگا — جو کہ ہر وقت رہے راہ خدا مین مصروف

باغ فردوس مین وہ چین اوڑاویگا ضرور ❖
صدق دل سے جو رہے ذکر خدا مین مصروف ❖

محشر مین نیکان یکطرف ہووین بدان وان یکطرف — ہون نیک رویان یکطرف ہون زشت خویان یکطرف
حافظ قرآن یکطرف قرآن خوانان یکطرف — میلود خوانان یکطرف صلوات خوانان یکطرف
مسکین گدایان یکطرف سلطان ذیشان یکطرف — گبر و یہودان یکطرف وان ہون مسلمان یکطرف
عالم محدث یکطرف [illegible] مفسر یکطرف — شیخ و مشایخ یکطرف ہووین موحدان یکطرف
[illegible] سالک یکطرف [illegible] یکطرف — ہون عاشقان وان یکطرف اور ہون محبان یکطرف
[illegible] — کفار مشرک یکطرف ہون اہل ایمان یکطرف
وہ دن ہوا ایسا [illegible] — ہون اہل دنیا یکطرف ہون اہل عرفان یکطرف

ایسی وہان کھل بل پڑے ردو ہین وہانپر اشقیا
محشور ہون مُردو نکے توُل اوجھنگے وان قبر و نسے غوزیان
نیچے ہون وانپر پڑے ہون اُستی اونکے کہڑے
یان ظلم جسنے ہے کیا چکہیگا وان اوسکا مزا
دیکھینگے وہ اپنا کیا بہگتینگے وہ جو کچھہ کیا
محشر کا دن ہوگا کٹھن نیکو نکو ہو نہ وان حزن
تولین وہان سبکے عمل کہولین وہان کمر و دغل
ہووے وہان سب حساب کہولین وہان عملی کتاب
صف باندہے ہونگے اصفیا ایک سمت سارے انقیا
ہون خضر و موسی ایکطرف اور نوح عیسے یکطرف
نیکون کی ہونگی عیان اور گمرہو نکی ٹولیان
ایک دہوم ہووے وان بڑی آنے رسول اللہ کی
سنو سے ہووے ہون سب جہین جاری ہو وان نہرلین
آدم سے لے عیسے نبی کہوین وہان نفسی سبہی

زنا و عابد یک طرف ابلیس شیطان یکطرف
ہون سود خوران یکطرف اور روزہ داران یکطرف
وان ظالمان ہون یکطرف ایماندران یکطرف
لشکر یزیدان یکطرف شاہ شہیدان یکطرف
ظالم شریران یکطرف بیکس غریبان یکطرف
ہون جن پری وان یکطرف حیوان طیران یکطرف
ہون ماہ رویان یکطرف ہون سیاہ رویان یکطرف
کفران نعمت یکطرف شکر گذاران یکطرف
ہون متقی وان یکطرف ہون صالحاوان یکطرف
ہون شیث و آدم یکطرف لقمان سلیمان یکطرف
ہارون موسی یکطرف فرعون ہامان یکطرف
ہون انبیا وان یکطرف اور اولیا وان یکطرف
رضوان و مالک یکطرف سب حور و غلمان یکطرف
ساری خدائی یکطرف شاہ رسولان یکطرف

محشر وہ دن ہے الامان کانپینگے وان پیر و جوان
ہو صدق احمد یکطرف ہون مدح خوانان یکطرف

دونون جہان مین شافع ابرار ہین شفیق
دنیا و دین مین کوئی نہ مونس و غم گسار
محشر مین گرمی دہوپ سے عرق آئیگا ضرور
خطرہ نہین ہے مجکو گنا ہونسے کچھہ ذرا
اعمال بندون کے تلین میدان حشر مین
اعمال تلنے کا تو ہمین غم نہین ہے کچھہ
بل سے حساب سے نہین رکھتے ہین غم ذرا

سختی کے وقت احمد مختار ہین شفیق
بیشک رسول میرے مددگار ہین شفیق
اوس جا ہمارے سید مختار ہین شفیق
دونون جہان مین سرور سردار ہین شفیق
اوس جا ہمارے سید ابرار ہین شفیق
لاریب واپنہ سید مختار مین شفیق
سر جا ہمارے حامی مختار ہین شفیق

کوئی نہ یان رفیق نہ کوئی وہان محب
اے صدق غم نہ کہا شہ ابرار ہین شفیق

انسان کے دلمین چاہیئے بیشک خدا کا عشق
دنیا کے سب بکھیڑونکو چھوڑو رفیقو تم
آگ اوسکے تن پہ نار جہنم کی سرد ہے
عاشق خدا کا جانون رسول کریم کو ❊
بڑہتے رہو درود دون کو ای یارو دوستو
جاوے وہ ایک پل مین گذر پل صراط سے
رہتے تھے یار کا ہی مین جانتے نہ تھے کہین
کامل اوسیکا جان لو ایمان عاشقو
کوثر کا پانی پیویگا لاریب وہ بشر
لیل و نہار رو رو یہی عرض کرتا ہون
کافر کا رنج کھینچنے سہتے تھے سختیان
اسرار کے وہ رتبہ کو پہونچیگا لا کلام

وہ دل برا ہے جسمین نہین مصطفے کا عشق
جو ہے تمہارے دل مین رسول خدا کا عشق
ہو جس بشر کو شافع روز جزا کا عشق ❊
لاریب ہے خدا کو تو بس مصطفے کا عشق ❊
جو جان و دل سے رکھتے ہو شمس الضحی کا عشق
جو رکھتا ہو بشر کوئی ہر دوسرا کا عشق ❊
تہا ابکر کے دلمین نہ دوسرا کا عشق ❊
جسکو کہ زیادہ باپ سے ہو مصطفے کا عشق
رہتا ہے جسکے دلمین شہ انبیا کا عشق ❊
اے رب مرے تو دیدے مجھے مصطفے کا عشق
کیسا بلال کو تہا حبیب خدا کا عشق
سینے مین جسکے ہو وے شہ لافتی کا عشق

دار الجنان مین پہونچیگا اے صدق وہ ضرور
ہو ذرہ جسکے دل مین رسول خدا کا عشق ❊

ہو جسکی پہونچ یارو رسول زبان تلک
لیتا ہے منہہ کو چوم خدای جلیل بھی
وہ خلق وہ طریق تہا جسکی نہین ہے حد
پڑہتا ہے جو درود محمد پہ ایک بار
ہے التجا یہہ تجہہ سے خداوند ذو الجلال
ملجائین مجکو خضر تو ان سے یہی کہون
ایک شمہ بہی ادا نہو نعت رسول سے

پہونچیگا وہ ضرور ہی بس لامکان تلک
آتا ہے جبکہ نام محمد زبان تلک
خوش رہتے تھے حضور کے خورد و کلان تلک
لیجاتے ہین فرشتے اوسے لامکان تلک
پہونچاوے تو سلام مرا شہ زمان تلک
لیچل مجھے تو مدینے شاہ شہان تلک
عمرین تمام کرکے کوئی لکھے جان تلک

قدسی فلک پہ حیران ہون مدح رسول سے
پھر کیا ثنا مین لاؤنگا اپنی زبان تلک
ہین سیر کرنیوالے فرشتے زمین پر
پہونچاتے ہین وہ تحفہ رسول زبان تلک
پیرو رسول رہیگا جو شخص رات دن
لاریب وہ تو پہونچیگا باغ جنان تلک
پیدا ہوئے رسول تو روتے تہے کاہنا
وہ خبرین اپنی دیتے تہے سب انس و جان تلک
معراج مین رسول کے جانون محبو تم
تہا نور ایک زمین سے لے آسمان تلک
اسری کی شب رسول نے ہم سیہ کارونکی
بخشش کرائی حق سے تہا ممکن جہان تلک
جنت مین جو مزے ہین نہ آوین بیان مین
انسان کا فہم پہونچے نہ ہرگز وہان تلک
جسکا سیاہ دل ہوا آنسو نہ آویگا
لیجائے اوسکو گر کوئی قرآن خوان تلک
لکھہ لیتے ہین فرشتے اوسی دم اوسے ضرور
جو بات کوئی لاوے ہے اپنے دہان تلک
حشر کے قرب ہو یہہ زمانہ کا انقلاب
سجدہ مین کوئی کہوے نہ ہرگز اذان تلک
جو آج اونچے محل بناتے ہین دوستو
کل اونکا رہیگا نہین کچہہ بہی نشان تلک
کہدینگے دل کا بہید جو پوشیدہ رکہے تو
تیر اگذر یہہ ہو وہین روشندان تلک
عالم کے غوث تہے وہ جناب محی الدین
لاریب اونکی پہونچ تہی بس لامکان تلک

یہہ صدق زاری کرتا ہے فریاد الغیاث
پہونچتی ہین اس کے جرم خدایا کہان تلک

اپنے کعبہ مین ہمین اب تو خدایا لیے چل
بیت اقدس مین ہمین جلد الہٰی لیے چل
عرض تجہہ سے یہی کرتا ہون مین ہر شام و سحر
اب مدینے کے مکانون مین خدایا لیے چل
تجہہ پہ ظاہر ہے کہ سرمایہ نہین ہے کچہہ بہی
مجہہ سے اعظم کو تو یثرب مین خدایا لیے چل
ہند کے کوچون مین مدت سے پڑا ہون پہرتا
اب مجہے طیبہ کی گلیون مین خدایا لیے چل
گہر کے ایک گوشہ فرقت سے پڑا ہون ناشاد
خانہ بیت مقدس مین خدایا لیے چل
تری رحمت ہی جب چاہے برستی ہووے
اون مزارون پہ شہیدون کے خدایا لیے چل
عرض تجہہ سے یہی کرتا ہون مین ہر شام سحر
اب مدینے کے مکانون مین خدایا لیے چل
ہے شب و روز تمنا ہے دلکی یہہ ہی
تو مجہے مشہد اقدس پہ خدایا لیے چل

رات دن صدق یہی کہتا ہے رو رو تجھہ سے
تو در طیبہ محمد پہ خدایا لے چل ❊

تھے وہ حبیب شاہ رسول زبان بلال
گلزار کوچہ ہوتا تھا جاتے جہان بلال

کہتے تھے لوگ اونکو تو صدیق کا غلام
تھے واقعی وہ دنیا مین شاہ شہان بلال

رہتے تھے ہمرکاب ہین حضرت رسول کے
جاتے جہان رسول تھے جاتے وہان بلال

ایک چوٹ سی تو لگتی ہی دلپہ صحابہ کے
مسجد مین جاکے کہتے تھے جسدم اذان بلال

صدمہ دلون پہ ہوتا صحابہ کبار کے
جب مصطفی کے سامنے کہتے اذان بلال

اک روز ایک صحابی نے موتہہ پر اونہین کہا
کہتے غلط ہوا ان سے اب تم اذان بلال

یہ شخص اونسے کرتا کوئی رنج سے کلام
خاموش رہتے اور نہ کرتے بیان بلال

ہوتا تہا حرف شین ادا اونکا سین سے
مشہور تھے جہان مین لکنت زبان بلال

تہا نقش اونکے سینہ پہ یسین کا لکہا
بس سین کا تو شین سے دیتے نشان بلال

کیا بہا گئی یہی حق کو ادا اوس غریب کی
تڑکا نہ ہوتا کہتے نہ جب تک اذان بلال

مقبول تھے خدا کے محب تھے رسول کے
محبوب اونکی کیون نہ بہلا ہوا اذان بلال

دیکھا نبی نے اونکو تو جنت مین پیشتر
فرمایا تجھ پہ یہہ تو نہین تہا گمان بلال

پہلے ہی مجہسے آیا ہے تو تو بہشت مین
اسکا سبب تو مجہسے ذرا کر بیان بلال

کی عرض ہاتھ باندھ کے ای آقا ای شہا
جس جا سے آپ جائینگے جائیگا وان بلال

شیدا ہے یہہ تو آپ کا جنت سے ہے نہ کام
مثل نشان علم کے ہے پیچہے نشان بلال

کیا مرتبہ بلال تہا کیا اوسکی پہونچ تہی
لکھا اب نہین مین سکتا ہون کچھ بیان بلال

کہتے عمر تھے ایک دن اپنے رفیقون سے
کرتا ہون تم سے آج مین وصف و بیان بلال

سردار بالیقین نہین اس مین کچھ کلام
سردار واقعی ہین ہمارے میان بلال

ہے یہہ یقین وہ جاویگا جنت مین اونکی ساتھ
مشہور ہو گیا ہے جو یان مدح خوان بلال

تو پا ہی خاک اونکا غلام ان غلام ہے ❊
ای صدق تو کہان ہی بہلا وہ کہان بلال ❊

سبھی دل مین رہتا ہے میرے مدام — پڑھون نام تیرا رسول انام
ہو رحمت خدا کی تو تجھہ پہ دوام — حبیب خدا تجھہ پہ پہونچے سلام

شب و روز ہے یہہ مری التجا — دکھادے مجھے اپنا تو مہ لقا
یہی اپنے دل کا ہے بس مدعا — شہ انبیا تجھہ پہ پہونچے سلام

یہی عرض ہے تجھہ سے شاہ زمن — ہمیشہ ترا نام رہ بر دہن
اوٹھون قبر سے یہہ ہی کہتا سخن — امام اصفیا تجھہ پہ پہونچے سلام

قیامت مین ہو جب بڑا اژدہام — وہان پیاسی خلقت ہو ہو دی تمام
مجھے دیجو اوسوقت کوثر کا جام — رسول خدا تجھہ پہ پہونچے سلام

بلالو مدینے مین اب صدق کو — پڑا سندھ مین یہہ ہے مجبور ہو

۱

در روضہ دیکھے جو اب ہو سو ہو
شہ دوسرا تجھہ پہ پہونچے سلام

کیا کرین اب حال دل اظہار ہم — ہین گنہ سے حالت بیمار ہم
کیا ہمارا نفس بد سے حسرتا — کرتے ہین ہر بات مین تکرار ہم
یہہ ہمارا ہے نفس حاسد مین ضرور — کرتے ہین آپسمین جو تکرار ہم
حاسدین یہہ نفس ہے بیشک غوی — اسپہ لعنت کرتے ہین دس بار ہم
گفتگو بے فایدہ کرتے فضول — سرپہ لیتے ہین بلا دو چار ہم
سنگ موںہہ مین رکھتے تھے صدیق تو — وائے باتین کرتے ہین سو بار ہم
کچھہ نہین طاعت خدا کی ہم سے ہو — فی الحقیقت مین بڑے بدکار ہم
اے خدا غافل ہوئے ہین تجھہ سے بہت — کچھہ نہین کرتے ترا اذکار ہم
ہائے عقبے کی نہ سوجھی کچھہ ہمین — دنیوی کامون مین ہین عیار ہم
کار عقبے مین بڑے بیہوش ہین — اور کامون مین ہین بس ہشیار ہم
دین و عقبے کی نہین سوجھی ہمین — کار دنیا مین ہین بس طرار ہم
ہو خدا کی معرفت کیونکر کشود — سینہ مین رکھتے ہین ایک پندار ہم

اے خدا تو بخشدے جرم و خطا
اے خدا عیبون کو تو پوشیدہ رکھہ
تو ہمین توفیق دے رب کریم
حکم بن تیرے نہ ذرہ ہل سکے
راہبر ہو تو خداوندکریم
وعدہ حق ہے خداوند جلیل
ہو وہی مقبول درگاہ خدا
آسمان ہفتم پہ ہو جاوے گذر
کشف ہو جاوے ضرور ہمکو فنا
ای خدا اے مالک رب جلیل
جاوینگے ایسے سفر مین جس نا
اوس سفر کے واسطے اے دوستو
ہے سفر در پیش وہ سب کو بڑا
وہ سفر ہے قبر کا لاریب و شک

جو محبت دل مین ہو حضرت ہمین
پہر ہمین خدشہ نہین شیطان سے
کلمۂ طیب پڑہین جو روز و شب
ہائے دنیا مین پہنسے غافل رہے
دیکھئے نیکون کا شانہ کس طور ہو
ای خدا ایمان سے رکھیو ہمین
قبر و محشر کا نہین خطرہ ہمین
حق نہین رکھیگا ہمکو بے نصیب
ہم یتیمون کی کرو خدمت ضرور

گنہ سے کرتے ہین بس اقرار ہم
جانتے تجکو ہین تو ستار ہم
پست ہمت سے ہوئے لاچار ہم
کرتے ہین اس بات سے اقرار ہم
سمجھہ یہ ابت کے نہین مختار ہم
وعدۂ ایفا مین ہین سکار ہم
خالص للہ کرین جو کار ہم
توڑ دین جو شرک سے زنار ہم
رہوین جو حق کے لیئے بیدار ہم
نفس دیتے ہین بڑے بیزار ہم
لوٹ کر آوینگے نے زنہار ہم
ہین کمر باندہے کہڑے طیار ہم
کیا لکہین وہ حال اب ای یار ہم
کیا کہین اوس قبر کے اطوار ہم
دیکھہ لین جا قبر وہ گلزار ہم
بحر دنیا سے جو ہوویں پار ہم
راہی دوزخ ہوون زنہار ہم
اب گنہ سے لے چلے انبار ہم
ہین نہین کچھہ متقی ابرار ہم
یہہ ہی کرتے ہین دعا ہر بار ہم
جانتے تجکو ہین غفار ہم
گر یتیمون کا جو لیوین بار ہم
روز و شب کرتے ہین یہ گفتار ہم

فرض مطلق جان لو خدمت یتیم
رکہتے ہین تم سے یہی ہر بار ہم

بیوہ کا کر دو نکاح اے دوستو
رکہتے ہین یہہ ہی بلا اصرار ہم

یہہ ہماری عقل یہہ بدتر سمجہہ
رکہتے ہین اس کا ہے اک عار ہم

ہم سے بہتر ہو نہین دنیا کا شاہ
اوس نبی کے جاوین جو دربار ہم

سینہ پر کینہ ہمارا ہے کثیف
کیسے ہون پہر داخل زوار ہم

ہائے قسمت نے نہ کی کچہہ بہی مدد
لے چلے بس حسرت دیدار ہم

آہ آوین طیبہ مین کیسی حضور
پاس کچہہ رکہتے نہین دینار ہم

آتش دوزخ نہ دیکہینگے کبہی
ہون مدینہ کے اگر زوار ہم

کیا کہین اب شامت اعمال سے
لایق مجلس نہین سرکار ہم

یا نبی ہے آرزو اب تو یہہ ہی
دیکہہ لین روضہ ترا اک بار ہم

کچہہ نہین ہم پر گنہ باقی رہین
دیکہہ لین جو وہ گل گلزار ہم ؎

آپ کے قدمون گرین ہے آرزو
قبر مین جو دیکہہ لین دیدار ہم

ہو اگر زیارت ہمین دیدار کی ؎
ہووین قربان آپ پر سو بار ہم

یا نبی ہے آرزو لیل و نہار ؎
رہوین الفت مین تری سرشار ہم

یا رسول اللہ بغیر از آپ کے ؎
رکہتے ہین کوئی نہین سردار ہم

یا نبی اللہ خبر لیجے شتاب
بحر عصیان مین پڑے منجہدار ہم

یا خلیل اللہ تمہارا آسرا ؎
چہوڑ دینگے واللہ نہین زنہار ہم

یا حبیب اللہ تمہارے ہجر مین
آتش دوری سے ہین ناچار ہم

التجا ہے مرنے سے پہلے حضور
دیکہہ لیوین ایک دفعہ دیدار ہم

طیبہ مین جاوین بہلا کیونکر خدا
ہیچ مجلس ہین نہین زردار ہم

تجہہ سے پوشیدہ نہین ہے کچہہ بہی حال
کیا بہلا تجہہ پر کرین اظہار ہم

جز تری امداد کے رب جلیل
چل نہین سکتے کوئی رفتار ہم

کیا مزا ہو لطف کیا ہو دوستو
جا سکے روضہ پہ جو دین زار ہم

واے قسمت اپنی ایسی ہے کہان
کار کرکے دوست روضہ پر گئے
ہوتا ہے ذکر و بیان پیش نبی
عمر گذری شر بدی کرتے ہوئے
کچھ نہین نیکی ذرا ہمنے کری
جاتی رہوے ساری دنیا کی ہوس
بولے حضرت جب ہوئے دندان شہید
تو نہ انکا تو ٹیو طبقہ خدا
لاوے شاید کوئی تو ایمان بشر
کیون کرین ہم بد دعا انکے لیے
اے خدا اے مالک ہر دو جہان
اب ہمین لے چل مدینہ مین خدا
ڈھونڈھتے تھے پایا اوسکو سینہ مین

اوس مدینہ کے جو ہون زوار ہم
حیف ہے ایک رہگئے بے کار ہم
پڑھتے ہین صلوات جو ہر بار ہم
نیکیون سے ہین بڑے نادار ہم
ہاتھہ خالی اب چلے دربار ہم
دیکھین جا طیبہ کا جو گلزار ہم
اے خدا ہین امت غمخوار ہم
جانتے تجکو تو ہین ستار ہم
اسلیے کرتے دعا ہین زار ہم
جانتے ہین تجکو بڑا غفار ہم
التجا کرتے ہین تجھ سے زار ہم
ہووین اوس روضہ پہ جا زوار ہم
اب نہ جاینگے سوے کہسار ہم

بس محبت سے سنو تم دوستو
پڑھتے ہین اب صدق کے اشعار ہم

محمد صاحب جود و عطا ہین
محمد شافع روز جزا ہین
محمد جن و انسان کے شہا ہین
محمد باعث کون و مکان ہین
محمد پیشواے مرسلین ہین
محمد سرور ہر دو سرا ہین
وہی سب خلق کے مشکل کشا ہین
وہی بدر الدجی نور الہدی ہین

محمد منبع حلم و حیا ہین
محمد ہادی راہ ہدی ہین
محمد راز دار کبریا ہین
محمد مالک ہر دو جہان ہین
محمد شافع یوم الیقین ہین
محمد معدن لطف و عطا ہین
وہی صدر علا شمس الضحی ہین
ولیون کے وہی تو مقتدا ہین

بلا شک مرتبہ اون کا ہی عالی ؛
خدا نے دی بڑی عزت ہی انکو
بلا شک اونکے در پر جبہ سا ہین
انیس رہنما شاہ و گدا ہین ؛

نہین رحلت ہوئی دنیا سے انکی
فضایل کے ہین عیسیٰ سے بڑہکر
وہ امت سے نہ اپنی کچھہ جدا ہین
یہہ جانون وہ محمد مصطفے ہین ؛

نہین دہشت ہمین دوزخ سے کچھہ بہی
وہی مالک ہماری وہ ہی ہادی
شفاعت کو ہماری مصطفے ہین
اونہین پہ ہم تو قربان و فدا ہین

نہ کر اے صدق تو محشر کا خطرہ
ترے حامی محمد مصطفے ہین

محمد سے جو دل لگائے ہوئی ہین ؛
سمجہہ لو وہ جنت مین جاتی ہوئی ہین
نہین اونکو پروا ہے جنت کی صاحب
مزا عشق احمد جو پائے ہوئی ہین
اگر دیکہو عبرت سے مردون کو لوگو
یہہ جنگل مین بستی بسائی ہوئی ہین
گنہ سے نہین اوٹہتا سر ہے ہمارا
ندامت سے سنہ ہم چہپائی ہوئی ہین
یہہ لڑکون سے کہتے اویس قرن تہے
نہ مارو ہمین ہم ستائے ہوئی ہین
بڑے پتہرون سے تو ہرگز نہ مارو
کہ ہم عشق کے زخم کہائی ہوئی ہین
یہہ جذبہ مین کہتے بلال حبش تہے
ترے عشق مین جی جلائی ہوئی ہین
بہت خستہ زخمی نہ ہمکو کرو تم
بلا عشق اب ہم اوٹہائی ہوئی ہین
نہ امی لوگ اب تم کوئی بات بولو
جگر عشق سے ہم جلائے ہوئی ہین
نہ رورنج ہمکو کوئی صاحب اب تو
بہت صدمے اب ہم اوٹہائی ہوئی ہین
صہیب یہہ ہی کہتے وطن چہوڑ اپنا
سہارے محمد کے آئے ہوئی ہین ؛
دیروالا اب چہوڑ جاوین کہان کو
قدم آنکہون سے ہم لگائی ہوئی ہین
نہین ہے وسیلہ بجز ذات احمد
نظر آسرے پر لگائے ہوئی ہین
بلال آ کے بس شام مین یہہ ہی کہتے
ہم حال پریشان اب آئے ہوئی ہین
شب و روز کرتے تہے فریاد و زاری
یہہ کہتے تہے دل ہم جلائی ہوئی ہین

نہ بولو کوئی ہم سے اے لوگو اب تو
حضور ہی مین رہتے تھے حضرت کے ہردم
محبت کے ہم زخم کھائے ہوئے ہین
ہمین دل سے حضرت بھلائی ہوئے ہین

یہہ محرومی قسمت سے اب تو ہماری
جنت ماوی مین اب انکی سواری آئیگی

وہ ہی جن کے شفاعت چاہیئے سارے ہی
پہلے ہی فردوس مین اونکی سواری آئیگی

شوق مین غلبے سے کھڑے تھے بیچارے ہی اونسے
چونک اوٹھونگا جب پیغمبر کی سواری آئیگی

کیا تک ہوویگا اور ہوویگا کیا کچھ احتشام
دن قیامت جب پیغمبر کی سواری آئیگی

رنگ لاوی اے صدیق تو آنکھون سے یا بیشک ضرور
جبکہ میدان حشر مین شہ کی سواری آئیگی

ای خدا ہم سے نہین نعمت شماری آئیگی
ہان گنہ سے اپنے ہمکو شرمساری آئیگی

حیف ہے صد حیف ہے واحسرتا واحسرتا
ہان جو روتے ہین نہین وان او بیزاری آئیگی

جو بسر کرتے ہین دنیا مین نمازون کو قضا
روز محشر ایک گہڑی اونکی تو خواری آئیگی

یاد کر کے حشر کو آنکھین رولاؤ اپنی تم
دن قیامت ایک مصیبت سب پہ بہاری آئیگی

ظلم کرتے ہین جو دنیا مین گروہ اشقیا
بے تامل حشر مین خوب اونکو زاری آئیگی

توبہ کی دے توفیق ہمکو ای خداوند کریم
تیرے بندونکی نہ کچھ شرمساری آئیگی

جانے والے تو چلے جاتے ہین یثرب مین ہمیش
باری ای خالق خدا کس دن ہماری آئیگی

کون سا وہ زمانہ ہو چلین طیبہ مین ہم
ای فلک کب دیکھیے نسل ہماری آئیگی

محفل میلاد سلطان کا کرو تم اہتمام
محفل اقدس مین حضرت کی سواری آئیگی

تم کرو چھڑکاؤ محفلین گلاب پاش سے
پھر خوشبو اب یہان تو قماری آئیگی

تھے شب اسری ملک کھڑے جنت مین کھڑی
منتظر تھے جتنے ہم اونکی سواری آئیگی

کھڑے تھے قدسیان حور و غلمان کے گروہ
باری باری کے عوض باری ہماری آئیگی

سر جھکائے بیٹھی تہی جنت کے ایک گوشہ مین حور
یہی کہتی تہی پیغمبر کی سواری آئیگی

ساتھ ہی اونکا اونکے وہ بلال حبشی بہی
دیکھ لونگی اوسکو مین جب وہ سواری آئیگی

بارگاہی مین ضرور ہوویگا وہ جنتی مرا
عشق نے کیا غمزدہ سا کردیا ہے ناتوان
چھیڑتی ہین حوریان ایسین اُس غمگین کو
سمجھے سے آتی نہین ہے دیکھیے وہ سیہ لقا
چھیڑو تم اسکو نہ ہرگز حوریو بس چھوڑ دو
شرم کے مارے نہین آتی ہے سبکے سامنے
کہتی ہین حورین سنا کہ یہہ بلال حبش کو
ای بلال حبش اک ورد ہے مخاطب اس سے کچھہ
آک جہروکے سے نظر کر اس بلال حبش کو
سامنے آکر کیا حضرت سے یہہ اوسنے سوال
ای رسول حق بلال حبش کالا ہے بڑا
تب یہہ فرمایا رسول دوسرا نے جان حور
جنتی سیاہی ہے بلال حبش پر وہ نور ہو

دیکھیے یہہ دکھیا اوسکو غم کی ماری آئیگی
واقعی اب دیکھیے یہہ جان نثاری آئیگی
کہتی ہین بولو نہ اس سے خود بچاری آئیگی
آپ ہی سے آپ پھر وہ غم کی ماری آئیگی
آج اسکو دیکھیے وہ حق کی پیاری آئیگی
آپ ہی سے آپ یہہ خود جان نثاری آئیگی
چھوڑ دو اسکو آپ ہی وہ شوق ماری آئیگی
آپ کی خدمت مین ایک دن یہہ بچاری آئیگی
رنگ سانولا ہے یہہ بولی مجھہ یہہ خواری آئیگی
دن قیامت زوج یہہ دکھیا بچاری آئیگی
مجھکو سب حورون مین اُس سے شرمساری آئیگی
دن قیامت حوریون پہ نور باری آئیگی
وہ بھی تل ہو کے سب پر نور باری آئیگی

خواب مین اوسکے تو جا دیکھی سواری صدق جان
جس بشر کو عشق حضرت مین خماری آئیگی

طاقت دے خدا مجھکو بھی کچھہ کہنے سخن کی
جو یاد مین مولا کے شب و روز ہو مشغول
ہو منہ کھلے سے ایک نور نکلتا تھا ہمیشہ
بلوالیو مجھے آپ در روضہ پہ شاہا
رہتی ہے یہی حق سے دعا میری شب و روز
جو شہ کی محبت مین ہرین والہ و شیدا
کس طرح مدینہ کا سفر ہوئیگا ہم سے

محنت تو اٹھا مجھہ سے سبھی رنج و محن کی
پروا تو اوسے ہے نہین فردوس چمن کی
سو یہہ خوبی و تاثیر تہی حضرت کے دہن کی
دل کو صبر ہے پرواہ نہین رنج و محن کی
زیارت ہو مجھے خواب مین اب شاہ زمن کی
حاجت نہین ہرگز اونہین دنیا مین کفن کی
گردش لگی رہتی ہے یہی چرخ کہن کی

میں ہند میں ناچار پڑا رہتا ہوں سولا
اب لیجیے بلا مجکو مدینہ میں میرے شاہ
بوجو کہ نکلتی تھی پسینہ میں نبی کے
تھی جسسے مہک جاتے تھے سب کوچہ و بازار
جو شور کہ چاہ ہوتا وہ ہو جاتا تھا شیریں
اس ہند میں دیکھے ہیں حیران بہت سی تو
آنکھیں میری ہو جائیں مجلا و مصفا
دنیا میں سبھی مر چلے آسان ہیں بیشک
رہو نگی پناہ سب کو لوا احمد کے نیچے
خواہش مجھے ہے نہیں جسکو بیان شیر و شکر کیجیے

زیارت ہو مجھے اب تو مدینہ کے چمن کی
اس ہند میں آتی نہیں صورت ہے امن کی
ایسی بھلا خوشبو بھی کہاں مشک ختن کی
جسوقت کہ بو اوڑتی تھی حضرت کے بدن کی
تاثیر بڑی یہہ ہی تھی حضرت کے دہن کی
اب دیکھیہ فدا جاکے مدینہ کے چمن کی
پڑ جائے کہیں گرد جو یثرب کے چمن کی
ہے قبر کی منزل تو بڑی راہ کٹھن کی
محشر میں کہیں ہوگی نہیں جا امن کی
فردوس میں ہے اوسکے لیے نہر لبن کی

ای صدق نہ رہ حق سے تو ایک لحظہ بھی غافل
تجکو نہیں اب چاہیے کچھہ فکر سخن کی

جسے حق نے شراب عشق احمد کی پلائی ہے
اوسی پہ ہو تکہ رحمت خدا جلدی سے آئی ہے
محبت جسکے دلمیں کچھہ رسول حق سمائی ہے
اوسے سطوت جور و فتنہ غلامی سے غرض اوسکو
وہ بے پرسش چلے جاوینگے جنت میں خوشی کرکے
وہ بے کھٹکے چلے جاوینگے پل پر سے لوا ایک پل میں
نہیں ہستی ہی دنیا کی جنھیں ہستی ہی کچھ بات
نہیں ہوتی کبھی دنیا نہیں ہوتا کوئی آدم
نجاست کفر و ظلمت سے بھی شیشہ دنیا سب
بلا احمد بلا کرسی بلا لوح بلا عرش

اوسے دنیا کی پروا ہے نہ جنت اوسکو بھائی ہے
کہ جسنے محفل میلاد دنیا میں کرائی ہے
اوسے شاہی سے بہتر ہے مدینہ کی گدائی ہے
خدا ہی جسکے دلمیں عشق احمد کی سمائی ہے
جنھوں نے محفل میلاد دنیا میں کرائی ہے
خدا کی راہ میں دولت جنھوں نے کچھہ لٹائی ہے
محمد کے تو صدقہ سے یہ بستی سب بسائی ہے
برائے احمد مرسل یہہ دنیا کل بنائی ہے
ضلالت ساری دنیا کی حضرت نے مٹائی ہے
محمد نے رہ حق ساری عالم میں دکھائی ہے

بلا مطلب بلا مقصد بلا حاصل بلا حاجت
پڑہے صلوات جو دل سے ہے رحمت اوسپہ حق بیشک
اطاعت جو کہ دنیا مین کرے ہے احمد مرسل
چلے جو راہ پر ہی پر گرے وہ چاہ دوزخ مین
اوسے دہشت نہ پل سے ہے نہ سختی قبر و محشر سے
نہین ممکن کہ لکھے شان احمد مین غزل کوئی
رہا تو موت سے غافل نہین کی یاد حق تونے

ق

رسول دو جہان نے راہ سیدہی سب بتائی ہے
درود دین جو نہین پڑہتا تو اوسکو پہر برائی ہے
قیامت مین اوسی بندہ کی دوزخ سے رہائی ہے
چلے جو راہ سیدہی ہین جو احمد نے بتائی ہے
چلا جاوی وہ جنت مین خدا نے جو بنائی ہے
خدا نے اونکی اعلی شان سب بس بنائی ہے
کلام فحش اور بد بہی تجکو تو آئی ہے

پڑہے جا صدق دل سے تو سلام ہر دم درود ہر دم
محبت تیرے دل مین جو محمد کچھ سمائی ہے

کرتا ہے نفس مجکو ہے حیران کبہی کبہی
اس موذی کی دغا سے تو ہمکو خدا بچائے
رتبہ ہے اونکا عالی جو ہر روز پڑہتے ہین
بیٹہے گی ایک بلا نہین دنیا کی آنکے پاس
ہرگز نہ دیکھینگے وہ بلا اس جہان مین
پیشہ سے کام کو ہی نہ سمجھے کوئی حقیر
دنیا ہی دون مین جابر و ظالم کے ہاتھ سے
عالم کی سیر کرتے تھے دم مین شہ امم
حکمت مین پر بہ پیر تو ہمارے رسول تھے

دیتا ہے وسوسے مجھے شیطان کبہی کبہی
پہرتا ہے دہوکھے دیتا ہے شیطان کبہی کبہی
کم رتبہ سمت پڑہتے ہین قران کبہی کبہی
پڑہ لیتے ہین جو سورۂ رحمن کبہی کبہی
پڑہ لیتے ہین جو سورۂ انسان کبہی کبہی
پیشہ کا کام کرتے تھے لقمان کبہی کبہی
ہوتے ہین آدمی بہی پریشان کبہی کبہی
جاتے تھے تخت پر تو سلیمان کبہی کبہی
حکمت سے کام کرتے تھے لقمان کبہی کبہی

ظاہر مین دیکہا ہے نہین اب صدق تونے یار
دیکہا ہے خواب مین رخ تابان کبہی کبہی

نیکی جو کرے اوس سے بہلائی نہین جاتی
جو بد ہے کبہی اوس سے برائی نہین جاتی

عزت جو گئی پھر کے وہ آئی نہیں جاتی — وہ کار نہ کر جس سے برائی نہیں جاتی
یہہ گردش افلاک جو اب پھرتی ہے سر پر — اس چرخ ستمگر سے برائی نہیں جاتی
ظالم کوئی دنیا میں جو بھی تو یہ مر کے — جنت کبھی اوسکو تو جھنکائی نہیں جاتی
کیوں پھیر لیا تونے نصیحت سے یہ منہ کو — ایسی تو کوئی بات سنائی نہیں جاتی
جان اپنی فدا جو کہ محمدؐ پہ کرے ہے — دوزخ کبھی اوسکو تو دکھائی نہیں جاتی
یہہ چاہتا تھا بوجہل نے ہو جاوے مسلمان — تدبیر سے تقدیر ہٹائی نہیں جاتے
کہتے تھے نبی پوچھو ہو کیا روح کا تم حال — ہر شخص کو یہہ بات بتائی نہیں جاتی
جو کلمہ توحید کا تو اب ورد کرے ہے — آگ اوسپہ جہنم کی تو آئی نہیں جاتی
اس زیست دو روزہ میں تو اب خیر کو کر لے — جو عمر گئی لوٹ کے آئی نہیں جاتے
فردوس مکان اوسکا ہے جو سختی اٹھاوے — جنت کہیں اب مفت لٹائی نہیں جاتی
غافل تو پڑا سوتا ہے خرم و شادان — جب آئی قضا پھر تو ہٹائی نہیں جاتی
نازل ہو مصیبت تو وہ خود آکے رہیگی — اولٹی کوئی تقدیر ہٹائی نہیں جاتی
جنّی جو ہو مستی میں سرشار پڑا ہے — فردوس بریں اوسکو دکہائی نہیں جاتی
وہ کار نہ کر جس سے کہ ہو پھر بھی پشیمانی — موتی کی طرح آب پھر آئی نہیں جاتی
یہہ عشق وہ لو ہے کہ نہیں بجھتی اب بجھائے — جس دل میں لگے پھر تو دبائی نہیں جاتی
کہتے ہیں کوئی جبر تو یہہ مانع ہے شیطان — ابلیس سے اور ہم سے لڑائی نہیں جاتی

یارب تو ابھی صدق کو دکھلا دے مدینہ
اب ہند کی تکلیف اوٹھائی نہیں جاتی

دنیا کما کے دنیا کے زردار لے چلے — ہم دل میں شوق احمد مختار لے چلے
نیکی جہاں میں کر کے تو ابرار لے چلے — نامہ سیاہ کر کے گنہگار لے چلے
دوزخ سے ہے غرض نہ جنت کا کچھ خیال — ہم درد اور فراق تو اب یار لے چلے
کعبہ میں جا کے نیکی کوئی شخص کر چلا — دنیا سے ہم گناہ کا انبار لے چلے

ایمان جو نہ لائے رسالت مآب پر
وہ اب گنہ کے بوجھ تو کفار لے چلے

فردوس میں وہ جائینگے مرتے ہی بالیقین
جو دل میں ذکر سید ابرار لے چلے

رہتا ہے دم بدم شہ ابرار کا خیال
صبح و مسا تو ہم بھی اذکار لے چلے

دنیا سے خبر کر کے بہت جلد ہے سفر
ساتھ اپنے ہم گناہ کا انبار لے چلے

کوئی خیال حور میں کوئی قصور میں
ہم دل میں انس حامی مختار لے چلے

کوئی ہماری فعل نہ کاندھے پہ لے چلا
اپنے عمل ہم آپ ہی غمخوار لے چلے

ہے یہ دعا ہماری خداوند پاک سے
کعبہ میں اپنے ہمکو تو اکبار لے چلے

دن کون سا وہ ہوگا کہ تقدیر ہمکو صدقؔ
اس ہند سے مدینہ کے دربار لے چلے

اس جیفۂ دنیوی کو خریدار لے چلے
عقبیٰ کیا کے دین کے دیندار لے چلے

سمجھے گلشن جنان کی نہ پروا ہے ہمیں
ہم دل سے حب شافع مختار لے چلے

دنیا سے کوئی عدل تو ہمراہ لے چلا
حیف آہ ظلم کر کے ستمگار لے چلے

دنیا سے کوئی عقبی کما کر کے لے چلا
ہم ساتھ اپنے دنیا کا انبار لے چلے

کوئی خوشی سے پھرتے ہیں دنیا میں شادماں
کوئی غمی و رنج کا طومار لے چلے

آبادی سے غرض ہے نہ جنگل سے ہمکو کام
ہم درد عشق یار سے کہسار لے چلے

کوئی پڑا ہے رنج میں کوئی خوشی میں ہے
ہم جی میں اپنے خواہش دلدار لے چلے

کوئی تو کار خیر میں مصروف رہ چلا
بوجھ اپنے سر پہ رکھ کے گنہگار لے چلے

افسوس ہمنے دیکھا نہ وہ مہ لقا کبھی
اب دل میں آہ حسرت دیدار لے چلے

کوئی خیال یار میں کوئی وصال شوق
ورد دربار تو ہم بھی اشعار لے چلے

ہمکو ستاتا رہا یہ نفس بدخبیث
ساتھ اپنے روز کی ہی تکرار لے چلے

ہم دنیا سے نہ لے چلے کچھ پوٹ باندھ کر
اے صدقؔ بس گناہ کا انبار لے چلے

ہمارے حامی محمدؐ ہیں دو جہاں کے لیے
بغیر گنتی فضایل رسول حق کے ہیں
پڑھینگا دنیا میں جو کہ حبیب حق کی ثنا
رہے پناہ میں ـ ہووی نہ کچھ ضرر اسکا
کوئی ہے دنیا کا طالب کوئی ہے عقبی کا
نماز روزہ کرے ہے جو نور پاکے ساتھ

نہیں ہے خطرہ ہمیں کچھ گناہ سے مطلق
نہیں ہے پیاس ہے دہشت ذرا ہم امت کے
بشر رہوینگا رحمت سے کوئی بھی محروم
رسل تو باندھے کھڑے ہونگے صف قیامت میں
درود پڑھنے سے لگتے ہیں نخل جنت میں
جو اچھے لوگ ہیں کرتے ہیں کار عقبی کے
حدیث آئی ہے جو کہ نماز پڑھتے ہیں
یقین ہے دنیا میں ہو پہنچے نہ کچھ بلا انکو
مادر پدر سے زیادہ ہی الفت رسول ہم سمجھو
کوئی بچا نہیں رہوینگا یہاں مصیبت سے
ہمیں پناہ تو اصلا نصیب ہے شیطان سے
پڑھی ہیں پرسنا ہے ابی نفس جو تو مصروف
قرآن سن کے سے اوسے ہے دلہن رونا جو
قرآن بند رکھو غیر وجہ دان میں
بلند ہووے گی گردن تو حشر میں اوسکی
کرو نہ بیہودہ بات بک کے تم دشمن گندہ
بروز حشر صفت کیا ہو پڑھنے والوں کی

ہمیں یہ کافی ہے نام اونکا حرز جان کے لیے
بڑا سا چاہیے دفتر ہمیں بیان کے لیے
تو قند انجینگا محشر میں اوس زبان کے لیے
جو ذکر احمد مرسل کرے امان کے لیے
ہمیں تو کافی اب احمد ہیں اپنی جان کے لیے
نہ یہ یہاں کے لیے ہے نہ یہ وہاں کے لیے
ہیں مہربان حضور ہی تو کل جہان کے لیے
ایسے شہ اس جگہہ ہوئی شہ شہان کے لیے
آئے رسول حق کے ہیں رحمت جہان کے لیے
واں تخت ایک ہوویگا شاہ زمان کے لیے
ابی عاشقو لگاو شجر اب وہاں کے لیے
نہ کام اپنا ہوا کوئی اب وہاں کے لیے
اونکے تو ہاتھ ہوونگے سیمیں نشان کے لیے
جو نام لیوین محمدؐ ہیں حرز جان کے لیے
عشق اب رسول فرض ہے پیر و جوان کے لیے
بشر تو آئے ہیں دنیا میں امتحان کے لیے
ذکر اب رسول ہمکو ہے جائے امان کے لیے
کچھ کار خیر چاہیے کرنا وہاں کے لیے
منہ سے یہ روحی ہوئے ہیں نہ کچھ زبان کے لیے
مدام پڑھنے کی تاکید ہے قرآن کے لیے
رہے کمر کو جو باندھے ہے یاں اذان کے لیے
ذکر خدا ہے کافی حلاوت زبان کے لیے
واں اک محل ہو موتی کا قرآن خوان کے لیے

پڑھا ہو نمازوں کو اب صدق دل سے یارو تم
حق سے نہ یہہ معاف ہے پیر و جوان کے لیے

فراق احمد مرسل میں دلکو بیقراری ہے
رہا کرتی ہے جسکو عشق احمد میں خماری ہے
کرے کس کس طرح حق کی نعمتوں کا شکر اب بندہ
جسے ایسا مزا بخشے گا وہ ہی خوب جانے ہے
بچا دے تو خداوندا عذاب قبر سے مجکو
گذر ہو وےگا پل پر سے سبھی عالم کا تم جانو
نہ دہشت قبر میں اوسکو نہ خطرہ ہو قیامت میں
وہ بیشک جنتی ہے جو نبوت کا کرے اقرار

سحر کو آہ و زاری ہے تو شب اختر شماری ہے
نہ عقبے سے اوسے مطلب نہ جنت اسکو پیاری ہے
ہیں بیحد نعمتیں اوسکی کہاں گنتی شماری ہے
یہہ آگے اسکے دنیا کیا حقیقت میں بیچاری ہے
گناہوں کی میرے کندھے پہ گٹھری ایک بھاری ہے
اوتر جاوی وہ ایک پل میں کری جو ذکر باری ہے
خدا کا ذکر اب دل سے زبان پہ جسکے جاری ہے
نہ لاوے جو کہ ایمان بس وہی جانوں کہ ناری ہے

پڑھے جو صدق دل سے تو نمازوں کو وضو کرکے
مکان تیرا تو جنت ہو خدا کو یہہ ہی پیاری ہے

خدا کی حمد تم جانو بڑی نعمت گذاری ہے
مرے مونہہ سے رسول دوسرا کا نام جاری ہے
یہی ہے نام احمد بس میرے ہر وقت جاری ہے
شب ہجران میں ہر وقت سے بڑی ایک بیقراری ہے
دل مضطر تو کرتا اسطرح کیوں بیقراری ہے
یہاں محفلیں انکی یہہ کس گل کی طیاری ہے
خدا بھی ذکر کرتا ہے فرشتوں سے بہت اوسکا
زبان آلودہ عصیاں ہے لکھوں کیا حمد باری میں
نہیں امید برآتی بڑے ہیں انتو حسرت میں
بیشک گو نکو خوش آوے حقیقت میں صفت

وہی بندہ تو بہتر ہے جو کرتا ذکر باری ہے
مجھے توصیف میں اونکی نہایت شرمساری ہے
مجھے اس نام سے الفت تو لگتی بہت پیاری ہے
میرے سینہ سے ہر دم جیغ اوٹھتی آہ و زاری ہے
سفر کر اب مدینہ کا تجھے کیوں اضطراری ہے
چمن میں خوش ہیں طائر آمد فصل بہاری ہے
دہن سے نام احمد جب نشر کے رہو جاری ہے
مجھے اپنے گناہوں سے بڑی ایک شرمساری ہے
نہیں معلوم اب قسمت میں لکھا کیا ہماری ہے
مجھے تعریف حضرت بہت لگتی سب سے پیاری ہے

صفت گل کی کرے کوئی عندلیب کرے کوئی ۔ تجھے تو صحبت آل مصطفیٰ کل سے پیاری ہے
ہے جو نام احمد کو پڑھتے ہیں درود اون پر ۔ بہ مستی رہتے دنیا میں ہمیشہ اوسپہ خواری ہے
کروں تعریف کیا حضرت زبان میری تو قاصر ہے ۔ مگر دل کو لگے تو صحبت اونکی تجکو پیاری ہے
شب اسریٰ میں کہتا تھا براق حسرت سے جل جل کر ۔ چلے ہیں استخوان میری اب آئی تشنگی باری ہے
گئے جبریل جنت میں براق ایک پایا گوشہ میں ۔ جھکانے سر کو بیٹھا ہے لہو آنکھوں سے جاری ہے
یہی جبریل لکھتے ہیں غمگین تھے حضرت ۔ بلا شک آپ کی امت تو حق کو سب سے پیاری ہے
فراق احمد مرسل میں لکھتے ہیں اویس ایک دن ۔ بدن تو جل چکا سارا اب آئی دل کی باری ہے
بلال ایک روز لکھتے تھے تھا شوق میں غلبہ ۔ محبت کا بہ سبب دل میں لگا ایک زخم کاری ہے
صہیب عاشق والا ہی تھے مشتاق خدمت میں ۔ سجاؤں روم میں ہرگز مجھے خدمت ہی پیاری ہے
فقط ایک یوسف مصری کی ہی عاشق زلیخا تھی ۔ یہاں مشتاق حضرت کی جدائی دل پہ ساری ہے
یہی جبریل لکھتے ہیں در اقدس پہ آ کر ۔ بڑی منظور حق کو اب تمہاری پاسداری ہے
کہا جبریل نے ایک شب در دولت پہ حاضر ہو ۔ چلو اب عرش پر حضرت تمہاری یادگاری ہے
محل آراستہ جنت کے دیکھو ذرا چلکر ۔ تمامی خلق سے زیادہ بڑی خاطر تمہاری ہے
چلوں میں ہمرکابی میں یہی ہے آرزو میری ۔ یہ عمر اپنی اسی شب کی تمنا میں گذاری ہے
فلک سے آ ملا ایک سیمرغ در وازہ پہ لکھتے ہیں ۔ تمہارے واسطے رضوان نے جنت کیا سنواری ہے
تعشق سے یہ کہتے تھے شب اسریٰ کہیں یوسف ۔ اب ان آنکھوں سے دیکھوں میں کہاں حضرت کی سواری ہے
در فردوس آ رضوان قدم لیکر یہی بولا ۔ چلو فردوس میں حضرت کہ کیا کچھ اب طیاری ہے
گئے فردوس میں حضرت ادب بولا رضوان ایسے ۔ برائی امت حضرت یہ جنت سب سنواری ہے
صفت جنت کی ایک ادنیٰ بیان کرتا ہوں میں یارو ۔ ہر ایک تختہ میں ہر گل کی ہنسی لب ایک کیاری ہے
صفت جنت کی رضوان کر سکتا ہے یہی ایک ۔ ہمیشہ حکم حق سے رہتی یہاں پہ شکباری ہے
گئے بہشت میں جب حضرت کہا ایک ایوان ۔ حروف تب سے قبہ میں ہوئی ایک نہر جاری ہے
سبھی مغاعم آتا تھا شب معراج میں حضرت ۔ خدا کو خلق سے امت تمہاری بہت پیاری ہے
خدا احسان کری مولیٰ قیامت کو نہیں تجھپہ ۔ گناہوں کا میری سر پہ پڑا ایک بوجھ بھاری ہے

دکہا دے صدق کو روضہ تو جلدی سے خداوندا
یہی ہے التجا تجہہ سے میری اب انکساری سے

بزبانی جبرئیل علیہ السلام

نادری سے نادری دیکہا تجہے
بہتر و اعلیٰ شہا دیکہا تجہے

منبع جود و عطا دیکہا تجہے
رہبر خلق خدا دیکہا تجہے

عرش اعلیٰ پر شہا دیکہا تجہے
چہرۂ اقدس پہ آ دیکہا تجہے

خوش بیان و خوش خصال و خوش جمال
مہ لقا سے مہ لقا دیکہا تجہے

پار کابی میں یہی لکھتے تہے وہ
حق سے اے شاہا ملا دیکہا تجہے

سدرہ پہ جا کر یہی کہنے لگے
صاحب حلم و حیا دیکہا تجہے

سب پہ بخشش ہے عنایت اور کرم
چشمۂ فیض عطا دیکہا تجہے

عام ہے رحمت خلایق پر بڑی
بخشش بحر سخا دیکہا تجہے

میں ہی عاشق اور شیدا ہو گیا
سب سے اعلیٰ مصطفیٰ دیکہا تجہے

آج میں نے محو ہو کر غور سے
دیدۂ قربی شہا دیکہا تجہے

حق تعالیٰ

فکر ہے امت کے ای پیغمبر رسول
درد و غم میں مبتلا دیکہا تجہے

بہر امت ای میرے پیارے حبیب
ہر گہڑی کرتے دعا دیکہا تجہے

واسطے امت کے ہر شام و سحر
چشم گریان مصطفیٰ دیکہا تجہے

اپنی شفقت سے کرم سے فضل سے
اپنا آئینہ شہا دیکہا تجہے

بزبانی اسرافیلؑ

صور میں لکہتے تہے اسرافیل یہہ
حق تعالیٰ سے ملا دیکہا تجہے

ایسی صورت کا نہیں کوئی بشر
جیسا ہمنے ای شہا دیکہا تجہے

دوستون نے صدق سچ ہے یہہ کہا
شاعر مسکین گدا دیکہا تجہے

بزبانی حضرت صدیق اکبرؓ و عمرؓ

سب سے برتر مصطفےٰ دیکھا تجھے — رحمت عالم شہا دیکھا تجھے
غار پر آکر یہی کہنے لگے — فکر امت میں گھلا دیکھا تجھے
کی نہ دنیا پر کبھی کچھ التفات — اپنے مولا پر فدا دیکھا تجھے
رو رہے دیکھے تھے یہی اصحاب سب — یاد حق میں ہے لگا دیکھا تجھے
کہتے تھے فاروق ایمان لائے جب — عطر میں ہمنے بسا دیکھا تجھے
ہو گیا تجھ میں اے امی لقب — جگر ہی ہمنے قبا دیکھا تجھے
غور کرکے جب نظر صورت پہ کی — آئینہ حق کا شہا دیکھا تجھے
کہتے تھے عثمان ایک دن برملا — رنج و راحت میں سدا دیکھا تجھے
اے مری ہادی مرے رہبر رسول — سب سے زیادہ خوش ادا دیکھا تجھے
ہوں میں دنیا کی ہوس سب خواہشیں — جب سے ہمنے مصطفےٰ دیکھا تجھے
کہتے تھے یہ ہی علیؓ نامدار — بہترو اعلےٰ شہا دیکھا تجھے
بولے حضرت سے یہی مولا علے — حب حق میں ہے فنا دیکھا تجھے
دل فدا ہے جان فدا ہے شاہ امم — ہر گھڑی تابع رضا دیکھا تجھے
خادموں سے اُف تلک بولے نہیں — مشرکوں پر بس خفا دیکھا تجھے

نفس

نفس سرکش ای عجبی ای حیلہ ساز — حب دنیا میں پڑا دیکھا تجھے
خلق میں مانند مگس شہد کے — نفس ہے ہمنے پھنسا دیکھا تجھے
یاد حق سے تو رہا غافل سدا — کھیل و بازی میں فنا دیکھا تجھے
گل کھلاتے باغ دنیا میں مدام — ہمنے ای باد صبا دیکھا تجھے
ظاہرا میں تو نظر آیا نہیں — خواب میں ای مبتلا دیکھا تجھے

شیفتگی سے صدق پہ کہتے اویس
دل کا اپنے آئینا دیکھا تجھے ؂

کسکی مجال تھی یہہ پیمبر کے سامنے / لاتا جو اپنا رخ وہ پیمبر کے سامنے
دہشت نہین حساب سے ہرگز ذرا انہے / طومار سب کہ کھلینگے پیمبر کے سامنے
خطرہ نہین ہے انکو بد اعمال سے ذرا / نیکی بدی تلے وان پیمبر کے سامنے
رکھتے ہین کینہ دل مین صحابہ سے جو بشر / ہونگے ذلیل وہ تو پیمبر کے سامنے
پوچھین جواب جبکہ نکیرین قبر مین / دون مین جواب انکو پیمبر کے سامنے
جھٹلایا ہے رسول کو جو تمنے کاذبو / معلوم تمکو ہوگا پیمبر کے سامنے

ہے تجھ سے التجا یہہ خداوند ذوالجلال
ہو مدح خوان یہہ صدق پیمبر کے سامنے

کیا تاب چاند کی رخ انور کے سامنے / کرتا جو اپنا مونہہ شہ اطہر کے سامنے
سورج کی کیا مجال تھی خوبی جمال مین / جو تاب لاتا روی منور کے سامنے
کیا زلف عنبرین تہین مشکی تہین دور سے / تھا عطر ہیچ موئی معنبر کے سامنے
جو گرد بیٹھتے تھے صحابہ رسول کے / تارے ہون جسطرح مہ انور کے سامنے
شمع کے گرد پھرتا ہے پروانہ جسطرح / تھے اسطرح بلال پیمبر کے سامنے
رہتی تھی لگی احمد مرسل کی پتلی / جسطرح طفل روتی ہے مادر کے سامنے
کرتے صہیب روی منور کی ٹکٹکی / جسطرح کوئی دیکھے ہے دلبر کے سامنے
ہین رہنما تمہارے محمد سے پیشوا / رستہ نہووے گم کبھی رہبر کے سامنے
محشر مین پیاس سے کہین پانی نہین ملے / وان ہوگا پانی ساقی کوثر کے سامنے
تصدیق کی نہ جسنے رسالت مآب کی / ہو وہ ذلیل خالق اکبر کے سامنے

اس آرزو مین رہتا ہے مدت سے یہہ شہا
کس روز صدق بیٹھے تیرے در کے سامنے

صدا یہہ غیب سے آئی کہ تم افضل ترین نکلے / رسولون مین تمہین محبوب رب العالمین نکلے

کرم فرمائی رب العلمین امیں سخن شفیع بیشک
ملیگی غیب سے روزی اسے بی شبہ او بیشک
بچے وہ نار سے دوزخ کی اور ہو داخل جنت
شفیع عالم سے آدم نے کہا سب اجمعین اُس شب
برائی جنگ روز بدر جب یکجا ہوئے کافر
عداوت جو دلوں میں صحابہ سے رکھے خفیہ
زیارت خواب میں ہو جائی جسکو شاہ عالم کی
خداوندا جب تک ہوا ہے زیارت مدینہ کی
نکلا یک ہو گیے طفلی میں جو ایکدن امام دین
شمیم جانفزا سے میں معطر ہوں کہاں قسمت

ہر ایک ساعت دہن جسکے سے خیر الرحمن نکلے
جو ہر لحظہ زبان اُسکی سے خیر الرازقین نکلے
جو ہر دم جان و دل سے اُسکے رب العلمین نکلے
میری فرزند فرزندوں میں تم تو بہترین نکلے
تو اوس جا شوکت و عظمت سے خیر الواصلین نکلے
بروز حشر اپنی قبر سے وہ سہگین نکلے
تو بنکر نور روشن قبر سے وہ مہ جبین نکلے
تو اس دنیای ویران سے نہ تیر الکثرین نکلے
تو مضطر ہو کے اُنکو ڈھونڈتے خیر الامین نکلے
تمہاری زلف مشکین سے جو بوی عنبرین نکلے

کرے جو صدق جی سے کعبہ یثرب کی چاروں ہی
تو اوسکے خاکساروں میں معزز بالیقین نکلے

حق کی اونہوں نے آنکھ سے تنویر دیکھ لی
تصدیق جسنے کی ہے رسالت رسول کی
شہر بشہد ہو گیا ہوں گناہوں سی اپنے میں
جنگ اُحد میں بہاگ گئے تھے کافر بچا کے جان
پہر و لیل جمع ہوئے کبر اور یہود
بہیج آپکو دیا تنہا ابو جہل نے بڑا
فردوس میں جو پہر بچے تھے معراج کو بھی
قسمت بلند اوسکی ہے جو کہ مدینہ جائے
بعد از نبی کے اوسنے تو دیکھا رسول کو
ایمان لائے خطبہ سنت شاہ ذی کرم
پہر خطبہ پہ لائے نہ ایمان جو بادشاہ

قرآن کی جنہوں نے ہے تفسیر دیکھ لی
دوزخ سے اوسنے بچنے کی تدبیر دیکھ لی
گر دین خواہشوں کی جو زنجیر دیکھ لے
نکلی ہوئی جب آپ کی شمشیر دیکھ لی
پست ہو گئے جب اپکی تقریر دیکھ لی
پہر اوسنے اپنی ذلت و تحقیر دیکھ لی
نبیوں نے آپکی وہاں توقیر دیکھ لی
دنیا میں اچھی اوسنے یہہ تقدیر دیکھ لی
جس شخص نے کہ صورت شبیر دیکھ لی
جب آپکی لکھی ہوئی تحریر دیکھ لی
اپنی اونہوں نے خوب ہی تحقیر دیکھ لی

نازاں ہوئے تھے اشقیا تدبیر اپنی پر	تہرا گئے جو آپ کی تدبیر دیکھہ لی
بیٹھے رسول بیٹھے منافق خموش سب	قرآن میں جو آیت تطہیر دیکھہ لی

بیمار اچھے ہوئیں جو لیں صدق دل سے نام
نام نبی میں ہمنے یہہ اکسیر دیکھہ لی

راہ خدا میں جسنے کہ تحقیر دیکھہ لی	جنت میں اوسنے جا بنی تدبیر دیکھہ لی
ہے خوش نصیب دنیا میں اور آخرت میں وہ	جسنے مدینہ جانے کی تقدیر دیکھہ لی
وہ جانے خوب مرتبہ آل رسول کا	قرآن کی جسنے آنکھہ سے تفسیر دیکھہ لی
گٹھری بندھی ہوئی ہے گناہوں کی سر پہ آہ	نادم ہوا ہوں دل میں جو تقصیر دیکھہ لی
لڑنے نبی سے نکلے تھے کفار روز بدر	کیسی اونہوں نے خواری و تحقیر دیکھہ لی
ہوئی تحاشہ کرنے تھے کفار بدر میں	چلتی ہوئی نبی کی جو شمشیر دیکھہ لی
حجت میں کیسے کیسے وہ مشہور تھے عرب	قایل ہوئے نبی کی جو تقریر دیکھہ لی
عرش بریں پہ حق سے ہوئے جا کے ہمکلام	حور و ملک نے آپ کی توقیر دیکھہ لی

جاوے بلا بصدق سے کوسوں تلک اوڑی
ورد نبی میں ہمنے یہہ اکسیر دیکھہ لی

بشر جو راہ خدا میں قدم اوٹھا کے چلے	نہ اس جہاں میں ہرگز وہ ڈگمگا کے چلے
بشر کو چاہیے مضبوط ہو رہی بہر خدا	نہ اپنے پاؤں کو لغزش سے ڈگمگا کے چلے
بشر جو حکم اطاعت رسول میں ہو سکے	وہی تو دولت عقبے کو لیں کما کے چلے
فرشتے اونسے کہتا ہے یوں خدائی پاک	وہ میرا بندہ ہے بہتر جو سر جھکا کے چلے
تصدیق کی جو نبی کی وہی تو اچھے ہیں	اونہوں نے کہائی ہے ٹھوکر جو سر اٹھا کے چلے
جو پیچھے ہو کے چلے ہیں وہی تو پہونچے ہیں	وہی گرے ہیں زمیں پہ جو سر اوٹھا کے چلے
جنہوں نے کہنا نہ مانا رسول کا اپنے	وہی تو دنیا میں اپنے تئیں گرا کے چلے
ہوئے ہیں پیدا جو دنیا میں آج تک انسان	وہ کب سرائے دو روزہ میں گھر بنا کے چلے
جنہوں نے ظلم و ستم سے پرایا مال لیا	وہ اپنے سر پہ ہیں بار گنہ اوٹھا کے چلے

اوسی کا مرتبہ ہوویگا حشر مین زیادہ   جو اپنے آپکو اس دہر مین گھٹا کے چلے
وہی تو دیکھیگا دیدار حق قیامت مین   بشر جو آپ کو ہی وصف بان بنا کے چلے
یقین ہے خلد برین مین فرد ہوونگے   خدا کی راہ مین جو جو قدم بڑہا کے چلے
جو نام لیوے رسول کریم کا دن رات   نجات عقبی کی اکو دنیا سے وہ کرا کے چلے
سیاہ کار و نیہ الطاف ایسا ہے اونکا   کہ مژدہ عفو کا دنیا مین وہ سنا کے چلے
وہی تو ناری ہے بس اہل دوزخی لاریب   جو لوگ تیری رسالت سے منہہ پہرا کے چلے
بشر جو محفل میلاد مین کہین جاوے   تو عطر ملکے وضو کرکے اور نہا کے چلے
یہان جو مجلس میلاد کا ارادہ کرے   تو بوئے عطر سے کپڑون کو وہ بسا کے چلے
زمین پہ وقت ولادت جو جبرئیل آئے   ی کو حلہ خلد برین پنہا کے چلے
جو آئے حضرت روح الامین رسول کے پاس   بہ بوہائے جنان آپ کو کہلا کے چلے
چلے زمین سے فلک پر جو احمد مختار   جلو مین اونکے فرشتے بڑے بندہا کے چلے
بڑی تمنا تھی رضوانکو ایک عرصہ سے   کہ پیشوائی مین ہمراہ مصطفے کے چلے
اگر مدینہ کی تقدیر رہبری کردے   بغل مین بندہ بھی یہہ بوریا دبا کے چلے
الہی کونسا وہ روز آئیگا جا بین   کہ یہہ فقیر مدینہ مین مصطفے کے چلے
یہہ آرزو ہے کہ دنیا سے جب سفر ہووے   تو بندہ سینہ پہ نام نبی کہدا کے چلے

غریب صدق کی لیل و نہار ہے یہہ دعا
کہ یارکاب یہہ جنت مین مصطفے کے چلے

تجہی کو حمد ہے مولا کہ کہانا تو کہلاتا ہے   گنہ تقصیر ہو روزی نہ مجہسے تو ہٹاتا ہے
بڑا ستار ہے شاہا عجب تیری غیوری ہے   گنہ بندہ تو کرتا ہے تو عیبون کو چہپاتا ہے
اوٹھا دے بہوکا ہے سکو تیری ہی شان ہے ایسی   کسیکو تو خداوند نہین بہوکا سلاتا ہے
کسیکو نعمتین دیتا ہے گہر بیٹہے بہت اچہی   کسیکو در بدر خواری و ذلت سے پہراتا ہے
تو ہے رزق رسان ایسا کہ جسکی کچہہ نہین حد ہے   تو ہی روزی پرندونکو بلا محنت کہلاتا ہے

خداوندا تو ہے خالق تو ہی ہے رازق مطلق
خلایق کی وہ نظروں میں بڑی رتبہ کا ہے انسا
اثر کیا بڑے ہے وعظ اوسکا دلوں میں ہر بشر کے بس
پڑا پھرتا ہے غفلت میں نہیں کچھہ ذکر سے کرتا
قیامت میں اوٹھاویگا وہ سختی اور کلفت کو
نہ بستی سے غرض اوسکو نہ دنیا سے اوسے مطلب
یہ جیتے جی کے سب جھگڑے ہیں کنبہ اور رشتہ کے
کسی عاشق سے پوچھا تہا کہ تجھہ پر کیا گذرتی ہے
یہ کوچہ عشق ہے بیڈھب نرالے ڈھنگ کا یارو
ملیگا ایک درجہ بس قیامت میں بڑا اوسکو
وہ موتی ہوگا محشر میں سمجھہ لینا ضرور اسکو
ثواب اسکا سمجھہ لیجو تلاوت سے بہت زیادہ
کریں جنات رحمی اور تکیہ بوڑھی سب ملکر
کیسکی کچھہ نہیں طاقت کسی کی کچھہ نہیں قدرت

نہ جسے چاہے کہلاتا ہے جسے چاہے پلاتا ہے
تواضع انکساری ہے جو اپنے کو گراتا ہے
خدا کے واسطے عالم نصیحت جو سناتا ہے
عبث تو اسے فنا دنیا میں ناحق دم گنواتا ہے
کسیکا ایک ذرہ بھی جو کوئی دل دکھاتا ہے
خدا کی یاد میں اپنا جو کوئی دل لگاتا ہے
گئی یہ روح جب تن سے کسی کے کچھہ نہ آتا ہے
کہا مالک میرا سید رولاتا ہے کبھی مجھکو ہنساتا ہے
ہنساتا ہے رولاتا ہے کہ تو بے پرچا جھپکاتا ہے
بلا سے نبوی بندہ جو سر اپنے اوٹھاتا ہے
خدا کے واسطے آنسو جو دنیا میں بہاتا ہے
کسی بندہ کو ایک لقمہ جو کھانا تو کھلاتا ہے
خدا اوسنے کرم سے اپنے بندوں کو بچاتا ہے
جسے چاہے تو ہی مولا در کعبہ دکھاتا ہے

بڑا غافل ہے حق سے تو نہ کچھہ اب ہوش ہے تجکو
یہی دنیا عبث اے **صدق** جان اپنی کہپاتا ہے

مجھو جسکے دلمیں عشق احمد کچھہ سماتا ہے
مزا آیا ہے جسکو احمد مرسل کی الفت میں
خلوص دل سے الفت سے محبت سے وضو کرکے
ادب سے اور قرینہ سے ذرا چپ خموش ہوکر
رسول حق کے قربان میں ہیں دوزخ سے کیا خطرہ
پہونچ اونکی سمجھنا تم دربار اقدس تک
وہ بے کھٹکے وہ بی پرسش چلا جاویگا جنت میں

وہ دل دنیا و ما فیہا سے سارا پھر اٹھاتا ہے
لٹا کر مال و زر اپنا وہ عقبے پھر کماتا ہے
پڑھے ہے جو درود انکو گنہ وہ سب مٹاتا ہے
غزل اب نعت میں دیکھہ تضمین اخضر سناتا ہے
ارے واعظ بھلا ہمکو تو ناحق اب ڈراتا ہے
فنا ہو عشق احمد میں جسے کچھہ وجد آتا ہے
نبی کی راہ میں جو زحمت سے اٹھاتا ہے

بغیر از پیر کے رستہ کبہی ہرگز نہین ملتا
خدا کی راہ کا رستہ تو مرشد ہی بتاتا ہے

وہی ابرار ہے بیشک وہی صدیق ہے بیشک
رہا خدمت مین جو حضرت کی جو آنسو بہیہ بہاتا ہے

خلوص دل سے پڑہتا ہے جو حضرت پر درود وبکو
وہ ابرارونکے دفتر ہی مین نام اپنا لکہاتا ہے

اسی حسرت مین رہتا ہے یہہ مسکین صدق بیچارہ
خدا و نہ مدینہ طیبہ تو اسکو کب دکہاتا ہے

قدرت ہر ایک شئے مین ہے اللہ کے نور کی
کیا دہوم ہو رہی ہے اوسکے ظہور کی

سوجی ہے یہہ ہی بات بہت تجکو دور کی
فردوس بہی بنی ہے محمد کے نور سے

رضوان کو حکم پہونچا کہ فردوس مین ابہی
جا کہول دے تو کہڑکیان نزدیک و دور کی

ہوگا ظہور آج کسنہ مشتاق تہا ت سکا
طیار ہی بہت جلد ہو حور و قصور کی

رہوے نہ کوئی آج جہنم کی نار مین
مرضی یہی ہوئی ہے خدای غفور کی

جنت اوسیکے واسطے حق نے بنائی ہے
جسنے کہ دل سے کی ہے اطاعت امور کی

جسنے کہ ایک مرتبہ دیکہا رسول کو
پہر اوسکو کیا تمنا ہے حور و قصور کی

افلاک پر گئے ہین محمد رسول پاک
معراج موسوی ہے فقط کوہ طور کی

جو قوم تابعداری احمد سے ہو بغی
یہہ بات اوس شقی کی سمجہنا غرور کی

امی امتان موسوی و عیسوی تہین
فرقان کے آگے کیا رہی حاجت زبور کی

ہم امتان خاص کو کیون ہو غم و الم
مہر و وفا تو ہم پہ بڑی ہے حضور کی

بندے ہین ہم خدا کے تو ہین امت رسول
رحمت ہے ہم غریبون پہ رب غفور کی

دنیا مین جو مطیع ہے رسول کریم کا
محشر مین پائیگا وہ صراحی طہور کی

عالم مین جو کہ طالب اللہ ہے بشر
دہشت نہین صراط سے اوسکو عبور کی

محشر مین جو کہ دیکہے خدائی کریم کو
خواہش پہر اوسکو ہو نہین حور و قصور کی

دوزخ مین وہ نجائیگا جانون یہی بشر
تصدیق جسنے کی ہے پیمبر کے نور کی

زندونکو چاہیے کہ غنیمت گنین حیات
مردے تو انتظار ہی مین ہین نفخ صور کی

محشر تلک وہ چین سے سوویگا قبر مین
جسنے کہ کی خواب مین زیارت حضور کی

جلد ہی دکہا مدینہ تو پہر خدا رسول
ناشاد غم الم مین پڑا رہتا ہون شہا
احمد کا نام سنکے نہ بھیجے درود جو
ذریعہ ہے نام احمد مرسل کے اے کریم
دن ہو وہ کونسا کہ مین پہونچون مدینہ مین
ہوگی گھڑی وہ کونسی جاؤن بقیعہ پاک
مولود پڑہنے والون کا ہے مرتبہ بڑا
ہر وقت شکر چاہیئے پروردگار کا
جنت مین جا کے ہونگے سب اونکی سبیل
کرلے دعا تو میری خداوند یہہ قبول

اب اضطرابی بہت ہے مجھ ناصبور کی
صورت اس ہند مین نہین کوئی سرور کی
یہہ بات ناپسند ہے اوس پیشور کی
اب عذر خواہی کرتا ہون اپنی قصور کی
امید کب بر آتی ہے مجھ ناصبور کی
جاکر وہان کرونگا مین زیارت قبور کی
اب مدح خوان کو چاہیئے جو کی بلور کی
نعمت گذاری کرنی ہے واجب شکور کی
کیسی سبیل ہی وہ شراب طہور کی
مرنے سے پہلے ہو دی زیارت حضور کی

محشر کا ذکر چاہیئے ہر وقت تجکو صدق
رحمت نہ رہو سے پہر تجہے یوم النشور کی

شان احمد مین لکھون کیا میرا جگر اکیا ہے
نام احمد کا بہرے دلمین سمایا گیا ہے
ملکوت اور بشر سب ہی کہتا ہے خدا
نہین لکھہ سکتا مین تعریف محمدؐ عربی
جب زبان پر میری آتا ہے محمدؐ کا نام
وصف قامت شہ لولاک کرون کیا مین رقم
جو کہ اوصاف نبی لکھے ہین وہ سب تھوڑی ہین
آپ کا نام مبارک ہے شفاء بیمار
روز محشر جو محمدؐ تیرے ہو دینگے شفیع
سب گنہگارونکو اللہ سے بخشا ئینگے وہ
کھینچکر رنج والم کر تو مدینے کا سفر

اونکی توصیف مین قرآن سے ہویدا کیا ہے
شرم سے کہہ نہین سکتا میرا رتبا کیا ہے
نام احمد سے زیادہ مجھے پیارا کیا ہے
دیکھہ لو شوق سے قرآن مین پیدا کیا ہے
نور منکر وہ میری سونہہ سے لپٹا کیا ہے
مین تو مولا ئے نبی ہون میرا رتبا کیا ہے
وصف اس بحر مین حضرت کا سمایا گیا ہے
نام پر آپ کے قربان دل شیدا کیا ہے
سن اے صلعم دل نالان تجھے خطرا کیا ہے
ہم سیہ کارو نکو اندیشہ فردا کیا ہے
ناحق اس کا ہمش دنیا مین تو بیٹا کیا ہے

دام دنیا مین پہنسا رہتا ہے وحشی کیطرح
چھین دیبن مین عمر اپنی کو ضایع کرکے

بجز مدینہ کی زیارت کے نہین تیرا علاج
مین مدینہ کی زیارت کو نہ پہونچا ابتک

مین مصیبت مین پڑا پہرتا ہون مارا مارا
ناز سے امت احمد کو یہہ کہتا ہے خدا

کار دنیا مین تو مشغول جو رہتا ہے سدا
کہر کے کامون سے فراغت کو تو حاصل کرلے

رات دن لہو مین عمر اپنی کو کہو یا غافل
کیڑے کہاوینگے تجہے قبر مین ایکدن افسوس

ہڈیان خاک مین ملجا وینگی تیری مغرور
پہینونی کا بہی سنتا نہین لازم تجکو

مال و زر چہوڑ کے دنیا کا تو جاویگا ضرور
یا دمولا مین شب و روز بسر کر اوقات

یاالہی مجہے اوس روضۂ اقدس کو دکہا
تیرے ہی نور سے معمور ہین گلشن بن شجر

ابر رحمت جو گہرا رہتا ہے روضہ پہ مدام
سبز گنبد کو مدینہ مین تو دیکہیگا ضرور

چاہ زمزم سے تو بہتر نہین دنیا مین کنوان
شب معراج مین براق نے شوخی جو کری

وقت رخصت کے یہ اصحابون سے حضرت نے کہا
جبکہ سمجہے شہ لولاک زمین سے اسمان ق

ہوش کی آپنے رد کہ خدا نے جہان

جا تو اب روضۂ انور کو ترستا کیا ہے
اب تلک خواب مین غفلت کے تو سوتا کیا ہے

راستا ملے تو مدینہ کا تو تڑپتا کیا ہے
دیکہیے بخت زبون سے مرا اتنا کیا ہے

اب مرا سینہ مین رہنے کا ٹہکانا کیا ہے
جو مدینہ کو نہ دیکہے تو وہ بندا کیا ہے

کیون تو واہی کی طرح شہر مین پہرتا کیا ہے
اسقدر قصہ مین دنیا کے تو پہنستا کیا ہے

حالت نزع مین اب سر کو تو دہنتا کیا ہے
کپڑے باریک پہنکر تو سنورتا کیا ہے

اب اترا کے تو دنیا مین اکڑتا کیا ہے
ستم و ظلم سے ہر دل کو دکہاتا کیا ہے

دہر فانی مین تو دل اپنا لگاتا کیا ہے
اب تجہے زندگی اپنی کا بہروسا کیا ہے

جس پہ ہر وقت ترا نور برستا کیا ہے
باغ یثرب مین ترا نور جہلکتا کیا ہے

زائر و نور وہ چمن چمن کے برستا کیا ہے
شوق غلبہ سے تو اسوقت مین روتا کیا ہے

تشنگی ہند کے پانی سے بجہاتا کیا ہے
شہ نے فرمایا کہ اب تیری تمنا کیا ہے

غم امت سے میری دل پہ یہہ صدمہ کیا ہے
حق نے فرمایا کہ تحفہ مجہے لایا کیا ہے

گنہ امت کے سوا اور یہہ لایا کیا ہے

وقت رحلت شہ لولاک سے یون حق نے کہا
بخشدونگا تیری امت کو تو رونا کیا ہے

عرش اعظم سے یہہ کہتے ہوئے آئے جبریل ؑ
جب شفیع تو ہے میرا بیڑا آنا کیا ہے

بعد رحلت کے مدینہ مین یہہ کہتے تھے بلال ؓ
کوچ جب کر گئے حضرت میرا رہنا کیا ہے

بعد رحلت شہ لولاک یہہ بولے صدیق ؓ
اب ذرا صدمۂ فرقت کو تو سہنا کیا ہے

بعد رخصت شہ ابرار کے کہتے تھے عمر ؓ
اب لہو سا میری آنکھون سے نکلنا کیا ہے

حسرت و یاس سے گھبرا کے یہ بولے عثمان ؓ
جب سفر کر گئے حضرت میرا جینا کیا ہے

بعد رحلت شہ ابرار علی نے یہہ کہا
سوز فرقت سے میرا سینہ سلگتا کیا ہے

گریہ و شور فغان کر کے یہہ بولے حسنین ؑ
جبکہ نانا نہ رہے پھر ہمین رہنا کیا ہے

گریہ و زاری سے یہ فاطمۂ اطہر بولین
جبکہ بابا نہ رہے پھر میرا جینا کیا ہے

کہتے تھے عاشق جانباز اویس قرنی ؓ
جسنے دیکہا ہے نبی کو اوسے پروا کیا ہے

شان احمد مین لکھے ہین جو یہہ تونے اشعار
دیکھیے اوسکا تصدق تجھے ملتا کیا ہے

صدقہ حسنین کا یارب تو مدینہ کو دکھا
اب زیارت کے سوا میری تمنا کیا ہے

رات دن غنچہ و گل سے یہی آتی ہے صدا
دیکھہ ای بلبل شیدا یہ تماشا کیا ہے

قبر مین حشر مین حامی ہین جو احمد میرے
اب بہلا تجکو گنہ اپنے سے پروا کیا ہے

جا تو اب سونگھہ مدینہ کے گلون کو ای صدق
رات دن عطر حنا مین تو مہکتا کیا ہے

تمام شد

تنبیہ۔ چونکہ مسودہ دیوان صدق کا بہت منتشر اور علیحدہ علیحدہ پرچون پر تہا جو غزلیات ردیف سے رہگئی تہین وہ آگے متفرقات مین لکھی جاتی ہین فقط

متفرقات

آنکھون مین نقشہ چھایا ہے مے کے خمور کا ۔ کیا لطف ایک سمایا ہے دلمین سرور کا
گلشن مین گل کھلا ہے محمدؐ کے نور کا ۔ عالم مین جلوہ پھیلا ہے اوسکے ظہور کا
کیا باغ اور بہشت ہو کیا آسمان زمین ۔ عالم بنا ہوا ہے محمدؐ کے نور کا ✤
وحش و طیور جن و ملک کیا بشر فنا ۔ جلوہ ہے دو جہان مین پیمبر کے نور کا
یہہ جانون قبر وحشت و ہیبت کا ہے مکان ۔ ہے آسرا تو وان ہمین بیشک حضور کا
دیکھیگا وہ عذاب قیامت مین بالضرور ۔ شیوہ ہے جسکو دنیا مین فسق و فجور کا
مرتے ہی وہ تو پہونچیگا جنت مین دوستو ۔ رہتا ہے جسکو ذکر خدا ے غفور کا
دیکھیگی وہ نہ آنکھہ جہنم کی آگ کو ۔ جس آنکھہ نے کہ دیکھا ہے جلوہ حضور کا
ہرگز نہ پہونچے منزل مقصود کو بشر ۔ ایک ذرہ ہو خیال جو دلمین غرور کا
ای نفس کیون ریاض و مشقت نہین کری ۔ توشہ ترا تو کم ہے سفر بہت دور کا
اوس جی سے ہو گناہ نہ سرزد جہان مین ۔ جس دلپہ کھٹکا بیٹھا ہو یوم النشور کا
ہرگز پیاس اوسکو لگیگی نہین ذرا ۔ ایک گھونٹ جو پئیگا کوئی آب طہور کا
واعظ ترے ڈرانے سے ڈرتے نہین ہین ہم ۔ بے آسرا پڑا ہمین وان تو حضور کا ✤
دیتا ہے نعمتین ہمین بیحد و بی قیاس ۔ کب شکر ہم سے ہو سکے رب غیور کا
ای رب نجات دیجو ہمین قبر مین ضرور ۔ اقرار ہم تو کرتے ہین اپنے قصور کا
بیشک ثواب ہوتا ہے اوس شخص کو بڑا ۔ زوار جو کہ رہتا ہے اکثر قبور کا ✤

ای صدق مین تو والہ و شیدا حضور ہون
کچھہ شوق مجکو ہے نہین حور و قصور کا

ق

ایک بندہ ناتوان ہون خدای کریم کا ۔ رحمت سے اوسکے خطرہ نہین ہے جحیم کا
فعل حکیم مین تجھے کیا دخل ہے فنا ۔ حکمت سے خالی کار نہین اوس حکیم کا
کیا کچھہ ہے مہر دنیا مین مادر کہ طفل پر ۔ ایک شمہ اوسکا جانون یہہ لطف عمیم کا
دنیا مین ایک شمہ سے یہہ کچھہ کہ رحم ہے ۔ محشر مین کیا ٹھکانا ہے رحمت عظیم کا

بہتان کذب مکر و دغا و فریب سب
شیوہ کبھی نہ ہووی یہہ انسان فہیم کا

جو زیب دون مین کذب ہے شعر و نکوای فتا
یہہ اب تقاضا ہے نہین طبع سلیم کا

ای نفس کیون دلیری کری ہے گناہ پر
بندہ ہون ناتوان مین خدای عظیم کا

بیشک سزا ہو سخت چغل خور کے لیئے
سمجھے ہین جان جہانون تباہ ہو زعیم کا

ہو گی وعید سمجھے ہین یہہ جان لو ضرور
قرآن مین لفظ آیا ہے بیشک زنیم کا

مت کر خطا ذرا بہی تو ای نفس نابکار
جو دل مین شوق رکھتے تو باغِ نعیم کا

اوتریگا نور حق ترے سینہ مین کسطرح
تو مبتلائے حرص ہے چاندی و سیم کا

بندے ہین اوسکے وہ ہی تو جو چاہی سو کری
مالک اوسیکو جانون صحیح و سقیم کا

بیشک پڑے وہ جاکے جہنم کی نار مین
ایک ذرہ مال کہاوے جو ناحق یتیم کا

ای صدق کیون گنا ہون پہ روتا ہے رات دن
ہے آسرا تو تجھکو خدائے کریم کا ٭

مداح ہون مین دل سے رسولِ کریم کا
خطرہ نہین ہے مجھکو عذاب الیم کا

عصیان سے بال بال تو آلودہ ہے مرا
کب مجھسے شکوہ ہووی خدای کریم کا

ق

ہم امتانِ احمدِ مرسل ہین دوستو
خطرہ نہین ہے ہمکو عذابِ جحیم کا

لاریب اوس رسول کے ہین چار ہین وزیر
پیارا ہر ایک ہے وہ خدای عظیم کا

توصیف مجھسے ہو گی بہلا چار یار کیا
رتبہ بہت بلند ہے چارون ندیم کا

عالم مین جسنے آکے نہ تصدیق کی رسول
بیشک وہ مستحق ہے عذاب عظیم کا

رتبے تھے دوست بشنم ملایک وہ حضور
یہہ مرتبہ تہا یار و رسول کریم کا

کوئی نہ سمجھا یا ز مفسر جہان مین
ہے خفیہ بھید جانون محمد کے میم کا

جہولا جہلایا کرتے تھے بچپن مین قدسیا
جہونکا وہان پہ آتا تہا رحمت عظیم کا

حق نے بلایا عرش پہ احمد کو دوستو
ایسا ہوا نہ مرتبہ موسی کلیم کا

پڑہتا رہے درود جو ہر روز تو فنا
خدشہ نہ گذری دلمین تیری خوف و بیم کا

رکھینگے اوسپہ تاج قیامت مین بالضرور
حافظ جو کوئی ہووے گا قرآن عظیم کا

انکار پیروی صحابہ سے جو کرے ‏— لاریب وہ تو بھائی ہے شیطان رجیم کا
لاریب اونکی راہ پہ چلنا ضرور ہے ‏— فرمان بھی ہے ہمکو خدائے قدیم کا
بوبکر او رعمر سے جو رکھیگا ذرہ بغض ‏— ہوویگا اوسپہ قہر خدائے علیم کا
جو دوستی رکھیگا جناب علی سے یار ‏— وہ مستحق خدا سے ہے بیشک نعیم کا
عثمان کا جو دوست ہے وہ ہے خدا کا دوست ‏— کینی تو اونکا دوست ہے شیطان رجیم کا
ہوگا سنی سقیم تو جنت کے باغ میں ‏— دوزخ ٹھکانا ہوویگا بیشک لئیم کا
پژمردہ دل شگفتہ ہو مانند پھول کے ‏— رحمت خدا کی آوے جو جھونکا نسیم کا
دوزخ میں رہیگا کوئی کبھی ہرگز نہیں بشر ‏— جس وقت جوش ماریگا دریا رحیم کا
پھر کون سا وہ روز کہ دیکھوں میں سے لقا ‏— مشتاق دل یہہ رہتا ہے بوی شمیم کا
قرآن میں جسکی مدح کرے ہے خدای پاک ‏— پھر کیا بیان اوسکے ہو خلق عظیم کا

خدشہ نہیں ہے قبر سے اور حشر سے تجھے
تو امتی ہے صدق رسول کریم کا

عالم میں جو ہے پہلا سب سے ظہور تیرا ‏— ہر گل میں ہر شجر میں بیشک ہے نور تیرا
ہر جا عیان ہے جلوہ ای نفس پر کدورت ‏— آوے نظر نہ تجکو یہہ ہے قصور تیرا
ای نفس پلید ہم دیکھتے ہیں تجکو ‏— حد سے بڑہا ہوا ہے فسق و فجور تیرا
آدی نظر نہ تجکو نور جمال وحدت ‏— ہے یہہ قصور سارا ای بی شعور تیرا
مت ہو خدا سے غافل ای بی شعور ایکدم ‏— ہوگا سفر یہان سے ایکدن ضرور تیرا
اپنی خودی پہ نادان مت کر غرور اتنا ‏— احمق ڈہیگا ایکدن یہہ سب غرور تیرا
اے حرص دنیوی میں بدمست ہے پڑا تو ‏— تو نفس کو جو مارے جاوے خمور تیرا
سوجھی نہ راہ مولا ہے مست زر پہ تو تو ‏— جاویگا یہہ نہ سر سے ہرگز سرور تیرا
مت جی دکہا کسیکا ہوویگی تجھہ سے پرسش ‏— کیا ہو جواب حق سے یوم النشور تیرا
مجھہ پہ کرم تو کردی منکر گرفت میری ‏— ایک بندہ ناتوان ہون رب غفور تیرا
دیکھوں میں تجکو مولا ہے آرزو یہی اب ‏— چاہوں نہیں ہون تجھہ سے حور و قصور تیرا

ہے یہ تمنا میری ہے التجا یہ میری دیکھوں جمال اقدس اکدن حضور تیرا
اپنے تئیں سمجھ لئے ہوں سب جہاں سے بدتر گر یا نے تو نہ کہنا یہ ہے غرور تیرا
طاعت نہوئی ہم سے آلودہ ہیں بعصیاں محشر میں آسرا ہے ہمکو حضور تیرا
طاعت کرو نبی کی ہیں تم سے راضی ہونگا فرمان یہی ہے سبکو رب غفور تیرا

اپنے کرم سے اسکو ابرار میں ملادے
بندہ ہے صدق عاجز رب غفور تیرا

خواب میں جسنے مصطفے دیکھا واقعی اوسنے بس خدا دیکھا
جو ہوا اوسنے سید عالم کی اوسنے طیبہ نہ دیکھا کیا دیکھا
اوسنے دونوں جہان میں چین ہوا جسنے احمد سا پیشوا دیکھا
ہوا مقصود اوسکا کل حاصل جسنے اپنے تئیں فنا دیکھا
جسنے اپنے تئیں سے پہچانا راز حق اوسنے برملا دیکھا
کھل گئی آنکھ جب دل کی سر مخفی تو پھر کھلا دیکھا

صدق تو غور کرلے اب تو ذرا
تو نے عالم کو بے بقا دیکھا

جس بشر نے عشق پایا ہے رسول اللہ کا اوسکے دلمیں نور آیا ہے رسول اللہ کا
جنت ماویٰ میں جاوے وہ بلا پرسش عمل جسکے دلمیں کلمہ بھایا ہے رسول اللہ کا
اوسکو خطرہ ہے نہیں محشر کا تم یہ جان لو ذکر جسنے یاں کرایا ہے رسول اللہ کا
اوسکو خواہش ہو نہ دنیا اور جنت کی ہوس جام الفت جسنے پایا ہے رسول اللہ کا
لامکان تک وہ ہی پہونچیگا سمجھ لو دوستو جسکے دلمیں عشق آیا ہے رسول اللہ کا
وہ ہی پہونچے ایک پل میں کعبہ و یثرب فنا نور جس دلمیں سمایا ہے رسول اللہ کا

صدق تو ستانہ بی خود کیوں ہوا ہے اسقدر
کیوں تصور دل میں آیا ہے رسول اللہ کا

کیا نام محمد کا ہمیں لگتا ہے پیارا سو جان سے قربان ہے دل اوسپہ ہمارا

احد مین احد ہی کا تو ایک جلوہ عیان ہے
ای عاشقو اس رمز کو سمجھو تو خدا را

دنیا مین بہی عقبی مین بہی یہہ جان لو پیارو
ایمان جو یان لائے نہین اونکو خسارا

کیا نام محمد ہے کہ ہے عرش پہ تحریر
عالم کو ہے اس اسم کی برکت سے سہارا

یہہ جان لو اے بہائیو ای امت احمد
ہوئیگا بغیر آپ نہین پل سے گذارا

پیشانی پہ آدم کی بڑی شوکت و فر سے
کیا نور محمد کا چمکتا تہا ستارا

سو نہہ منسوخ نہوویگا کبہی امت احمد
سب دینون سے بہتر ہے یہی دین ہمارا

کامل ہوا وہ شخص نہین خامی ہے اوسمین
جس شخص نے اس نفس کی خواہش کو بہی مارا

تم خواب سا اس دنیا مین رہنے کو سمجہنا
رہنا تو ہے کیا بلکہ کوئی دم ہے گذارا

آئے جو بڑے شاہ گئے ملک عدم کو
اب دنیا کے پردہ پہ سکندر ہے نہ دارا

ایک لمحہ بہی تم موت سے غافل نہو یارو
تم یاد کرو کندۂ قبر کو بہی خدا را

توصیف مین حضرت کے تو قاصر ہین فرشتے
کیا مدح لکھے یہہ بہلا اب صدق بچارا

جلسہ جاتا مجھے اب بی سر و سامان نظر آیا
ہائے اس عشق کا اب کوئی نہ درمان نظر آیا

چشم کو پہول مجھے جیسے کہ نظر کی اوسپر
جس طرف دیکھا اوسے نور ہی یزدان نظر آیا

خوف سے خوب نظر کی جو کبہی جانون
فی الحقیقت وہ جہان اسکو تو بستان نظر آیا

جلوہ یار کو جنگل مین سے جیسے پایا
صحرا اوسکو تو حقیقت مین گلستان نظر آیا

عاشقو جانون کہلی اوسکی تو قسمت واللہ
خواب مین جسکے وہ جلوہ کہین رخشان نظر آیا

جان لو سمجھیگا وہ دار جنان مین بیشک
خواب مین جسکے کہین صاحب برہان نظر آیا

چونک اوٹہا نیند سے اور کہل گئین آنکہین اوسکی
جبکہ وہ خواب مین اوسکے رخ تابان نظر آیا

جلوہ نور سے روشن ہوئین آنکہین واللہ
خواب مین جب وہ مجھے صاحب برہان نظر آیا

کیا ہی دنیائے دنی ہے یہہ لذیذ و شیرین
واہی اس جائی مین ہر شخص تو لغزان نظر آیا

وہ نہ دیکھیگا کبہی حشر مین گرمی ای صدق
عشق احمد مین کوئی شخص جو گریان نظر آیا

خانۂ دل مین خدا تھا مجھے معلوم نہ تھا
ہر رگ جان سے ملا تھا مجھے معلوم نہ تھا

ڈھونڈھتا پھرتا تھا مین کوچہ و صحرا مین اوسے
وہ تو سینے مین چھپا تھا مجھے معلوم نہ تھا

کرتا نظارہ تھا ہر جائی یہ ناحق مین تو
میری نظرون مین بسا تھا مجھے معلوم نہ تھا

جلوۂ نور تھا روشن نہین پنہان تھا کبھی
مین گنا ہون مین پھنسا تھا مجھے معلوم نہ تھا

نہین آتا تھا نظر نور وہ جلوہ مجکو
بیخود و مست پڑا تھا مجھے معلوم نہ تھا

عشق مین بیخود و مجنون پڑا تھا بیہوش
تیر الفت کا لگا تھا مجھے معلوم نہ تھا

وہ تو ہر لمحہ چمکتا تھا مثال خورشید
پردہ آنکھون پہ پڑا تھا مجھے معلوم نہ تھا

عشق و الفت مین تصور مین اوسکے غم مین
ایک حیرت مین پڑا تھا مجھے معلوم نہ تھا

دوست خوابیدہ سمجھتے مجھے تو ناحق
مست الفت مین پڑا تھا مجھے معلوم نہ تھا

نظر آتا نہ تھا جلوہ جو عیان تھا جگ مین
فی الحقیقت مین پڑا تھا مجھے معلوم نہ تھا

وہ ندا دیتا تھا ہر ایک لمحہ ہر ایک صبح و مسا
مین تو غفلت مین پڑا تھا مجھے معلوم نہ تھا

تھی تلاش عرصہ سے ملتا تھا نہین مجکو پتا
چشمۂ فیض کھلا تھا مجھے معلوم نہ تھا

کاش جانا نہ ہوا روضۂ انور پہ مجھے
پر یہ قسمت مین لکھا تھا مجھے معلوم نہ تھا

روز میثاق مین بولا تھا کبھی مین بھی بلا
امت خیر بشر تھا مجھے معلوم نہ تھا

صدق حسرت رہی دیدار سے مرتے دم تک
درد قسمت مین لکھا تھا مجھے معلوم نہ تھا

رکھتا ہو آسرا جو اوس عالیجناب کا
خدشہ نہین ہے حشر مین اوسکو حساب کا

محشر سے پل سے قبر سے خطرہ نہین ہمین
رکھتے ہین ہم سہارا رسالت مآب کا

صورت ذرا دکھاتے نہین مجھ غریب کو
باعث ہوا ہے مجھ پہ بھلا کیا عتاب کا

وہ نوری چہرہ جلوہ نمای حضور ہے
اوس رخ کے آگے رتبہ ہے کیا آفتاب کا

ہر وقت جو کہ لیوی محمد کا نام ہے
محشر مین اوسکو خطرہ نہین ہے حساب کا

کرتا دعا ہون روکے بھی راتدن ہمیش
رکھے خدا غلام مجھے بوتراب کا

لیکے چمن مین مستی سے دنیا ہی تو خوش
عشق رسول مین ہے یہ نقشہ گلاب کا

دنیا کو چھوڑ چھاڑ کے حق کیطرف تو پھر
جاتا رہا ہے تیرا تو عالم شباب کا

تجھہ سے یہی ہے عرض خداوند ذوالجلال
دکھلادے اپنا روضہ مجھے اوس جناب کا

جسکا جگر کہ جلگیا عشق رسول میں
اوسکو ملیگا ذائقہ پھر کیا کباب کا

دنیا کی خواہشوں سے جو ردکیگا الفت کو
وہ مستحق تو عقبے میں ہوگا ثواب کا

مے پینے سے جو باز رہے اس جہان میں
وہ جام پاوے عقبی میں اطہر شراب کا

ابلیس کے فریب میں پڑ تو نہ ای فنا
پیاسے کو دہوکا پڑتا ہے اکثر سراب کا

چمکے ہے وہ تو نور ہر ایک جا پہ تمام
بیشک پڑا ہے آنکھوں پہ پردہ حجاب کا

صل علیٰ وہ نور کہ جسکی نہیں ہی حد
اوس مہ کے آگے شہرہ ہو کیا ماہتاب کا

کیا حق نے یہہ بنائے ہیں اسمان بلند تر
ہے کام یاں ستون نہ خیمہ طناب کا

یہہ سانس مثل آرہ کے کاٹے ہے عمر کو
یہہ زندگی دو روزہ ہے نقشہ حباب کا

ہے التجا یہہ تجھہ سے خداوند ذوالجلال
جلوہ ذرا دکھادے تو اوس ماہتاب کا

یہہ عمر مثل برف گھلے ہے شتاب سے
دریا میں جیسے گھلتا ہے قطرہ حباب کا

تحریف کرنے کی ہے سبھو بہت بڑی
اب اعتبار کیا ہو تمہاری کتاب کا

ہاں باپ کا نہ کہنا کریں ہیں صغیر سن
اب آگیا زمانہ ہے کچھہ انقلاب کا

ہرگز کرو نہ غفلت اے دوستو عزیزو
ہر روز درس چاہیئے حق کی کتاب کا

اب تو بلاؤ ہند سے مجکو شہ عرب
لگتا ٹھکانا ہے نہیں خانہ خراب کا

دل صدق سے رسول کا جسنے لیا ہے نام
کھٹکا نہیں ہے قبر میں اوسکو عذاب کا

رخ سے ذرا اوٹھائیے برقع نقاب کا
بادشاہ ہم سے دور ہو پردہ حجاب کا

مدت سے آرزو ہے کہ دیکھیں ذرا جھلک
باعث ہوا ہے اب تو بڑی اضطراب کا

حسرت سے گذری عمر بڑی اضطراب شہا
آخر ہوا ہے ہم سے یہہ عالم شباب کا

ای رب پلا وہ جام تو طاہر شراب ہے
اوٹھہ جاوے جس سے دوری پردہ حجاب کا

ہے التجا یہہ تجھہ سے بہت روز سے خدا
چہرہ ذرا دکھا دی تو اوس بی نقاب کا

کرتا غرور کیوں ہے تو ای مرد خام طبع ؎
بہلا ہے تو تو قطرہ ناچیز آب کا

جب سے ہوا ہوں عشق کے پہندے میں میں اسیر
جتنا پڑہا تہا بہولا سبق میں کتاب کا

دکہلاؤ چہرہ کیوں نہیں ای شاہ ذی کرم
ہے کیا سبب یہ مجہہ پہ بہلا اب عتاب کا

جو کام اچہا کرتے ہیں بندی وہ نیک ہیں
خطرہ نہیں ہے اونکو عذاب و عقاب کا

وقت نزع کا خدشہ نہیں کچہہ ذرا مجہے
رکہتا ہوں آسرا میں بوتراب کا

خطرہ نہیں ہے پل سے مجہے ایک ذرہ بہی
میں امتی کہاتا ہوں عالیجناب کا

شہواد ہے اور پڑہو تم درود کو ؎
آوے قدم تو یاں ہے رسالتمآب کا

محفل میں سننے آتے فرشتے فلک سے ہیں
اس جا گذر ہے خضر کا اور شیخ و شاب کا

وہ حسن وہ جمال رسول شہ امم ؎
روشن وہ چہرہ جیسے ہو رخ آفتاب کا

محسن کا صدق خوف و خطر کچہہ ذرا نکر
تو ہے غلام دل سے رسالتمآب کا

زہے قسمت کہ جو در پہ بلائے محبوب
جلوہ نور خدا ہمکو دکہائے محبوب ؎

رخ سے پردہ جو کہیں اپنا اوٹہائے محبوب
کافر و مومن وہ سب ہم ہے شنائے محبوب

جن و بشر اور ملک سب ہیں اوسی پر عاشق
خلق ہے اوسپہ فدا وہ ہے خدائے محبوب

جبکہ عاشق ہو خدا قدر و نکی طاقت کیا ہے
کسکا مونہہ ہے جو اونہیں اپنا بنائے محبوب

گر پڑیں فرش پہ ہم اور نہ رہی کچہہ ہوش
صورت اپنی جو کہیں ہمکو دکہائے محبوب

تم ہمیں دیکہنا ای امت عیسی و آدم
حشر میں جب وہ ہمیں حق سے ملائے محبوب

عکس قد کا نہیں پڑتا تہا زمیں پر سایہ
جسم نوری تہا حقیقت میں لقائے محبوب

جو کریں طعن وہ دل اپنے برابر کاٹیں
چہرہ اونکو جو کہیں اپنا دکہائے محبوب

دل محبت سے تڑپتا ہے مثال سیماب
جب کسی سے کوئی سنتے ہیں ادائے محبوب

ایسی خوبی کا نہیں پیدا ہوا ہے کوئی
ہے وہ خورشید سے بہی بڑہ کے ضیائے محبوب

صدق مدت سے ہے مشتاق زیارت تیرا
ای خدا اب تو دکہا اسکو لقائے محبوب

ولہ

رخ تابان جو کہین اپنا دکہائی محبوب — سبکو دیوانہ وہ اپنا ہی بنائے محبوب
لطف کیا ہووے ہی بہلا اور ہنر کیا ہووے — خواب مین چہرہ وہ اپنا جو دکھائی محبوب
وہ ہے محبوب خدا ہم بھی ہین عاشق اوسکے — نار دوزخ سے وہی ہمکو بچائے محبوب
پیروی لاوین بجا آنکھون سے اوسکی بیشک — حق ہے فردوس وہی ہمکو دلائے محبوب
مثل مہتاب جہان اوس سے منور ہو جائی — برقع مونہہ سے جو کہین اپنا ہٹائی محبوب
رتبہ اپنا بھی فرشتون سے زیادہ ہو جائے — ہم سے جاروبی وہ اپنی جو کرائے محبوب
ہفت اقلیم کے شاہون سے بھی ہو فخر زیاد — خدمت اپنی جو کہین ہم سے کرائی محبوب
فرش سے عرش تلک نور سے تجلی ہو جائے — رخ انور سے جو وہ پردہ اوٹھائی محبوب
اور سے کوثر کی ہوس رہوے نہ تسنیم ذرا — شربت دید جسے اپنا پلائے محبوب
تب فرقت سے اوسوقت مین صحت پاون — مژدۂ خوش جو کہین ہمکو سنائے محبوب
ہجر مین اوسکے بہت ہم تو ہوے ہین نالان — کیا عجب ہے جو کہین ہمکو ہنسائے محبوب
عرش و کرسی نظر آجائین نہین ہے کچھ شک — نظر اپنی جو کہین ہمسے ملائے محبوب
مثل گل کے ہین شگفتہ ہون چہائین لاریب — لب جان بخش سے مژدہ جو سنائے محبوب
ایسی صورت کا نہین کوئی ہوا ہی انسان — آئینہ حق ہے بلاشک وہ لقائی محبوب
در بدر پہرتے ہین حیران پریشان مضطر — آرزو یہہ ہے کہ اب در پہ بلائے محبوب
رنج و غم دنیا کے سب جائین بلاشک اپنے — رخ زیبا جو کہین اپنا دکہائے محبوب

صدق تو صلی علیٰ ہیہو زبان سے اپنی
گوش مین آئے یہہ سے جبکہ صدائے محبوب

ہے زیادہ عطر سے بوئے محمدؐ — ہے جنت سے سوا کوئے محمدؐ
یقین ہے زندہ ہو جاوے وہ مردہ — قرین ہو اوسکے جو بوئے محمدؐ
فرشتون سے بیان عادت نہووے — بیان ہو مجھسے کیا خوئے محمدؐ
نظر کرتا جو زلف عنبرین کو — وہ قربان ہوتا گیسوئے محمدؐ
نہ بل آتا کبھی چہرہ پہ اوسکے — وہ تھے عالم مین جو ستھوئے محمدؐ

وہ دوزخ مین نہ جاوی فی الحقیقت — جو دیکھے خواب مین روئے محمد
وہ دن ہو کون سا ای رب اکبر — سفر ہو کب میرا سوئے محمد
یہ نزد عاشقان جانون عزیزو — در فردوس ہے کوئے محمد
جو عاشق ہے اوسے کوئی نہین کار — ہے شیدا وہ تو ابروئے محمد
نکالون دل کے ارمان کچھ تو مین بھی — خدا لیجائے گر کوئے محمد
بلاشک وہ مرض سے پاوی صحت — جو دیکھ کر بیٹھے وہ موئے محمد
نہین جنت کی خواہش اوسکو ہو گی — جو دیکھے جاکے وہ کوئے محمد
کہون مین خضر سے جو پاؤن اوسکو — مجھے تو رہ دکھا سوئے محمد
نہین فردوس کی خواہش رہیگی — جو جاکے دیکھون مین کوئے محمد
یہ جانون عاشقو تابندگی مین — قمر سے زیادہ ہے روئے محمد
کشادہ نہین ہوین دونون سراسر — بیان کیا ہووے ابروئے محمد
جو عاشق اور شیدا ہے عزیزو — اوسے فردوس ہے کوئے محمد
خداوندا دعا ہے تجھسے یہ ہی — دکھا دے مجھکو اب کوئے محمد

جو عاشق ہے دماغ اوسکے مین اب صدق
چلی آتی ہے خوشبوئے محمد

ای خدا آیا تیرے در ہون پریشان ہوکر — عفو کر میرے گنہ ارحم و رحمٰن ہوکر
غضب و قہر سے تو اپنے بچا لے مجھکو — یہ دعا تجھسے خداوند ہے نالان ہوکر
کیا تجھے غم ہے قیامت تیرے حامی ہین رسول — کیون نہ چہکے ہے تو ای بلبل نالان ہوکر
عشق رکھے جو کوئی احمد مرسل سے بشر — حق ہے وہ روبرو جائیگا خرامان ہوکر
ای شہ ہر دوسرا میری خبر لو للہ — اب تو یثرب مین ہون پہونچا کہین طالان ہوکر
لیجئے اب تو خبر میری شہنشاہ عرب — اشک بہتے ہین میری آنکھ سے طوفان ہوکر
اب مدینہ مین بلا لیجئے للہ رسول — عرض ہے میری یہ آداب سے لرزان ہوکر
مرنے سے پہلے ہو زیارت تیری شاہا مجکو — بھیک کرتا ہون مین رب اپنے سے گریان ہوکر
آرزو ہے میری و فرحت بھی شاہ رسل — اور [illegible] دن [illegible] ہین تیرا ثناخوان ہوکر

امت عاصی کو سب خلق سے جانوں پھلے
آپ لیجاوینگے فردوس مین فرحان ہوکر

جسنے تصدیق رسالت نکی ختم رسل
وہ تو اس دنیا سے جاویگا ہراسان ہوکر

دی خدا نجکو محبت تو رسول اکرم
روح نکلے میری اس جسم سے شادان ہوکر

۱۱ بدنصیبہ ہے میرا کچھہ نہ شکایت شاہا
مجکو اچھا نہ کیا عیسی دوران ہوکر

چمن طیبہ دکہادے تو خداوند کریم
عرض کرتا ہون یہی مضطر و حیران ہوکر

یہ تمنا ہے میری آرزو یہ ہی حضرت
جان نکل جائے میری آپ پہ قربان ہوکر

یہی حسرت ہے میری دلمین تمنا ہی کاش
جاؤن یثرب مین چلا کوہ و بیابان ہوکر

عشق حضرت کا رکھیگا جو کوئی دلمین بشر
اوٹھیگا قبر سے وہ اپنی درخشان ہوکر

عشق مین کھتے تھے ایک روز اویس قرنی
کیون اندھیرے مین چھپا ہے مہ تابان ہوکر

دن قیامت کے نہ دیگا کوئی دوزخمین بشر
رحمت حق جو نزول ہوویگی باران ہوکر

ایک ذرہ بھی کسی دلکو ستاوے جو کوئی
اوٹھے مونہہ مسخ قیامت مین وہ حیوان ہوکر

قعر دوزخمین پڑے کہا یاوہ کہاوے تھوڑ
ظلم رعیت پہ کرے آہ جو سلطان ہوکر

کینہ رکھے جو کوئی دلمین صحابہ سے بشر
اوٹھے وہ گور سے فرعون و ہامان ہوکر

وہ بشر ہے نہین حیوان ہے مطلق بیشک
ظلم کرتا ہے جو ہر شخص پہ انسان ہوکر

ہے وہ حیوان درندونسے بھی زیادہ بدخو
رحم آوے نہ کبھی جسکو مسلمان ہوکر

سخت پتھر سے بھی ہے سخت وہ زیادہ کم بخت
رحم جس دلمین نہ آوے کبھی انسان ہوکر

یہ نہ شایان ہے نہ لایق ہے نہ زیبا ہرگز
رنج دے آہ کسی کو جو مسلمان ہوکر

ای خدا صدق کی فریاد کو تو بیہو پنج کہین
ہے گنہ مین یہہ بہنسا حافظ قرآن ہوکر

شفیع الوری السلام علیک نبی الہدی السلام علیک
شہ بحر و بر السلام علیک امام اصفیا السلام علیک

نہین تجھہ سا پیدا ہوا آدمی نہین تیرا ثانی کوئی ہے نبی
کرے کیا صفت تیری مجھہ سا غبی نبی خدا السلام علیک

لحد سی ملی منزل ہے بعش تخت تر کہ ہوتا ہی داں حال زیر و زبر
رہائی تو دلوا نا او شفیق ہمہ شہ انبیا السلام علیک

مجھے فکر یہ بھی ہے اوسکی بڑی ہے ہول قیامت کی گھڑی ‖ ہر ایک شخص کو ہو وہی اپنی پڑی ہی رسول خدا السلام علیک

زبان پر رہے تیرا ہر وقت نام پڑھوں تیرا کلمہ میں صبح و شام ‖ مجھے حشر میں دیجو کوثر کا جام شہ دوسرا السلام علیک

تیرا نام ورد زبان ہے مجھے تیرا نام لینے سے تسکین ہے ‖ تری دوری سے دل کو بیچینی ہے امین خدا السلام علیک

یہی ہے آرزو صدق کی شاہ دین ترے روضہ پہ جاکے رگڑے جبین
پڑے جاکے در پر یہی بالیقین حبیب خدا السلام علیک

یا شفیع سلام علیک یا صفی سلام علیک ‖ یا نبی سلام علیک صلوات اللہ علیک

ہجر دیا فرقت نے مجکو دکھ دیا ہجرت نے مجکو ‖ آلیا زحمت نے مجکو لو بچا کلفت سے مجکو
یا شہا سلام علیک یا مصطفے سلام علیک یا نبی سلام علیک صلوات اللہ علیک

آپ تو شمس الضحی ہیں آپ تو بدر الدجی ہیں ‖ آپ تو نور الہدی ہیں آپ تو کہف الوری ہیں
یا شہا سلام علیک یا مصطفے سلام علیک یا نبی سلام علیک صلوات اللہ علیک

مظہر ذات خدا ہو منبع جود و عطا ہو ‖ صاحب حلم و حیا ہو راحت شاہ و گدا ہو
یا شہا سلام علیک یا مصطفے سلام علیک یا نبی سلام علیک صلوات اللہ علیک

سرور ہر دو سرا تم معدن لطف عطا تم ‖ واقف راز خدا تم شافع روز جزا تم
یا شہا سلام علیک یا مصطفے سلام علیک یا نبی سلام علیک صلوات اللہ علیک

یا نبی حیران پڑا ہوں گنہ میں جکڑا ہوا ہوں ‖ خلق میں سب سے برا ہوں آپ پر شیدا ہوا ہوں
یا شہا سلام علیک یا مصطفے سلام علیک یا نبی سلام علیک صلوات اللہ علیک

مظہر آدم خبر لو سرور عالم خبر لو ‖ شافع اعظم خبر لو ارحم و اکرم خبر لو
یا شہا سلام علیک یا مصطفے سلام علیک یا نبی سلام علیک صلوات اللہ علیک

آپ ہی نور خدا ہیں آپ ہی بحر عطا ہیں ‖ آپ ہی خیر الوری ہیں آپ ہی صدق کو شفا
یا شہا سلام علیک یا مصطفے سلام علیک یا نبی سلام علیک صلوات اللہ علیک

یا نبی جب ہو قیامت ہو بڑی اوس دن ندامت ‖ آپکی سب پر ہو رحمت کچھہ نہ ہو ہم پر ملامت
یا شہا سلام علیک یا مصطفے سلام علیک یا نبی سلام علیک صلوات اللہ علیک

یا شہا حق سے ملا دو رنج و غم سارا مٹا دو ‖ یا نبی طیبہ دکھا دو صدق کو زیارت کرا دو
یا شہا سلام علیک یا مصطفے سلام علیک یا نبی سلام علیک صلوات اللہ علیک

قصیدہ

جو ذکر مین شاغل ہین وہ خدا سے واصل | ایک سانس ایک دم بھی ہرگز نہین ہین غافل

ای نفس بندگی کر کیون حق سے ہے تو غافل | مت عمر یون بسر کر ایمان کر تو کامل

مت ظلم کر کسیپر مت دل دکھا کسیکا | جو مین غریب اونپہ رحمت خدا ہے نازل

کروے روا تو حاجت خوش دل ہو اوسکا بین | محروم کر نہ اوسکو جو آوے کوئی سایل

عقبے کا گر ہے طالب کر بندگی خدا کی | دنیا کی خواہشون مین ہرگز نہ ہو تو مایل

دنیا کو سمجھے دولت بی عقل ہے بڑا وہ | جانے جو اوسکو کمتر لاریب ہے وہ عاقل

جو ذکر رب مین رہوی ہو قبر مین نہ خطرہ | اوسکو نہووے دہشت ایمان ہو نہ زایل

پڑھ رات دن تو کلمہ مت کر ذرا بھی غفلت | جس دلمین کلمہ ہووی ایمان ہے وہ کامل

روزے رکھو بحکم حق کے دیتے رہو زکاتین | قایم کرو نمازین جنت مین ہووُ داخل

کلمہ ہے جس زبان پر وہ ہے حبیب حق کا | دونون جہان مین وہ ہی بیشک ہے یار کامل

روزہ نہ رکھے قصداً ہے قتل اوسکا واجب | روزہ سے مونہہ پھراتا ہے حق مین زہر قاتل

قصداً نہ رکھے روزہ کچھ خوف ہو نہ حق سے | دوزخ مین جانون ہووے لاریب وہ تو داخل

روزہ نہ رکھے جو کہ بھوکا اوٹھیگا وہ تو | محشر مین ہووی رسوا دوزخ مین ہو وہ داخل

وہ سیر ہو اوٹھیگا روزہ رکھا ہے جسنے | حق سے اوسکے اوپر رحمت بڑی ہو نازل

کیا جلوہ تیرا روشن جی مین چھپا ہمارے | دیکھا ہے جبسے تجکو دل ہو گیا ہے گھایل

بی راہبر نہ پہنچے منزل پہ تو کبھی بھی | جا جستجو مین رہکر ایک ڈھونڈھ پیر کامل

جو کچھہ کہ ہو رہا ہے سب ہے اوسکی قدرت | کل کار خیر و شر مین بیشک وہی ہے فاعل

کسنے خدا کو جانا جیسا کہ حق ہے اوسکا | اس بحر معرفت کا ہرگز نہین ہے ساحل

کچھہ اچھے اور برے سے اونکو نہ کام مطلق | جو بندے بہترین ہین وہ ہین اوسی سے واصل

جو صدق دل سے لیوے نام رسول احمدؐ
بی پرسش عمل وہ جنت مین ہووی داخل

نہ تھی راہ شرع اظہار تجھہ بن | نہین تھا دین کچھہ اشکار تجھہ بن

اندھیرا ہو رہا تھا سب عالم جگت مین | نہ آنکھون مین تھی کچھہ ابصار تجھہ بن

نہ ایمان کا نشان تھا کچھ ذرا بھی ؏
پڑے مسکار تھے کفار تجھ بن

تھا برپا ہر جگہہ قضیا و جھگڑا ؏
زمانہ تھا بڑا غدار تجھ بن

تھی باعث قحط کے مایوس دنیا
نہ بارانی کے تھے آثار تجھ بن

نہ ماؤن کی تھا پستانون مین کچھ شیر
نہ جاری تھین کہین انہار تجھ بن

جو دریا سا وہ تھا یون ہی پڑا تھا
پڑے سوکھے تھے وان بیکار تجھ بن

نہ تھی روئیدگی پیدا جہان مین
پڑے تھے بی ثمر اشجار تجھ بن

ثمر و تازہ ہوئے وہ نخل سارے
جو سوکھے تھے پڑے اشجار تجھ بن

پڑا تھا خلق مین سب جا اندھیرا
نہ رونق تھی میرے سیروار تجھ بن

پڑا تھا قحط مدت سے جہان مین
خلایق تھی بڑی بیزار تجھ بن

پڑے گمراہ تھے انسان جہان مین
نہ اونکا نیک تھا اطوار تجھ بن

ضلالت سے اندھیرا تھا بہت سا
جہان مین تھا نہین انوار تجھ بن

پڑی تھی قحط سالی حد سے زیادہ
پڑا تھا خلق مین ادبار تجھ بن

تمامی ملتون مذہب کا بے شک
نہین کھلتا تھا کچھ اسرار تجھ بن

رکھے تھے خانۂ کعبہ مین جو بت
نہوے وہ کبھی مسمار تجھ بن

عرب مین پھیلی تھی ہر جا ضلالت
پڑے گمراہ تھے اشرار تجھ بن

بہت ہے صدق رنجیدہ پریشان
نہ جاوے اسکا کچھ آزار تجھ بن

کرون کیا عرض مین اظہار تجھ بن
نہ کوئی ہے میرا غمخوار تجھ بن

نہ دنیا مین نہ عقبے مین کسی مین
نہ یاور ہے میرے سردار تجھ بن

نہین ہے ہند مین میرا ٹھکانا ؏
پریشان ہے دل بیمار تجھ بن

پڑی غفلت نے ہے مجھکو ستایا
نہونگا مین کبھی ہوشیار تجھ بن

قیامت مین تمامی انس و جان کا
نہ یاور اور نہ ہوگا یار تجھ بن

جو منزل قبر اول سخت ہوگی ؏
نہوگا وان کوئی غمخوار تجھ بن

خلایق کے لیے روز قیامت — نہو ویگا کوئی مختار تجہہ بن
چلینگے پل پہ سب روز قیامت — نہو نگے وان کبہی ادس پار تجہہ بن
بروز حشر سارے عاصیون کی — کبہی کشتی نہ ہوگی پار تجہہ بن
شفاعت کے لیے روز قیامت — نہوگا دان کسیکو بار تجہہ بن
گنہ لاکہون ہوئے ہین مجہہ سے سرزد — کہون کس سے میرے غفار تجہہ بن
ہین عصیان ظاہر و باطن جو میرے — چہپاوے کون ای ستار تجہہ بن
بڑا ہی سخت ہے روز قیامت — نہ آسان ہوگا وہ زنہار تجہہ بن
یہی بابکر سے کہتے نبی تہے — نجاؤن مین کبہی گلزار تجہہ بن
بلال حبش جنت مین یہہ بولے — نہین بہاتا مجہے گلزار تجہہ بن

ہم دنیا مین دل سے صدیق سویا
نہووے یہہ کبہی بیدار تجہہ بن

مجہے گلشن لگے ہے خار تجہہ بن — بڑی کلفت رہے ہے یار تجہہ بن
خموشی ہے مجہے گفتار تجہہ بن — نبستان سے مجہے گلزار تجہہ بن
بہی ہے بیقراری یار تجہہ بن — نہ ہے مونس کوئی غمخوار تجہہ بن
ستاوے ہے غم ہجران بہت سا — نہ چین آوے مجہے ہے یار تجہہ بن
نبی کے بعد کہتے تہے ابابکر رض — دل افسردہ ہے بیمار تجہہ بن
بڑی فرقت نے ہے مجکو ستایا — کرون کس سے بہلا اظہار تجہہ بن
یہہ روکر حضرت فاروق رض بولے — کہون کس سے مین حال زار تجہہ بن
یہہ بولے حضرت عثمان عفان رض — دل نالان ہے یہہ سردار تجہہ بن
یہی کہتے علی رض تہے بعد رحلت — قرار آتا نہین زنہار تجہہ بن
مہاجر کہتے تہے روضہ پہ جاکر — بہت روتے ہین یہہ انصار تجہہ بن
یہی کہتے تہے سلمان فارسی بہی — نہ چین آوے مجہے دلدار تجہہ بن
بلال حبش جنبہ مین یہہ کہتے — ہین ہون مضطر جگر افگار تجہہ بن

جناب عائشہ بولیں بصد سوز — میں حیران ہوں میری سردار تجھ بن
جو کچھ گذرے ہے مجھ پر رنج و اندوہ — کہوں کس سے میرے دلدار تجھ بن
نہیں ہے لطف کچھ بھی زندگی کا — بسر کیا عمر ہو دلدار تجھ بن ؛
مجھے اچھا لگے کھانا نہ پینا ؛ — کروں دکھیا میں اب کیا کار تجھ بن
خبر لے لو ذرا اب آ کے میری — مرا جینا ہے بس دشوار تجھ بن
نہ کھانیکی نہ پینے کی ہے خواہش — تڑپتا ہے دل بیمار تجھ بن
جناب فاطمہ زہرا یہہ بولیں — مجھے ہے زندگی دشوار تجھ بن
یہی رو رو کے کہتی تھیں وہ غمگین — میری ہے زیست یہہ بیکار تجھ بن
خبر لیلو میری اے بابا جلد سے — پریشان ہے دل بیمار تجھ بن

نہووے صدق کو جبتک حضوری
سناوے یہہ کے اشعار تجھ بن

قادر ذو الجلال بی زوال ہے وہ — وہ شہنشاہ بی مثال ہے وہ
جو شکر پال کا انسان زبان سے کرے — اوسکی گردن پہ بس وبال ہے وہ
خدا تو دیگا اوسے مفلسی کا عوض بھی — جو کہ رکھتا بہت عیال ہے وہ
اوسکی رحمت کا کیا ٹھکانا ہے — جسپہ ذرہ پڑے نہال ہے وہ
جسے رویا میں دنیا ہی سوجھے — خواب ہرگز نہیں خیال ہے وہ
ق
سب ہی نبیوں سے رتبہ ہے اعلیٰ — صاحب بہر کمال ہے وہ
اوسکی صورت کا ہے نہیں انسان — سرو بستان خوش جمال ہے وہ
سخن اوسکا کلام حق سمجھو ؛ — صاحب سر حق مقال ہے وہ
اوسکے قد کا نہیں ہے سایہ کہیں — قامت خوش لقا جمال ہے وہ
رسول حق کو جسے دیکھا بھلے ہی سب تھے — جا کے جنت میں بس بلال ہے وہ

نہووے صدق ذرا تجھسے کچھ مدح اوسکی
سارے نبیوں میں خوش خصال ہے وہ

ولہ

تمام عالم میں جلوہ ظاہر حضور تیرا چمک رہا ہے
عجب گھٹا ہے یہ کالی آئی کہ عشق سوز انسے دل ہے جلتا
عجب یہ عالم ہے کونان کو انکا خیال اسکو ذرا تو کرلو
نہ مونس اپنا نہ کوئی ہمدم نکوئی یاور نکوئی رہبر
خدا یہ تجھ سے دعا ہے ہر شب دکھا دے جلوہ ذرا تو انکا
یہی ہے دنیا یہی ہے عالم یہی ہے فانی یہی ہے باقی
نبی جو چلتے تھے رستہ اپنا معطر ہوتا تھا سارا طیبہ
اوسی نے کھویا ہے مال اپنا اوسی نے کھویا ہے دین اپنا
سنبھالو آکے نہیں پناہ ہے بڑا ہی اوٹھا ہے سخت طوفاں
دماغ الفت کا جس شجر میں گذر ہو سمجھو اوسکو

یہہ نفس باطن ہے کور ہشنک خود ہی میں اپنے بھٹک رہا ہے
کہیں یہ بجلی چمک رہی ہے کہیں یہ بادل گرج رہا ہے
کسیکا شادی سے خوش ہے چہرہ کسیکا آنسو ٹپک رہا ہے
بڑی ہی بیجا حسرت سے شعلہ آتش کا دل میں اپنے بھڑک رہا ہے
فراق احمد سے خار سینہ میں ہر دم اپنے کھٹک رہا ہے
کسیکا شادی سے دل ہے فرحاں کسیکا آنسو ڈھلک رہا ہے
محبت الفت نبی سے رکھو مدینہ اب تک چمک رہا ہے
سرائے فانی کی خواہشوں میں جو انسان اکے لٹک رہا ہے
اب سمجھ دریا میں بیڑا الٹ کسی جگہ میں اٹک رہا ہے
وہ جا کے سوتے تھے تو یوہی خوش سے مدینہ ہر دم لہک رہا ہے

بلالو اسکو مدینہ اپنے نہیں ہے چارا نہیں ہے یارا
تمہاری فرقت میں سر کو اپنے یہہ صدق شاہا پٹک رہا ہے

خدا کی قدرت کا جلوہ ہر دم چھپا نہیں یارو چھلک رہا ہے
نظر شاد ہے جو جلوہ ہمکو تصور انکھوں کا تم سمجھنا
وہی تو پہونچیگا لامکان تک نہیں رکیگا کسی طرح سے
شفیع اعظم بہت تھے غمگین کہ کیا بنیگی بچاری امت
ضرور ہوویگا محل جنت میں سو لی جاؤں بہت ہی رو رو
ولی قیامت بڑا نہ ہوویگا اوسکو جاؤں کبھی ہی یارو
بڑا ہوں حیران پریشان بہت ہوں مضطرب ہوں گریاں
بلال کہتے تھے بعد رحلت نبی کی فرقت میں زار حسرت
فرشتے آتے ہیں آسمان سے نبی کی محفل ہے آؤ دیکھو
نہ صبر اوسی کس طرح سے چھوڑا اوسکو دکھا کے صورت
ہو رستہ آسان جو طیبہ ہو لا اوسی پہ بجلی تو جلد ہمکو

رسول احمد کا نور جگ میں ہر ایک جا پر دمک رہا ہے
وہ نور احمد تو مثل تارے فلک سب جہان میں چمک رہا ہے
اب عشق احمد میں جسکے سینے آنسو آکر جھلک رہا ہے
جو حوض کوثر کو جا کے دیکھا تو پانی اوسمیں چھلک رہا ہے
وہ مثل خون کے جو آنکھ عاشق سے رخ پہ آنسو ڈھلک رہا ہے
ہر ایک ساعت میں ہول محشر سے جسکا سینہ دھڑک رہا ہے
بحار عصیان میں اب تو شاہا جہاز میرا اٹک رہا ہے
نہیں نکلتا کسی طرح سے یہہ دم گلے میں اٹک رہا ہے
گلاب لاکر دے اوس کہ بیمار بستر کوئی چھڑک رہا ہے
کہ دل جدائی سے مثل بسمل قفس میں اب تو پھڑک رہا ہے
کہیں کی منزل مسافر سے یہہ جی تو ہر دم سسک رہا ہے

نبی کی مدحت میں دست بستہ کھڑی ادب سے صلوٰۃ پڑھ کر
یہ صدق شاداں ہو مثل بلبل مزہ میں اپنے چہک رہا ہے

کبھی ہے وحشت کبھی ہے خطرہ نہیں ہے مطلب کسی سے اسکو
یہ مثل بلبل کے باغ دنیا میں صدق ہر دم چہک رہا ہے

ہو آپ ہی نور رحمانی محی الدین جیلانی — ہو آپ ہی فخر انسانی محی الدین جیلانی
شرافت آپ کی بالا مراتب سب سے ہے اعلیٰ — ہو آپ ہی شبیر یزدانی محی الدین جیلانی
تصوف کے ہو تم بانی کہیں ہیں سب کو گیلانی — لقب محبوب سبحانی محی الدین جیلانی
تم ہو مقصود نبیوں کے تم ہو مطلوب ولیوں کے — تم ہو محبوب ربانی محی الدین جیلانی
دو دمان فاطمہ ہو تم علی کے لاڈلے ہو تم — کروں کیا میں مدح خوانی محی الدین جیلانی
تمہیں ہادی مریدوں کے تمہیں رہبر فقیروں کے — تمہاری ذات روحانی محی الدین جیلانی
تمہیں ہو شیخ فقرا کے تمہیں ہو دستگیر غربا کے — تمہارا ہے نہیں ثانی محی الدین جیلانی
خدا کے تم ہی پیارے ہو نبی کے سر کے تاج ہو — علی کے تم ہی ہو جانی محی الدین جیلانی
ولیوں کے ستارے ہو مریدوں کے سہارے ہو — حقیقت میں ہو لاثانی محی الدین جیلانی
نکالا ناؤ کو تم نے تھی ڈوبی جو کہ مدت سے — تمہیں ہو فیض رحمانی محی الدین جیلانی
بلا شک نفس کش ہو تم ریاضت اور مشقت میں — تمہارا فخر لاثانی محی الدین جیلانی
تمہاری خوبی و خصلت بھلا کس سے بیان ہووے — تم ہو صورت حسن ثانی محی الدین جیلانی
نبی کو فخر ہے تم سے کہ تم ہی خیر امت ہو — ہو تم سب نور جسمانی محی الدین جیلانی
جو سائل تیرا کوئی آتا نہیں محروم وہ جاتا — سبھی کرتے رہتے مہمانی محی الدین جیلانی

پھرے ہے صدق رندوں میں تمہاری ہے مریدوں میں
اسے رہوے ہے حیرانی محی الدین جیلانے

معین کبریا ہو تم معین الدین اجمیری — مقرب بارگاہ ہو تم معین الدین اجمیری
دو دمان مرتضیٰ ہو تم حبیب مصطفیٰ ہو تم — مقتدای اولیا ہو تم معین الدین اجمیری
محبان خدا ہو تم عزیز کبریا ہو تم — بپا رسی بخشے ہو تم معین الدین اجمیری
محبے نو زبان ہم شہا پیش مریدان تم — مددگار غریبان تم معین الدین اجمیری

اتفاقاً ہو گئے جب دہلی تو بولے وانیہ سکا کی
لگا دو پار کشتی تم معین الدین اجمیری

مرید ایک روز تھے سب یہ سکا کی بولے او سدم
خدا سے اب ملا دو تم معین الدین اجمیری

اتفاقاً جادوگر آیا زمین سے اوڑ کے وہ بولا
یہ دیکھو میرا اوڑنا تم معین الدین اجمیری

جدا ہو کفش حضرت سے لگی جوگی کے بس سر سے
وہ بولا دو اماں اب تم معین الدین اجمیری

گرا اوسپہ جادوگر کہا اوسنے بدل مضطر
دکھا دو راہ بہشت تم معین الدین اجمیری

نصیحت ہو گئی مجھکو خطا اب عفو میری ہو
پناہ دو اس بلا سے تم معین الدین اجمیری

جہانک ایک صدق کو دکھلا کیا اسکو ہے بس شیدا
دکھا دو اب دوبارہ تم معین الدین اجمیری

قصیدہ در شان حضرت شاہ سیدنا ابوالعلا قدس سرہ

ہماری ہی مطلب سے میسر ہماری بو العلا
تھے وہ دوران مرشد سیدنا ابو العلا

رتبہ تو اونکا تھا کہ تھے قطب وقت اولیا
تھے وہ حبیب کبریا محبوب شاہ دوسرا

تھے قطب وہ عالی گہر تھی سیر انکی عرش تک
پہنچاتی جسپہ تھی نظر بس جاتا وہ عرش عُلا

تھا ایک قدم آسمان تھا عرش اونکا آستان
جاتے تھے دم میں لامکان رتبہ تھا اونکا بس بڑا

ایک جوگی آیا ناگہان بیٹا تھی پنجرہ میں نہا
عورت و لے تھی بیگمان جادو سے تھا اسکو رکھا

تھا کشف حضرت کو بہت فی الفور تاڑ گئے بات کل
جوگی فراست دیکھ کر اولٹا ہی جانے وہ لگا

بیٹا تھا وہ جادو کی شتاب کہا لگا پیچ و تاب
حاضر تھے وان شیخ و شاب مجمع بڑا ایک ہو رہا

آ گئے دیکھا بغور عورت ہے ایک بیٹا بطور
کشف سے کھینچا فی الفور بس آیا وہ کھنچتا چلا

جب پہنچا اوسکو آپ نے وہ جوگی آیا سامنے
ڈرنے لگا وہ کانپنے چہرہ تو اوسکا فق ہوا

بیٹھے وضو تھے کر رہے بیٹا نکالی پنجرہ سے
پانکی چھینٹے دیدئے بیٹا وہ عورت مہ لقا

عورت وہ ننگی دیکھ کر چادر اوڑھائی اوسکے سر
بولی وہ ہو کے چشم تر تھی میں اسیر مبتلا

عورت سے بولے یہ سخن پہنچا دوں تجکو میں وطن
سنکر وہ بولی نیک زن جاؤں میں دنیا کیا بھلا

جوگی کو دیا تو پیر لایا وہ ایمان آپ پر
کی اوسنے بیعت ہاتھ پر ایک دم میں کامل ہو گیا

نام اسکا اچھا سا رکھا اوسکا نکاح کر دیا
جب تک کہ وہ زندہ رہا غافل نہ خدمت سے ہوا

جس جا مزار ہے آپکا ہے دفن واں مرد خدا
جانے ہر اک چھوٹا بڑا یا شیخ فرار بوالعلا

ایک طفل پڑی مردہ لا شہا شاہ راہ روتا کھڑا
بس آپ نے پڑہی اوٹھا از حکم رب زندہ کیا

ایک فیل مست رستہ میں تہا خونی ستاتا سبکو تہا
جب پہرا ہاتہہ اوسپہ عطا خدمتمین آیا وہ چلا

کرنے لگا اوس سے کلام دریا پہ کر اپنا مقام
رہ عمر بہر اوس جا مدام سنکر وہ ہاتی چل اوٹھا

دریا کنارہ رہتا تہا ہر ایک اوسپہ چڑہتا تہا
وہ پار لیکے جاتا تہا بس یہہ ہی کام اوسکا رہا

ایک شاہ عالی وقت نے پیالے کئی شربت دیئے
بس ہاتہہ میں تو لے لیے ہرگز نہ قطرہ تک پیا

بولا وہ شاہ نامدار ڈرتے نہیں تم زینہار
پینے سے ہے تمکو تو عار یا تو نہیں میرا کہا

کہنے لگا ای شاہ تو حکم خدا مانے نہ تو
پیتا یہ بدبخت تو چکھیگا تو اوسکا مزا

وہ بادشاہ ہو پر غضب آپ سے نکلا بے سبب
کہنے لگا یہہ بات جب غصہ تو سلطان کے سر آ

تب آپ نے ناچار ہو اوس دم نکالے شہر سے وہ
گھبرا گیا وہ شاہ تو اولٹے پہرے شاہ بوالعلا

ایک روز مجلس ہو رہی شورش بہی تہی اوس دم بڑی
لوگوں کی یہہ نوبت ہوئی وجد آتا تہا چلا

مجلس میں گانا ہو رہا عالم ایک آ حاضر ہوا
گویا ہوے شاہ بوالعلا تشریف لائی مرحبا

ہو تم ہماری آشنا سننے نہیں مطلق غنا
ہمکو ادب ہے آپکا ساز و نکو ہے رکھوا دیا

شورش ہوئی ایک شخص کو نعرہ لگا کے اوسنے وہ
ناگاہ سن آواز کو لرزہ ہر اک کو آ گیا

شورش میں تھے نعرہ کناں نعرے لگا کے اوس زباں
بجنے لگے سب ساز واں عالم ہی غشمیں آ گیا

عالم وہ روئے اسقدر ہلنے لگے دیوار و در
تھے وجد میں وہ بیخبر بولے کہ یا شاہ بوالعلا

بیعت مجھے کر لیجیے نعمت مجھے کچھ دیجیے
یہہ عرض اب سن لیجیے سنکر نہیں میں راگ کا

ہے صدق کی یہہ التجا ہے دل کا یہہ مدعا
صدقہ مجھے شاہ بوالعلا خاصوں میں وہ اپنے ملا

اے صدق خامہ روک لے مدحت سے ہے عظمت بڑے
ہوویں جمع یاں اولیا برسے ہے یاں رحمت خدا

پردہ پوشی میں گنہگاروں کی ستار ہے محفل
یاں آنے سے بیمار شفا پاتے ہیں یارو

ولہ

خستہ دلوں عاشق کی یہہ دلدار ہی محفل
واللہ یہہ بیمار کی غمخوار ہے محفل

گل محفل میلاد کے ہی کانٹے ہیں کہلتے — یہ جہان تو بے خار ہے بے خار ہے محفل
باران رحمت تو یہاں ہوتی ہی ہے بیشک — یہ حق کی تجلی سے تو انوار ہے محفل
آتے ہیں فرشتے تو یہاں سننے کو میلاد — عطر و عنبر کی حقیقت میں سزاوار ہے محفل

دل صدق سے ہاں آن کر صلوات کو پڑھیے
باللہ کہ یہ رحمت غفار ہے محفل

آکر پڑھو صلوات یہ جھنڈا رہی محفل — طیار ہے طیار ہے طیار ہے محفل
سب مجلسوں کی یہ ہی تو سردار ہی لایق — زردار ہے زردار ہے زردار ہی محفل
اب جھٹ سے وضو کر کے چلے آؤ حضرت — گلزار ہے گلزار ہے گلزار ہے محفل
بیہوشی سے مستی سے نہیں یاں کوئی غافل — بیدار ہے بیدار ہے بیدار ہے محفل
اس بات سے آوے جو کوئی منکر میلاد — ہشیار ہے ہشیار ہے ہشیار ہی محفل
کنجوسی سے جو زر نہ اوٹھاوے کبھی اوسکو — دشوار ہے دشوار ہے دشوار ہے محفل
جو منکر میلاد ہے بس اوس سے تو جانوں — بیزار ہے بیزار ہے بیزار ہے محفل
صلوات پڑھو آکے یہاں چپکے نہ بیٹھو — حق دار ہے حق دار ہے حق دار ہی محفل
ہیں وجد میں صوفی تو بہت بیخود و بیہوش — رنگدار ہے رنگدار ہے رنگدار ہی محفل

گل نازوں سے اور عطر سے لوبان سے ای صدق
سرشار ہے سرشار ہے سرشار ہی محفل

پردہ چہرہ سے اوٹھا دیجئے شہا — یہ لقا اپنا دکھا دیجئے شہا
ہوں پیاسا شربت دیدار میں — وصل ساغر اب پلا دیجئے شہا
لاکہا مخلوق حق سے وصل کی — رب سے مجکو بھی ملا دیجئے شہا
مبتلا ہی رنج دنیا ہی میں ہوں — درد و غم میرا اوٹھا دیجئے شہا
بندے کے حلقے گھر میں بہت سے — میوہ شربت کھلا دیجئے شہا
صدمے میں ہیں بے ناشاد سے — صدق کو در پر بلا لیجئے شہا

ترجیع بند در بیان معراج

جبریل آئے در پہ اک شب حضور والا
پیغام رب یہ لائے خدمت حضور والا
رخسار کے اپنے ملنے قدموں حضور والا
بولے ادب سے بہر حق چلیے حضور والا

ہر سمت قدسیوں کے لاکھوں پرے کھڑے ہیں
آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑے ہیں

ہے عرض یہ ادب سے خیر الانام جاگو
لایا پیام رب سے خیر الانام جاگو
در پر براق حاضر خیر الانام جاگو
مشعل بکف ہے رضوان خیر الانام جاگو

ہر سمت قدسیوں کے لاکھوں پرے کھڑے ہیں
آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑے ہیں

اٹھو حبیب رب کے لایا پیام میں ہوں
اب در پہ ایستادہ ای ذو الکرام میں ہوں
اک کمترین بندہ رب غلام میں ہوں
ہمرہ رکاب حاضر خیر الانام میں ہوں

ہر سمت قدسیوں کے لاکھوں پرے کھڑے ہیں
آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑے ہیں

کل انبیا ہیں حاضر عرش بریں کے اوپر
حور و ملک ہیں جنت میں منتظر وہاں پر
ہیں آپ کو جگانے آیا حبیب اکبر
آئے ہیں ساتھ میری صد ہا فرشتے در پر

ہر سمت قدسیوں کے لاکھوں پرے کھڑے ہیں
آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑے ہیں

آیا پیام وصلت ہجرت ہوئی ہے آخر
تکلیف کچھ نہیں ہے بیٹھیں اب آپ صابر
کوئی نہ ہوگا ایسا جیسے ہیں آپ شاکر
لو عاصیان امت بخشے گا آج غافر

ہر سمت قدسیوں کے لاکھوں پرے کھڑے ہیں
آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑے ہیں

رب کے عطا کرم سے میری زبان ہے قاصر
دوزخ میں اب نہ ہوگا کوئی ہر گز آج کافر

وہ بحر رحمت اوسکا لا انتہا ہے آخر — بخشش بڑی ہے اوسکی وہ ہے غفور غفار

ہر سمت قدسیون کے لاکھون پرے بندھے ہین
آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑے ہین

پیاری رسول رب کے اوٹھو وضو کرلو — رضوان کھڑا ہے وہ پر اس کے صراحی لیلو
جنت سے آیا جوڑا اب زیب تن کرلو — فردوسی عطر لیکر اسکو بدن سے مل لو

ہر سمت قدسیون کے لاکھون پرے جمے ہین
آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑے ہین

پہنہ یہ قمیص رنگین اب اوڑہینگا اسکو — ہے یہہ عمامہ نقشین اب باندھینگا اسکو
یہہ پٹکہ رنگ احمر اب لپیٹینگا اسکو — یہہ جنت سے زمرد اب پہنینگا اسکو

ہر سمت قدسیون کے لاکھون پرے جمے ہین
آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑے ہین

ہین انبیا و صلحا فردوس مین مقرر — تعظیم کو کھڑے ہین سارے وہان پیمبر
جو رو رہا ہے اوس جا کہتا ہون اوس سے کہ مر — جوتے کے ہے وہا نپر پٹکا اعلی ابیتر

بخدا حضور والا مشتاق ہین پیمبر — سب ساکنان فلک کے ہین عطر سے معطر
کوئی کمر کو باندھے سر گرم ہے مقرر — فردوس مین ہے کوئی کوئی در فلک پر

ہر سمت قدسیون کے لاکھون پری بندہی ہین
آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑے ہین

آراستہ چمن ہے ہر سمت نہر جاری — پہولون سے کہل رہی ہے ہر اک روش کیاری
کلیان ہر اک شجر مین آئی ہین پیاری پیاری — ہین جانور وہان پر بے گنتی بے شماری

ہر سمت قدسیون کے لاکھون پرے بندھے ہین
آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑے ہین

خوشیان فلک کے اوپر ہر جا ہی ہو رہی ہین — نہر بہشت کی نہرین وان ہر سمت بہ رہی ہین
حورین ہر ایک روش پر شکر خدا کی کہہ رہی ہین — خوشبوئین ہر طرف سے ہر جا لہک رہی ہین

میوے طرح طرح کے خوشرنگ و ذائقہ کے ‏ ‏ غنچے طرح طرح کے ہر پیڑ پر ہیں اچھے
طوبیٰ کی ڈالیوں کے وان ڈھنگ ہیں نرالے ‏ ‏ کھلنے کی کیا ہے حاجت اب دیکھ لو گے جا کے

ہر سمت قدسیونکے لاکھوں پری بندھے ہیں ٭ آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑی ہیں

حکم خدا ہے یہہ ہی مردو کے حق میں اس شب ‏ ‏ جو ہوں عذاب قبری موقوف اونسے یکسب
عالم میں مردے جو ہوں یادیں نجات وہ سب ‏ ‏ دوزخ میں رہنکو فرمان ہوا ہے یہ رب

ہر سمت قدسیونکے لاکھوں پرے بندھے ہیں ٭ آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑی ہیں

بخشد انزول رحمت اس درجہ ہے نہایت ‏ ‏ جو دوزخی ہوا اس سے اوٹھے عذاب کلفت
ٹھنڈی ہی ہوگئی ہے دوزخ آراستہ ہے جنت ‏ ‏ کوئی نہ رہ بے رحمت کہو ہے رشک جنت

ہر سمت قدسیونکے لاکھوں پرے بندھے ہیں ٭ آراستہ ہو غلمان باندھی کمر کھڑی ہیں

غافر غفور وہ ہے رب قدیر وہ ہے ‏ ‏ سب سے بزرگ وہ ہے سب سے کبیر وہ ہے
خالق حکیم وہ ہے سامع بصیر وہ ہے ‏ ‏ دانا خبیر وہ ہے نعم النصیر وہ ہے

ہر سمت قدسیونکے لاکھوں پرے جمے ہیں ٭ آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑی ہیں

براق ہے یہہ حاضر جنت کا رہنے والا ‏ ‏ ہے والہ و یہہ شیدا عشق میں نرالا
روتا نہا دلوں سے کرتا تھا آہ و نالا ‏ ‏ رنج والم سے اسنے کھینچا تھا اکالا

ہر سمت قدسیونکے لاکھوں پرے جمے ہیں ٭ آراستہ ہو غلمان باندھی کمر کھڑی ہیں

سونیکا ہر شجر ہے پتہ زمردی کا ‏ ‏ ہے شاخ سب کی مرجان موتی سا خوشہ انکا
ہر شاخ پر شجر کے ہے ایک پرندہ بیٹھا ‏ ‏ ہے صدق دل سے پڑھتا کلمہ حضور ہی کا

ہر سمت قدسیونکے لاکھوں پرے بندھے ہیں ٭ آراستہ ہو غلمان باندھے کمر کھڑی ہیں

ہے صدق یہہ بیچارہ کہاں مجال مضطر ‏ ‏ ہے دل سے یہہ غلام شاہ رسول اطہر
کرتا دعا ہے حق سے یہہ ہی بروز محشر ‏ ‏ پا سکے رکاب ہووی شافع نبی رہبر

ہر سمت قدسیونکے لاکھوں پرے بندھے ہیں ٭ آراستہ ہو غلمان باندھی کمر کھڑی ہیں

ترجیع بند دیگر

سنو جبریل نے ایک شب کری عرض لگے بصد ادب
وہاں چلکے دیکھو عجب عجب ذرا دیر کرینگا کچھہ نہ اب
چلو یا نبی بحضور رب بخوشی کہا ہے تمہیں طلب
کھڑے انتظار ہیں سب کے سب ہی قدسی کہتی ہیں کب ہی کب

بلغ العلے بکماله کشف الدجے بجماله
حسنت جمیع خصاله صلو علیه و آله

دیا یہہ پیام خدا کا آ کے حضور سرور انبیا
سنا جبکہ مژدہ جانفزا اوٹھے خواب سے تو وضو کیا
کہا اوٹھو خواب سے یا شہا چلو آپ جلد سے بر سما
وہیں رب کا شکر ادا کیا یہہ درود سکان سے ہوئی صدا

بلغ العلے بکماله کشف الدجے بجماله
حسنت جمیع خصاله صلو علیه و آله

لیے نوری کوئی شمع کو تہا کوئی روشنی کی جلو میں تہا
کوئی داہنے بائیں رکاب تہا کوئی منتظر تو وہ پانبہ تہا
بڑا سا تہہ اونکے ہجوم تہا کوئی چومتے اونکے قدم تہا
کوئی طرفوں کی صدا یہ تہا کوئی آگے بڑہ کے یہہ کہتا تہا

بلغ العلے بکماله کشف الدجے بجماله
حسنت جمیع خصاله صلو علیه و آله

گئے جبکہ احمد مجتبیٰ ابہی عرش اعلیٰ یہ غل مچا
کوئی پل میں آئیں وہ شہا نہیں دیر ہووے گی اب ذرا
کہ قریب آ گئے مصطفیٰ کرو آسمانوں کو جلد وا
یہی حکم رب کا تہا جابجا کہیں قدسی سارے ہی مرحبا

بلغ العلے بکماله کشف الدجے بجماله
حسنت جمیع خصاله صلو علیه و آله

سبہی آسمانوں پہ نور تہا سبہی جا ہی اوسکا ظہور تہا
کوئی محو رب غفور تہا کوئی واں یہ عشق میں چور تہا
کہیں سلسبیل و طہور تہا کہیں عاشقوں کو سرور تہا
وہاں سبکو قرب حضور تہا یہہ گروہ کہتا طیور تہا

بلغ العلے بکماله کشف الدجے بجماله
حسنت جمیع خصاله صلو علیه و آله

کہیں انبیا کا تہا جمگٹا کہیں اولیا کا جتہا بندہا
کہیں عاشقوں کا تہا دل لگا کہ وہ آتا ہے جو نگاہ لیا
کہیں سبز پوشوں کا تہا پرا کہیں قدسیوں کا گروہ جدا
کھڑا جو گروہ کہ وہاں یہ تہا یہی کہتا اپنی زبان سے تہا

بلغ العلی بکماله کشف الدجے بجماله * حسنت جمیع خصاله صلو علیه و آله

کوئی صف بہ تہا کہڑا ہوا کوئی دست بستہ گروہ تہا   کوئی باندہے اپنی کمر کو تہا کوئی اہتمام مین تہا لگا
جو قریب آگئے مصطفےٰ یہی لفظ کہتے تہے مرحبا   ہر انتظار تہا یا شہا دل و جان آپ پہ ہو فدا

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

جو مکان اپنے نبی چلے تو پرے فرشتون کے آ ملے   وہ اوڑ سے وہان سے چلے در آسمان کہلے [illegible]
وہ ملک تو غاشیہ دوش لیے جب ہی پہنچے عرش کے وہ تلے   رہے آسمان کے بند وا چلے سوی قدسیون کے تہے قافلے

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

نبی آئے قبر پہ موسیٰ کے وہ نماز قبر مین پڑہتے تہے   چلے وان سے تہوڑی ہی دور تہے کہ قریب آگئے اقصیٰ کے
وان براق در پہ تو باندہ کے وہ امام نبیون کے ہو گئے   ہو کے وقفہ تہوڑی ہی دیر کے کہ جناب موسیٰ ہی [illegible]

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

نبی اس ترک سے تو تہے چلے کہ جلو مین سب ملکوت تہے   کوئی آگے چلتے تہے دوڑ کے کوئی داہنے بائین [illegible]
کوئی پکڑے اونکی رکاب تہے کوئی جی اوپہ نثار تہے   پرے باندہ باندہ وہ اوڑتے تہے پہ نثار ہو کے [illegible]

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

وہ نبی براق سوار تہے وہ جلو سی اونپہ نثار تہے   وہ جہنڈ جہنڈ ملک اوڑتے تہے جلو مین [illegible]
وہان دیکہا سب ہین نبی کہڑے صفین باندہ باندہ پرے پرے   وہین حضرت عیسیٰ ہی آ ملے یہی ذکر سبکی زبان پہ تہے

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

ہوا جبکہ سدرہ پہ تہا گذر لگے تہے وہان پہ بڑے شجر   نہین خار کا تہا وہان اثر وہان نور ایک جہلا ہوا کہ
نہین ٹہرے جبکہ کوئی نظر سے جبرئیل یہ عرض کر   مجہے آگے بڑہنے سے ہے خطر اوڑ دون تو جل جائے پر

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ

ہوئے بند راہ کے سلسلے ہوئے طے جہاں کے مرحلے
یہی عرض کرنے تو وہ لگے جو بڑھیں ہم آگے تو پر جلے

وہ بلاک تو سدرہ سے بڑھ چلے جو در نبی پہ سے بچے چلے +
وہ ٹھہر تو سدرہ تھے ہلے چلے گویا نوری سانچے میں ڈھلے +

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ وآلہ

گئے آپ جبکہ تہ لامکاں کھلا راز جو کہ وہ تھا نہاں
ہوئے گویا سیر وہ جہاں خدا تیرے بندے میں بیگماں

کروں اس جگہ کا میں کیا بیاں نہیں تھا ملک کا جہاں نشاں
میری بخشش اب ہے ناتواں او دنیٰ میں تجھ سے ہیں تو اماں

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ وآلہ

گئے سیر جنت کی واں بہار دیکھی عجیب سی
تھی محل روش کی جدی جدی کہیں سبز محل زمردی

بندھی غلاموں کی تو قطار تھی صف حوریاں تھی جدی جدی
کہیں تخت بچھے تھے نقرئی کہیں نہر شیر سی تھی بہی

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ وآلہ

وہاں شکل دیکھی بلال جب لگے شکر کرنے شہ عرب
کری ہاتھ باندھ کے عرض تب کہ نہ تھا سکا یہ فقط سبب

کہا تیرا آنا ہے یاں عجب بھلا یاں گذر ہو کیسا کب
پڑھا کرتا تھا بحضور رب یہی عرض کرتا ہوں باادب

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ وآلہ

وہ جمال آپکا تھا قمر جو چھپے کیسے اگر نظر
گئے آپ عرش ہی جس جگہ جہاں قدسیوں کا نہ تھا گذر

وہ فدا ہوا آپ کو دیکھ کر کوئی جن ملک ہو یا بشر
ترا ادنیٰ کا نیو نہیں تھا و قریب صدا تو آتی تھی ہمیشہ

گئے عرش اعلیٰ پہ جب تھا ہوا شور پردہ سے مرحبا
وہ حجاب پردہ تو سب اٹھا دیں وصل کا تو مزا ملا

وہ نظر میں آیا جو دو رہا کروں کیا بیاں کہ وہ تھا بھلا
یہاں عقل کرتی ہے اب خطا یہی کہتی ہے یہی تھا خدا

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ وآلہ

گئے قرب جبکہ تو مصطفیٰ ہوئی دل کو صحبت رب سے ملا

وہیں یار غار تھی دی ندا جو سنی تو سنتے ہی دل کھلا

نہ خیال کوئی جدا رہا مگر عشق رب کا لگا رہا ٭ نہ قرار دلکو ذرا رہا و لے حق کا جلوہ عیان رہا

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

ہوا خلد مین جو کہین گذر وہان سیر کی تھی جب
ٹہرے خوش رسیلے تھے وہ ثمر کرے کیا بیان کوئی شمر
کہین سونے کے تھے لگے شجر لدے میوے جسے تھے وہ خوب
تھے پرندے بیٹھے جو نخل پر وہ بہی کلمہ لاتے زبان پہ

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

کہین تخت بچھے سنہری تھے جڑے اُنپہ موتی و لعل تھے
کسی جا پہ پہولونکے دستے تھے وہ مہکتے عطر سے تر بتر تھے
کہین فرش مخملی بچھے لگے کہین عنبرین تھے کہلے
کہین شاخ شاخ پہ غنچے تھے کسی جا پرندی چہکتے تھے

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

بلح آپکی ہو شہا صلوات آپ پہ ہو خدا
ہون حقیر آپکا مین گدا مجھے ہے سہارا تو آپ کا
میری رات دن ہے یہ التجا مجھے اب مدینہ مین لو بلا
نہین آرزو مری اس سوا پہنچون آکے روضہ پہ شہنشا

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

خدا اب حضوری تو کر عطا تو معاف کر دی جو ہو خطا
بہلا صدق اتو لکہیگا کیا وہ حبیب ہے تیرے مصطفےٰ
مجھے اوس نبی کا تو در دکہا جو تمام ہونکا ہے شہنشا
دل و جان ہو اونپہ نثار فدا یہ ذرود پڑہتا رہے سدا

بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجیٰ بجمالہ
حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

اوسیکو حمد ہے وافر کہ جسکی ذات پاکی ہے
نہین زیبا ہے انسانکو تکبر اور مغروری ہے
نہین رہوین شجر ہرگز نہین رہوین حجر ہرگز
فرشتے مین ٹہرے عاجز بشر کی کیا بہلا طاقت

وله

بشر ہے عاجزی لائق کہ اوسکا جسم خاکی ہے
وہی مالک ہے بندونکا اوسیکی ذات عالی ہے
بلا شک ہے فنا عالم اوسیکی ذات باقی
صفت ہو وے نہین حضرت کہہ نہ ہو اسکا تعالی

اوسے تو نہ تجلی حق نظر آویگی لاکھون مین — کدورت دنیوی سے جسکا سینہ پاک صافی ہے
جو اچھے کام کرجاو خدا کی راہ مین انسان — ہمیشہ کے لیئے نیکی وہی تو رہتی باقی ہے
معاف ہونگے گنہ اوسکے بلاشک دن قیامت — گنہ کرنے مین حق سے جو کہ بندہ دل مین خافی ہے
جو نادم ہو گنا ہونسے امید عفو ہے اوسکی — جو ہٹ کرتا ہے عصیانسے بلاشک وہی عاصی ہے
مین ہون آلودہ عصیان نہین کھلتی رہ مولا — ہر ایک ساعت رہے مجکو فضولی اور لافی ہے
نہ عصیان حبط ہوونگے بغیر از فضل مولا کچھ — گنا ہونسے مرض مین فی الحقیقت وہی شافی ہے
پٹے جاو پڑے جاو نہ چھوڑو تم نمازون کو — نمازونکی اس عالم مین کسیسے نہ معافی ہے
کسی مسکین کو کھانا جو کہ کھلواو خوشی دل سے — ثواب اوسکا قیامت مین بیقین جانون کہ وافی ہے

نہ کر تو صدق کچھ خطرہ سوالون قبر کا ہرگز
تجھے الفت رسول احمد مختار کافی ہے

ترجیع بند

قدر عنا تو لکھون کیا مین رسول اکرم — ہو گئے دیکھ فدا جسکو صفی آدم
نہین آدم تجھے فدا اونپہ ہر ایک تھا عالم — مردہ گر دیکھے تو فی الفور ہو زندہ اوس دم
جتنی تعریف کرون ہے وہ بلاشک سب کم — ہے لقب آپکا مشہور شفیع اعظم
مجھسے تعریف بہلا کیا ہو شہنشاہ امم — کر گیا آگے تو قدسی سے یہی شعر رقم

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

واہ حضرت کی بہی کیا شان ہے اللہ اللہ — نور حق تہا وہ حقیقت مین جناب ذیجاہ
ایسا جلوہ رخ زیبا تہا درخشندہ وہ ماہ — آنکھ مین پہرتی تجلی جو کوئی کرتا نگاہ
جتنی توصیف کرون حق ہے وہ ثم باللہ — دین و دنیا کے سہارے تو وہی مین بس شاہ
حشر میں ہی کچھ خدایا تو اونہین کے ہمراہ — ہے یہی ورد لگا اب تو مجھے شام و پگاہ

مرحبا سید مکی مدنی العربی

قد حضرت کا زمین پر نہین سایہ پڑتا
رخ وہ ایسا تہا کہ تہا نور کا آئینہ بنا
نور سے حق نے بنایا تہا وہ چہرہ اونکا
خواب مین جسنے کہ اوس نور خدا کو دیکہا

واہ کیا شان تہی کیا انکا بنا تہا نقشا
نظر اوس رخ مین نہ آتا تہا خدا انکا جلوا
نور ہی نور تہا کیا اوسکی صفت ہووے بہلا
مرنے کے بعد وہ بس جنت ماوی پہونچا

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

روشنی ایسی نہین رکہتا ہے کچہ ماہ واللہ
کوئی دنیا مین نہین ایسا ہوا ہے بندہ
نہ ملیگا کسی مخلوق کو ایسا رتبہ
جو کہ امت مین ہے اونکی وہ رہیگا ہمراہ

جبسا روشن شہ والا کا تہا احسن چہرہ
نہ رسولون مین نہ نبیون مین قسم ہے اللہ
فی الحقیقت وہ قیامت مین شفیع ہین بیجاہ
وان اسی شعر کا مضمون سنیگا باللہ

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

نام حضرت کا محبت سے جو لے شام و پگاہ
عفو ہو جاویگا جانون کہ سبہی اوسکا گناہ
پہونچے فردوس مین بیشک جو چلے آپکی راہ
ہے یقین حشر مین ہو ویگا یہہ اونکے ہمراہ

گرمی حشر سے رہویگی بہت اوسکو پناہ
آگ دوزخ کی نہ دیکہیگا کبہی وہ واللہ
غیر کی راہ جو چلے ہوگا وہی تو گمراہ
پہونچیگا صدق یہہ لکہا ہوا انشاء اللہ

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

تجہہ سے فریاد ہے اس نفس برے کی اللہ
اب دکہادے تو نبی کی ہمین للہ درگاہ
بس ہر ایک حال ہمارے سے تو ہی ہے آگاہ
دن قیامت کے نہین ہمکو گنہ سے پرواہ

تجہہ سے ہر چیز کی ہر وقت مین چاہین پناہ
امتی تو نے کیا اونکا ہمین ہے ہر گاہ
روبرو تیرے خدایا ہمین درکار گواہ
شافع خلق ہین محشر مین ہمارے وہ شاہ

مرحبا سید مکی مدنی العربی دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

جسم حضرت کا تو ایک نور خدا سے تھا بنا
عرش کی ایک قبا تھی تو بدن میں زیبا
نور ایک فرش زمین سے تو سما تک تھا اوٹھا
حق نے براق سواری کا سجا کر بھیجا

تھا زمین سے وہ جھکتا تو فلک پہ جاتا
سر پہ خط دار عمامہ وہ بہشتی تہا سجا
شور ہر سمت سے ہوتا تھا کہ واصل علے
آگئے جبریل تو بس پھیری ندا کرتا چلا

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

نور احمد ہے حقیقت میں خدا کا جلوہ
جو ہے امت میں محمدؐ کے خدا کا بندہ
شب معراج میں بخشش کا کھلا ہے عقدہ
شب اسریٰ میں اوٹھا سارا دوئی کا پردہ

سارے نبیوں سے زیادہ ہوا اونکا رتبہ
حشر کے ہول سے اوسکو نہیں کچھ خطرہ
حق نے امت کا ہر ایک عمل دکھایا عمدہ
جب گئے واں تو رضوان نے کہا واشوقاہ

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

شیریں رہتا ہے ہر اوصاف میں حضرت کے دہن
حکم رضواں کو ہوا ہے کہ سنوارو گلشن
ہو وہیں اب نور کی غنچہ بلبلیں سراسر دہن
بلبلیں دیویں صدا چھوڑ کے اپنا مسکن

ہے لقب اونکا جہان میں تو شہنشاہِ زمن
سب ہے تمہارا تو نہ ہوسکے کوئی جنت کا چمن
اونکی خاطر سے کرو جاری ابھی شہر لبن
حور و قدسی کی زبان پہ یہی جاری تہا سخن

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

غور سے عاشقو دیکھو یہہ ذرا قدرت رب
ہو پہنچے افلاک پہ جس دم وہ شہنشاہِ عرب
پڑ گئی دھوم کہ وہ آئے شہنشاہِ لقب
ہر شجر نخل تھا واں وجد سے ہلتا تھا سب

مرحلے طے ہوئے افلاک کئی پہنچ وہ تب
ہو گیا ماندہ قمر دیکھ کے صورت کو عجب
جتنے دیکھے سے ہر آوینگے سب ہوں گے مطلب
برگ طوبیٰ سے نکلتی تھی یہہ آواز طرب

مرحبا سید مکی مدنی العربی دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

جب گئے عرش بریں پہ وہ جناب ذی جاہ
دیکھ حضرت کو وہ بولے کہ خدا سے آگاہ
کاش اس میں میں ہوتا تیری تم باللہ
تیری کیا خوبی ہے کیا شان ہے کیا تیری نگاہ

پئے تعظیم تو یوسف تھے کھڑے بر سر راہ
تیری صورت کا بشر کوئی نہیں ہے واللہ
تیرے ہی حسن کا شہرہ تھا جہاں میں آماہ ✣
دل و جان اپنا فدا کرتا ہوں تجھ پر اے شاہ

مرحبا سید مکی مدنی العربی ✣ دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

آپ محبوب الٰہی ہیں ثنا کیا ہو رقم
پہونچے فردوس میں وہ جبکہ رسول اکرم
بولے اسطرح وہ آداب بجا ہو کر باہم ✣
تم ہی محبوب خدا کے ہو شہنشاہ امم

آپکے نور سے دونوں یہ جہاں ہیں قائم
پیشوائی کے لیئے آئے خلیل و آدم ✣
یا رسول مدنی تم ہو شفیع عالم ✣
پھر خوشی ہو کے بہم بیٹھنے لگے دونوں بہم

مرحبا سید مکی مدنی العربی ✣ دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

بولے آدم کہ ہو معراج مبارک تم کو
ذات اقدس ہی سے ہے فخر سدا سر مجھکو
بہتریں خلق ہو اور حق کے پیارے تم ہو
پس وسیلے سے تمہارے ملے جنت سبکو

حق نے مختار کیا دونوں جہاں کا خوش ہو
پیدا حق تمکو نہ کرتا تو نہ کرتا کل کو ✣
شافع روز جزا امت عاصی تم ہو ✣
زہے ایسا بھلا مرتبہ ملا ہے کس کو

مرحبا سید مکی مدنی العربی ✣ دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

پہونچے جنت میں وہ محبوب خداوند جلیل
ہر سر راہ تو شربت لگی دان پہ سبیل
نہر کے چلنے لگے وان پہ فوارے ہی جمیل
تھے روشن پئے تعظیم کہیں اسمٰعیل

سونے چاندی کی بنی دیکھی وہ جنت کی فصیل
تھی ہر ایک جا تھے وہاں نور کی روشن قندیل
لہلہاتے تھے لدے میوؤں سے ہر جا نخیل
بیٹھے ہی بیٹھتے تھے کسی جا کھڑے ہو کے خلیل

مرحبا سید مکی مدنی العربی ✣ دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

ہوئے فردوس میں داخل وہ شہ ہر دو جہان
سونے ہیرے کے محل دیکھے تو حضرت نے وہاں
وان کی چیزیں تھے بیان کرنے سے قاصر تھے بیان

آپکے چہرہ پہ آثار خوشی کے تھے عیاں
ہر دو وہ اور سبھی کی دیکھیں تو تھی شربت روان
تھی عجب چیزیں نہ ہو جسکا ذرا سا بھی بیان

بولا رضوان کہ یہہ ہین آپکی امت کے سکان ۔ یا نبی روح میری آپ پہ ہووے قربان

مرحبا سید مکی مدنی العربی ۞ دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

ہر چمن مین شجر نور تھے جنت کے لگے ۔ سبزہ گنجان تھا اور سب مین لگے تھے غنچے
تھے ہر ایک قسم کے ہی پہول اونہونپر پہولے ۔ نخل کیا تھے کہ وہ تھے نور کے سانچے مین ڈہلے
جو کہ اوس پہول کو اس دنیا مین مردہ سونگہے ۔ واقعی سونگہتے فی الفور وہ زندہ ہو کے
پہاڑ کے وہ اپنا کفن دل سے وہ قربان ہوئے ۔ بس یہہ کہتا ہوا مرقد سے وہ اپنے نکلے

مرحبا سید مکی مدنی العربی ۞ دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

جسنے ایک مرتبہ کلمہ ہے محمد کا پڑہا ۞ ۔ مستحق جنت ماوی کا وہ بیشک ہی ہوا
باغ جنت کا بہی اب سنیگا احوال ذرا ۔ ہے کتابون مین بیان اوسکا بہت طول لکہا
باغ جنت مین ہر ایک ٹہنی مین تہا پہول کہلا ۔ بہینی خوشبو تہی ہر ایک گل مین نہایت زیبا
عطر سے زیادہ ہر ایک غنچہ مہکتا تہا بڑا ۞ ۔ ہر چمن سے اسی مضمون کی آتی تہی صدا

باغ فردوس کا کیا حال بیان ہووی بہلا ۔ تہی عجب نور تجلی تو وہان پر زیبا ۞
ہر شجر سونے کا چاندی کا لگا تہا اوس جا ۔ جلوہ نور خدا اون پہ برستا تہا بڑا ۞
اونکی شاخون مین زمرد کا لگا تہا پتا ۔ اور ہر ایک پتے پہ تہا نقش محمد لکہا
اور ہر ایک ڈالی پہ ایک اوسکے پرندہ بیٹہا ۔ وہ خوش الحانی سے بیٹہا ہوا کرتا یہہ ندا

مرحبا سید مکی مدنی العربی ۞ دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

لہہ کے میوہ لئے تہے ہر قسم کے جنت کے شجر ۔ سبز و سرخ ہر ایک نخل کی شاخون پہ ثمر
اور ہر ایک رنگ کے خوشے تہے لٹکتے اوپر ۔ اور ہر ایک قسم کے تہے وانپہ پرندے بہتر
سبزہ ایسا کہ جسے دیکہہ کے ٹہنڈی ہو نظر ۔ تہا وہ نرمی مین تو مخمل سے بہی زیادہ بڑہ کر
زرین طاؤس بہی پہرتے تہے روش کے اوپر ۔ کہتے تہے اپنی زبان مین یہہ صدا مین دیکر

مرحبا سید مکی مدنی العربی ۞ دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

جبکہ نے جنت کے تو ایک جا لگے قالین دہرے ۔ طشت کے طشت زمرد لئے غلمان تہے کہڑے
مسند جنت آبہ کسی طرف مین ٹہنڈے تہے پڑے ۔ تہے طہورا کے بہی ایک سمت دہرے چند گہڑے

حوضِ کوثر پہ کہیں جابجا کٹورے تھے دھرے
جام لبریز وہ شفاف تھے پانی کے بھرے
اوسمیں شبنم کے جھلکتے تھے بڑے سب قطرے
وہ بھی کرتے تھے یہی شوق میں آواز بڑے

مرحبا سید مکی مدنی العربی ٭ دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

حوریں لیجاتی تھیں فردوس میں حضرت کو مدام
دست بستہ ہی کھڑے رہتے تھے ہر وقت غلام
ہوتے جنت میں مشرف تھے سبھی خاص وعوام
شہر فردوس کے رضوان تو پلاتا وان جام
یہیں قدم آپکے دہو دہو کے وہ پیتی تھیں مدام
رہتے موجود تھے ہر قسم کے سب وانپہ طعام
اور پڑہا کرتے تھے حضرت پہ درود اور سلام
وقت رخصت کے یہہ حضرت سے کیا کرتا کلام

مرحبا سید مکی مدنی العربی ٭ دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

آپکا رتبہ تہا کیا شان تہی اسے صل علی
عرش اقدس پہ گئے جبکہ شہ ہر دوسرا
دی الوبکر نے ہر قفس کی اوسی وقت ندا
پہرتو آگئے کو بڑہے اور بہی حضرت اعلی
ایسا منصب نہیں حق نے تہا کسیکو بہی دیا
چہا گئی دلیمیں وہاں ہیبتِ حق جل وعلی
سنکے آواز یہہ اوسوقت میں دل ٹہر گیا
تب یہی آنے لگی پردۂ عصمت سے ندا

مرحبا سید مکی مدنی العربی ٭ دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

ایسا عالم میں نہیں کوئی نبی سے اصلا
ہیبتِ حق سے وہاں دلمیں بڑا تہا لرزا
کیا ہی خوش ذائقہ شیریں ولذیذ اوسکا مزا
نوری اوس جاپہ تو ایک وانپہ بڑا تہا پردا
سرور ہر دوسرا جیسے نبی تہیں یکتا
اتنے میں آگیا ایک عرش سے منہ میں قطرا
پہلے حضرت سے کسی نے تو نہیں تہا چکہا
بس اوسی پردہ سے یہہ ہی تو چلی آئی صدا

پہونچے جب خاص مکان پردہ شہ جن وبشر
پردہ اوس جاکا پڑا دیکہہ کے بولے سرور
رحم کر اپنا کرم پر تو میری امت پہ
لاکہہ صد شکر کروں ہونگا نہایت خوش تر
پردہ ایک سامنے چھوٹا ہوا آیا تھا نظر
ای خدا آگیا اب خاص ہوں تیرے در پر
بخشدیگا میری امت جو کہیں آج اگر
تب اوسیوقت یہہ ہاتف نے صدا دی آکر

مرحبا سید مکی مدنی العربی
دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

التجا آپ نے رو رو کے تو حق سے یہہ کی
حق نے فرمایا کہ امت تیری چندان بخشی
عرض کی آپ نے امت ہے گنہگار مری
دن قیامت کے ہین کردونگا راضی سبکی
چاہتا تجھ سے خداوند ہون بخشش انکی
کشتون کو نار جہنم سے نکالونگا ابھی
پہر ہوا حکم کہ محبوب نہ کر تو جلدے
پہر یہی پردہ وحدت سے صدا آنے لگی

مرحبا سید مکی مدنی العربی ✽ دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

ناگہان پہر تو اوٹھائے گئے پردہ وحدت
ملگئے حق سے اوسوقت ہمارے حضرت
بعد مدت کے ہوئے آپ وہان سے رخصت
سارے نبیونکو ہوئی آپکی وان پر زیارت
سامنے آگیا دیدار جناب عزت
ہے اسی قول محقق پہ تو بیشک کثرت
حور و غلمان سبہی کرتے تھے اوسجا خدمت
دی صدا غیب نے اوسوقت بشان و شوکت

مرحبا سید مکی مدنی العربی ✽ دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

عائشہ بی بی سے قصہ یہ بخاری مین لکھا
بو ہریرہ سے محقق ہے کہ نے شک دیکھا
مجکو ہر مصرع مین تعریف تو کرنا ہے روا
شب معراج کا ہوتا تھا ہر ایک جا چرچا
بالمشافہ نہین دیکھا ہے خدا کو اصلا
فہم مین آتا تو ان قولون کا مشکل سے برا
دل وجان آپ پہ قربان ہو ہر دم میرا
ملک و جن و بشر کرتے تھے ہر دم یہہ صدا

مرحبا سید مکی مدنی العربی ✽ دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

سال اٹھارہ رہے عرش بریں پر حضرت
سیر کرتے رہے ہر جا کی بشان و عظمت
اپنی امت پہ بہت دیکھی خدا کی رحمت
رہتے غلمان تھے کمر باندھے برائے خدمت
حق نے دی آپ کو سب نبیونسے زیادہ عزت
آپکے فیض سے پاتے رہے سب وان برکت
نظر آتی تہی ہر ایک جائے اوسکی قدرت
یہہ ندا کرتے تھے حضرت سے بوقت رخصت

مرحبا سید مکی مدنی العربی ✽ دل وجان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

آن واحد مین چلے آئے تھے گہر پر اپنے
صبح کو آتے جو صدیق مکان پر ملنے
ماجرا رات کا پہر دل سے لگے وہ سننے
لگی زنجیر تو حجرہ کی برابر ہلنے ✽
ذکر معراج لگے اونسے نبی سب کہنے
شوق سے ولولے سینہ مین لگے وان اوٹھنے

پہر تو معراج کی تصدیق لگے وان کرنے | اور اسی شعر کا مضمون لگے وہ پڑھنے

مرحبا سید مکی مدنی العربی ٭ دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

نعت کیا آپ کی لکھیگا بہلا مجھسا غبی | نہیں ممکن ہے ادا ہووے جو ذرہ سی کبہی
ہیں جہی عالم میں ہوں بادشاہ رسول عربی | شافع روز جزا آپ ہیں عالی نسبی
آپکی صورت انور کے ہیں مشتاق سبہی | کیا حقیقت ہے بہلا میری شہنشاہ نبی
کمترین شربت دیدار سے ہے تشنہ لبی | رحم سے لطف سے للہ بلا دیجئے ابہی

مرحبا سید مکی مدنی العربی ٭ دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

رتبے سب حق نے کیئے آپ کے بہتر ہیں رشید | آپکی شان میں نازل ہوا فرقان حمید
سارے نبیوں سے مراتب دیئے حق نے ہیں مزید | نہیں کیئے نفس کسی سے کہا سخت و شدید
یا رسول مدنی ہے سبب نہیں کچھہ بہی بعید | ہووے زیارت شہا دنیا میں ہر ایک سعید
آرزو ہے کہ زیارت کی ہو جب خلق کو دید | دستہ بستہ ہو کھڑے صدق ہی روز وعید

مرحبا سید مکی مدنی العربی ٭ دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی

ترجیع بند در بیان وفات شریف

باغ دنیا کے ہر ایک جا ہوئے خشک چمن | خلق میں پہیلا تہا ایک شور فغان شیخ و حسن
بلبل و فاختہ کرتی تہیں صدائے شیون | رو رو کہتے تہے ابوبکر کہ ای شاہ زمن

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد ٭ روی گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

فاطمہ گریہ سے کہتی تہیں کہ ای وائے پدر | چہوڑ بچوں کو کیا آپ نے دنیا سے سفر
ایک طرف کہتے تہے حسنین بصد سوز جگر | ایک طرف کہتے تہے رو رو کے جناب حیدر

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روی گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

غم سے گلشن میں ہر ایک سو کی پڑی تھی کیاری — رنج سے جن و بشر کرتے تھے آہ و زاری
ایک مصیبت تو صحابہ پہ پڑی تھی بھاری — عمر و عثمان کی زبان پر تو یہی تھا جاری

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

تھے صحابہ تو سراسیمہ و حیران شدید — در سے روتا تھا کوئی تو بحال مضطر
فی الحقیقت کوئی اوس جا کی تھا اپنا شدید — رو رو دیکھتا تھا وہاں تھام کے ہاتھوں سے جگر

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

ذکر اوس وقت کا ای یارو کرون کیا میں بیان — کوچہ و بستی میں ہر شخص کے آنسو تھے روان
در و دیوار سے گویا کہ قیامت تھی عیان — عائشہ کہتی تھیں رو رو کے بصد شور و فغان

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

غم میں حضرت کے تو روتے تھے اگرچہ سبھی — ایک گوشہ میں تھے غمگین بلال حبشی
یک طرف کہتے تھے سلمان کہ ای وائی نبی — مرتے تک بھی یہ بجا ہے کہ الم مجھ سے کبھی

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

واقعہ پیغمبر سے تو ہر ایک چشم تھی تر — در و دیوار سے روتا تھا کوئی تو ملک
فی الحقیقت دل انسان ہی نہیں تھے مضطر — بلکہ غمگین تھے صحرا میں ہر ایک نخل و حجر

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

غنچہ و گل سبھی اس غم میں تو کڑھتے تھے بکا — طیر و وحشی بھی اسی رنج میں کرتے تھے ندا
کیا کہ جن و بشر سکو وہاں تھا سکتا — در و دیوار مدینہ سے نکلتی تھی صدا

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد

رحلت خیر بشر سے تھی مصیبت بھاری ‏ ‏ غش ہر ایک شخص کو اوس جا پہ ہوا تھا طاری
سر کو دھنتا تھا کوئی اور کوئی کرتا زاری ‏ ‏ صدق اِن شعروں کے لکھنے میں بہت ہے عاری

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

قصیدہ بطور ترجیع بند ٭ وصف ہو شہ والا کا کیا کیا ٭ ہو بیان شہ کونین کا کیا کیا

کیا لکھوں شان نبی میں کیا پڑھوں نعت نبی میں ‏ ‏ شان میں اونکی ہے قرآن ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
ہو ثنا مجھ سے بھی کیا ہے زبان میری بھلا کیا ‏ ‏ ثنا خوان اونکا ہی رحمن ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
وصف کیا ہووے پیمبر نبیوں میں سب سے ہیں برتر ٭ ‏ ‏ ہے غلام اونکا رضوان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
نعت کیا لکھے محمد ہیں اونکو تو احمد ‏ ‏ ہووے حق جنکا ثنا خوان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
حق نے کیا رتبہ دیا ہے پیشوا کل کا کیا ہے ٭ ‏ ‏ جبرئیل اونکا ہے دربان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
میرا دل اونپہ گیا ہے میری جان اونپہ فدا ہے ‏ ‏ میری روح اونپہ ہو قربان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
رہبر سرالش و جان ہیں سرور کون و مکان ہیں ‏ ‏ مدح میں اونکی ہوں حیران ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
سرور پیر و سرا ہیں شافع روز جزا ہیں ٭ ‏ ‏ ہے لقب عالم میں سلطان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
منبع علم و حیا ہیں معدن جود و سخا ہیں ٭ ‏ ‏ ثنا خوان اونکے ہیں یزدان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
یا نبی مجھکو بلا لو یا نبی روضہ دکھا دو ‏ ‏ آنکھ سے جاری ہے طوفان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
یا نبی برقع اوٹھاؤ یا نبی جلوہ دکھاؤ ‏ ‏ ہووے دل زیارت سے فرحان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
یا نبی حق سے ملا دو یا نبی صوفی بنا دو ٭ ‏ ‏ یا نبی ہوں میں پریشان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
آپ جب پیدا ہوئے تھے سارے بت اوندھے گرے تھے ‏ ‏ خوف سے روتا تھا شیطان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
شہر میں کمبل بلا بھی تھی کسری کو دہشت بڑی تھی ‏ ‏ پھرتے تھے کافر پریشان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
کوہ میں گویا حجر تھے دشت میں گویا شجر تھے ‏ ‏ باغ میں غنچے تھے خندان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
قحط میں عالم پڑا تھا سب شجر سوکھا کھڑا تھا ‏ ‏ باغ میں پھولا ہے ریحان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
غنچہ و گل کی صدا ہے سرد ہوا جھونکا چلا ہے ‏ ‏ بلبلیں ہوتی ہیں فرحان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا
مولد خیر الوریٰ ہے نعرہ صل علیٰ ہے ‏ ‏ مٹتے ہیں بانیہ تو عصیان ہو بیان شہ والا کا کیا کیا

ہے آرزو مجکو تو یثرب رات دن یہی مطلب — یا خدا کر دے تو ساماں ہو بیاں شہ والا کا کیا
ای اجل مہلت دے تھوڑی سی ہو نہیں شتابی جلدی — نکلینگے میرے تو ارمان ہو بیان شہ والا کا کیا
جانا ہو یثرب جو میرا بگڑے کچھ ہرگز نہ تیرا — مجھ پہ ہو تیرا تو احسان ہو بیان شہ والا کا کیا
وہ بشر دیکھے نہ دوزخ پاوے وہ جنت کے کو نشاں — جو پڑھے دل سے قرآن ہو بیاں شہ والا کا کیا
اونکا تو جنت مکان ہے نور کا اوس پہ نشان ہے — آپ پر لائے جو ایمان ہو بیان شہ والا کا کیا
وہ کبھی اُف تک نہ کہتے کسی پر غصہ نہ کرتے — رکھتے تھے نوکر نہ دربان ہو بیان شہ والا کا کیا
جا تا تھا رفرف ہوا پہ فوقیت رکھتا تھا سب پہ — اوڑتا کم تخت سلیمان ہو بیان شہ والا کا کیا
شعر لکھا مضمون نیا ہے نعت میں دیوان بنا ہے — سنے جو ہو وے وہ شادان ہو بیان شہ والا کا کیا
صدق کیا لکھے غزل کو چھوڑا ہے ساری نثر کو — ہو گیا پورا ہے دیوان ہو بیان شہ والا کا کیا

جنت کو کیا کرونگا ہوں میں غلام تیرا
قدموں تلے رہونگا ہے یہہ مقام میرا

ترجیع بند

کوچہ تیرا ہے جنت سے سب سے اعلیٰ بہتر
ہے گرد اوسکی بے شک لاریب مثلِ عنبر
ہے عطر سے بھی زیادہ خوشبو میں وہ معطر
جس آنکھ میں پڑے وہ ہو جاوے وہ معنبر

جنت کو کیا کرونگا ہوں میں غلام تیرا
قدموں تلے رہونگا ہے یہہ مقام میرا

ہو آپ بندہ پرور ہو دو جہان کے سرور
مجھ سا نہو گا کمتر دنیا میں آہ احقر
ہو والی آپ رہبر جن و ملک کے افسر
للہ کرم ہو مجھ پر یا خاتمِ پیمبر

جنت کو کیا کرونگا میں ہوں غلام تیرا
قدموں تلے رہونگا ہے یہہ مقام میرا

تیرا ذکر ہر مکان میں تیری نعت ہر زبان میں
تیرا وصف ہے قرآن میں نہیں اور کسی گمان میں
تیری پہونچ لامکان میں نہیں اور کسی جہان میں
تیرا نور جسم و جان میں تیری روشنی جہان میں

تیری خوبی بحر و بر مین تیری تاب ہر گہر مین — تیرا فیض ہر ثمر مین تیرا درد ہر جگر مین +
تیرا ذکر ہر حجر مین تیرا نور ہر شجر مین — تیری روشنی قمر مین تیرا جلوہ ہر نظر مین +

جنت کو کیا کرونگا ہون مین غلام تیرا
قدمون تلے رہونگا ہے یہہ مقام میرا +

تو ہی خواجہ ہے امامی تو ہی مولا ہے تمامی — تو ہی عالی ہے مقامی تیری ذات ہے گرامی
تیرا نور ہے دوامی تیرا فیض ہے مدامی — تو ہی رب سے ہے کلامی تجھے بھیجے ہین سلامی

جنت کو کیا کرونگا ہون مین غلام تیرا
قدمون تلے رہونگا ہے یہہ مقام میرا

تیرا حکم سب سے بالا تیرا جگ مین ہے اجالا — اس نفس بد نے مجکو ہے جھگڑون مین ڈالا
ہمین قابو مین یہہ دل ہے کیون کیا حضور والا — فریاد ہے یہہ تجھہ سے ای میرے شاہ والا

جنت کو کیا کرونگا ہون مین غلام تیرا
قدمون تلے رہونگا ہے یہہ مقام تیرا

تیرا ذکر ہر فلک پر تیرا حکم سب ملک پر — تو ہی عالی ہے پیمبر تو ہی والی ہے سفر پر
تو ہی سرورون کا سرور تیرا نام ہے لبون پر — تیرا وصف ہے زبان پر یہی عرض ہے مکرر

جنت کو کیا کرونگا ہون مین غلام تیرا
قدمون تلے رہونگا ہے یہہ مقام میرا

ہیرون سچ اور قلق مین گئی عمر حق و بق مین — تیری روشنی افق مین تیرا جلوہ ہی شفق مین
تیرا ذکر ہر طبق مین تیری یاد لق و دق مین — قرآن تیرے حق مین تیرا وصف ہر ورق مین

جنت کو کیا کرونگا ہون مین غلام تیرا
قدمون تلے رہونگا ہے یہہ مقام میرا

پردہ تیرا اوٹھا دے چہرہ ہمین دکھا دے — رنجور ہے طبیعت جلدی کوئی دوا دے
ہے اب سقیم حالت زیارت ہمین کرا دے — تیری دید کے ہین پیاسے شربت کوئی پلا دے

جنت کو کیا کرونگا ہون مین غلام تیرا
قدمون تلے رہونگا ہے یہہ مقام میرا

ہین آپ ہی مطہر ہین آپ ہی منور
فرماوے رب اکبر ہے آپ کا نہ ہمسر
ہین آپ سب سے برتر ہین آپ سب کے بہتر
ہے صدق کی زبان پہ یہہ شعر اب مکرر

جنت کو کیا کرونگا ہون مین غلام تیرا
قدمون تلے رہونگا ہے یہہ مقام میرا

ہے صدق یہہ پکارا ہے عشق کا یہہ مارا
ہے آپکا سہارا ہے آپ ہی کا یارا
کس روز ہوا اشارا کس روز یہہ نظارا
نہین ہند مین گذارا لو اب بلا خدارا

جنت کو کیا کرونگا ہون مین غلام تیرا
قدمون تلے رہونگا ہے یہہ مقام میرا

ترجیع بند

آئے ہین تیرے در پہ محروم کر نہ ہمکو
ہم ہین غلام تیرے تو کر لے اپنا ہمکو

پل مین گدا بنادے پل مین شہا بنادے
رہ ملنے کی بتادے حق سے ہمین ملادے
چاہے جو کچھہ کرادے چاہے جو کچھہ دلادے
برقع ذرا اوٹھادے جلوہ ہمین دکھادے

جنت کو کیا کرینگے تیرے رہین ہم غلامی
یہی عرض ہے تمامی پہونچے تجھے سلامی
کوچہ ترا ہے جنت فردوس سے مقامی
تیرا ذکر رہ مدامی تیری یاد رہ دوامی ✤

تیری بو ہر ایک گل مین تیرا رنگ ہر چمن مین
تیرا وصف ہر دہن مین تیری خوبی ہر سخن مین
تیرا ذکر ہر دل مین تیرا نور جسم و تن مین
تیری مدح ہر سخن مین تیرا جلوہ دشت و بن مین

آئے ہین تیرے در پہ محروم کر نہ ہمکو
ہم ہین غلام تیرے تو کر اپنا ہمکو ✤

ہے تیرا یہی فرمان آدین جو طیبہ انسان
جو ہون بشر پریشان آنکھین ہون اونکی گریان
مٹ جاوین اونکے عصیان محبوب ہو وہ رحمٰن
پڑھتے رہین وہ قرآن ہو رحم اونپہ سبحان

✤ آئے ہین تیری در پر آئے ہین تیرے در پر

